صلی اللہ علیہ وسلم

# سیرت کوثر

بہ : لطف اللہ گوہر

بہ تجدید نظر

سعید مرتضےٰ زیدی

اُستاد، گورنمنٹ کالج لاہور

Marfat.com

996

صلی اللہ علیہ وسلم

# سیرت کوئز

(سیرت نبویؐ کے بارے میں معلومات کا جامع انسائیکلوپیڈیا)


ترتیب و تشکیل

لطف اللہ گوہیر

معاون

طارق محمود

بہ تجدید نظر

سعید مرتضیٰ زیدی

اُستاد گورنمنٹ کالج لاہور



اورینٹ پبلشرز

راحت مارکیٹ

اردو بازار لاہور



Marfat.com

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

58732

منتظم ——— محمد خالد قریشی

مطبع ——— محمود ریاض پرنٹرز، ریٹیگن روڈ لاہور

اشاعت ——— ۱۹۸۷ء

کتابت ——— خالد جاوید بٹ

تعداد ——— ۱۰۰۰

قیمت ——— ۱۵ روپے

Marfat.com

996

# انتساب

اس ایک پل کے نام
جس میں
شہر آذر سے دور، کچھ دور
خوشبوؤں کے سحاب برسے
حرا کے غاروں میں نور ابھرا
اس ایک لمحے کے نام
جس میں
مختصر سے وہ لفظ گونجے
جو روشنی کے پیامبر تھے
جو سچ کی راہوں کے راہبر تھے!

Marfat.com

Marfat.com

# فہرست


| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| دیباچہ | ۷ |
| تعارف | ۹ |
| مستند شجرہ مبارک | ۱۱ |
| ۱۔ آنحضرتؐ کے آباؤ اجداد اور خاندانی پس منظر | ۱۳ |
| ۲۔ ولادتِ رسولؐ سے منزل نبوت تک | ۱۸ |
| ۳۔ مکی زندگی کے ۱۳ سال | ۲۹ |
| ۴۔ ہجرت مدینہ | ۴۱ |
| ۵۔ مدنی زندگی | ۴۷ |
| ۶۔ آنحضرتؐ کی ازواجِ مطہرات | ۱۱۳ |
| ۷۔ آنحضرتؐ کی اولاد | ۱۳۵ |
| ۸۔ متفرقات | ۱۴۷ |
| ۹۔ نسب نامہ: پیغمبر اعظم و آخرؐ | ۱۵۸ |
| ۱۰۔ آنحضرتؐ کا تاریخ ساز خطبہ "حجۃ الوداع" | ۱۶۴ |
| ۱۱۔ ماخذ | ۱۶۷ |


Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دیباچہ

آیا ہے ترا اسم مبارک میرے لب پر!
گرچہ یہ زباں اس کی سزا وار نہیں ہے!

کسی پاکیزہ لمحے، جب میں نے اس کتاب کو مرتب کرنے کا ارادہ کیا تو میرا خیال تھا کہ یہ کام چند ماہ سے زیادہ کا نہ ہوگا. مگر جب اس شہر ہزار در میں قدم رکھا تو ہر لحظہ اک نئے عالم سے روشناس ہوا. تحقیق کے فطری جذبے نے سر ابھارا اور صحیح سے صحیح تر معلومات کی تلاش میں وقت کا احساس بھی نہ رہا.

مجھے اعتراف ہے کہ سیرت رسولؐ پر لکھی ہوئی تصانیف میں محققین کے ہاں بے شمار اختلافات پائے جاتے ہیں۔ زیر نظر کتاب کو مرتب کرتے وقت ان تمام اختلافات کا حوالہ دینا ممکن نہیں تھا اس لئے میری تمام تر کوشش یہی رہی کہ مستند مورخین کی رائے کے مطابق اختلافی معاملات کا زیادہ سے زیادہ درست اور متفقہ جواب تلاش کیا جائے اور اگر ضروری ہو تو اختلاف کی صورت میں وضاحت

Marfat.com

بھی کر دی جائے۔ مجھے خوشی ہے کہ مجھے پیغمبر اعظم و آخرؐ کی سیرت پر زیادہ سے زیادہ پڑھنے، درست سے درست تر معلومات حاصل کرنے اور ان کو یک مشت اکٹھا کر کے قارئین تک پہنچانے کی سعادتِ عظیم نصیب ہوئی۔

زیرِ نظر کتاب کی ترتیب و تشکیل میں میری سب سے زیادہ معاونت میرے دوست طارق محمود نے کی جن کا میں انتہائی شکر گزار ہوں۔ میں جناب پروفیسر سعید مرتضٰے زیدی (انچارج راوینز کویز سوسائٹی۔ گورنمنٹ کالج لاہور) کا بھی تہہ دل سے احسان مند ہوں جنہوں نے اس کتاب کی تیاری سے اشاعت تک ہر مرحلہ پر میری مشفقانہ راہنمائی فرمائی۔

آخر میں میں پورے اعتماد سے اس دعا کیساتھ اپنی یہ کاوش قارئین کی نظر کرتا ہوں کہ یہ ہوا کے دوش پہ رکھی خوشبو ثابت ہو۔

۱۶ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ

لطف اللہ گوہیر

نائب صدر

راوینز کویز سوسائٹی

گورنمنٹ کالج لاہور

Marfat.com

# تعارف

اس عظیم کتاب "سیرت کوئز" کے بارے میں جسے میرے ایک نامور شاگرد "لطف اللہ گوہر" نے مرتب کیا ہے چند سطور لکھنا میرے لئے بے حد موجب اطمینان و مسرت ہے۔ میری رائے میں یہ کتاب پیغمبر خدا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے بارے میں جامع معلومات مہیا کرتی ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے اس عزیز شاگرد کو یہ توفیق و حوصلہ عطا کرے کہ وہ آئندہ بھی ایسی عظیم و مفید کتابیں تصنیف کر سکے۔

ڈاکٹر مستنصر باللہ
اسسٹنٹ پروفیسر
علامہ اقبال میڈیکل کالج لاہور

لطف اللہ گوہر ذہین و فطین نوجوان ہیں تعلیمی سرگرمیوں کیساتھ ان کے دوسرے مشاغل بھی تعمیری اور تخلیقی ہیں۔ ذہنی آزمائش کے مقابلوں میں حصہ لیتے لیتے انہوں نے اپنے ذہن کو معلومات کا ذخیرہ بنا لیا ہے اور اپنے ذخیرے کو بانٹنے کے لئے کتابوں کی تصنیف و تالیف کی طرف مائل ہوئے ہیں ان کی کتاب سیرت کوئز قابلِ قدر کوشش ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے سوال وجواب کے پیٹرن پر تاریخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم مرتب کرنے کی سعی کی ہے جس کی تعریف کی جانی چاہیئے اس سے ذہنی آزمائش کے مقابلوں میں حصہ لینے والوں کو تو فائدہ ہوگا ہی۔ عاشقینِ رسول بھی مستفید ہوں گے۔

حفیظ طاہر
پروڈیوسر
پاکستان ٹیلی ویژن لاہور

Marfat.com

تاریخ اسلام کے حوالے سے اب تک بے شمار کتابیں لکھی جا چکی ہیں اگر ہم سیرت طیبہؐ پر لکھی جانے والی کتابوں کا اندازہ لگائیں تو یہ تعداد ہزاروں تک جا پہنچتی ہے لیکن ان کے لکھنے والوں میں سے اکثر و بیشتر کا نقطۂ نظر ایک ہے مگر اسلوب مختلف۔ کچھ اہل قلم ایسے بھی ہیں جنہوں نے تاریخ اسلام پر نہایت عالمانہ اور محققانہ تصانیف تحریر کی ہیں۔ سیرتؐ کے موضوع پر لطف اللہ گوہر صاحب کی کتاب اس اعتبار سے انفرادیت کی حامل ہے کہ انہوں نے اس کتاب میں تحقیقی انداز اختیار کیا ہے اور ہر بات ناپ تول کر کہی ہے۔

اس کتاب میں لطف اللہ گوہر نے حضور نبی کریمؐ کی سیرت کے اہم واقعات سے متعلق معلومات کو ایسے پیرائے میں سوالاً جواباً یکجا کیا ہے کہ تشنگی کا احساس نہیں ہوتا۔ اس کتاب کی اشاعت تاریخ اسلام پر سوالاً جواباً لکھی جانے والی کتابوں میں ایک گرانقدر اضافہ ہے۔ مؤلف نے جس عرق ریزی اور جذبے سے اس کتاب کو مرتب کیا ہے وہ لائق صد تحسین و ستائش ہے۔

میں ان کو اس کوشش پر ہدیۂ تبریک و تہنیت پیش کرتا ہوں اور پھر میرے لیے یہ امر اور بھی مسرت کا باعث ہے کہ لطف اللہ گوہر گورنمنٹ کالج لاہور کی فعال ترین راوینز کوئز سوسائٹی کے نائب صدر رہیں اور خود کئی ایک کوئز مقابلوں میں شرکت کر کے کالج کے لیے اعزازت حاصل کر چکے ہیں۔ اُمید ہے کہ اس کتاب کی بدولت اسلام اور تاریخ اسلام سے متعلق اہم نکات مبتدی قلیل وقت میں احسن طریقے سے ذہن نشین کر سکے گا۔

**محمد اعجاز بٹ**

صدر راوینز کوئز سوسائٹی گورنمنٹ کالج لاہور

Marfat.com

# آنحضرتؐ کا مستند شجرہ مبارک

عدنان

معد

نزار

مضر

الیاس

مدرکہ (عمرو)

خزیمہ

کنانہ

نضر (قیس)

مالک



Marfat.com

فہر

غالب

لوئیؓ

کعب

مرّہ

کلاب (حکیم)

قصیؓ (زید)

عبدالمناف (مغیرہ)

ہاشم (عمرو)

عبدالمطلب (عامر)

عبداللہ (عبدالدار)

محمدؐ

Marfat.com

# سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## آنحضرتؐ کے آباؤ اجداد اور خاندانی پس منظر

سوال: آنحضرتؐ کا سلسلہ نسب کن پیغمبر سے جاکر ملتا ہے؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ۔

سوال: آنحضرتؐ کا سلسلہ نسب حضرت ابراہیمؑ سے ان کے کس بیٹے کے توسط سے ملتا ہے؟

جواب: حضرت اسماعیلؑ

سوال: حضرت اسماعیلؑ کے کتنے فرزند تھے؟

جواب: ۱۲ (بارہ) نابت، قیدار، ادبیل، ملبام، سمعا، دومہ، منا، جدو، تیمہ، نفیس، قیدماہ، وطور

سوال: حضرت اسماعیلؑ کے بارہ بیٹوں میں سے کون حجاز میں آباد ہوا؟

جواب: قیدار

سوال: حضرت محمدؐ کا سلسلہ نسب حضرت اسماعیلؑ سے ان کے کس بیٹے کے توسط سے ملتا ہے؟

جواب: قیدار

سوال: آنحضرتؐ کا سلسلہ نسب کہاں تک متفقہ طور پر مستند ہے؟

جواب: عدنان تک

سوال: آنحضرتؐ کے آباؤ اجداد میں ایک شخصیت کو انکی بہادری کی وجہ سے "قریش" کا لقب ملا اور اور قبیلہ بنو قریش کی بنیاد پڑی ان بزرگ ہستی کا نام بتایئے؟

جواب: فہر

سوال: فہر کے عہد میں یمن کے ایک حکمران نے خانہ کعبہ کو ڈھانے کے لئے لشکر کشی کی اور شکست کا سامنا کیا۔ اس حکمران کا نام بتائیں؟

جواب: تبع حسان

سوال: آپ کے آباؤ اجداد میں ایک شخصیت کا نام حکیم، کنیت ابو زہرہ تھی مگر "کلاب" کے نام

Marfat.com

سے مشہور ہوئے۔ کیوں؟

جواب: شکاری کتے پالنے کی وجہ سے۔

سوال: قمر البطحاؐ آپؐ کے آباؤاجداد میں سے ایک بزرگ ہستی کا لقب ان کے حسن وجمال کی وجہ سے مشہور ہوگیا؟ نام بتائیں؟

جواب: عبد المناف

سوال: آنحضرتؐ کے پردادا ہاشم کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عمرو

سوال: آپؐ کے پردادا کا نام ہاشم کیوں پڑا؟

جواب: ایک بار قحط سالی کے ایام میں گوشت اور شوربے میں روٹیاں توڑ کر کھلائیں، ہشم ٹکڑے ٹکڑے کرنے کو کہتے ہیں اس سے ہاشم نام پڑا۔

سوال: آنحضرتؐ کی پردادی کا نام کیا تھا؟

جواب: سلمٰی

سوال: آنحضرتؐ کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب: عبد المطلب۔

سوال: آپؐ کے دادا عبد المطلب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عامر

سوال: آپؐ کے دادا حضرت عبد المطلب کس لقب سے مشہور تھے؟

جواب: شیبہ

سوال: آپؐ کے دادا عبد المطلب شیبہ کے نام سے کیوں مشہور ہوئے؟

جواب: پیدائشی طور پر سر کے بال سفید تھے۔ شیبہ کا مطلب ہے سفید بالوں والا

سوال: آپؐ کے دادا کا نام عبد المطلب کیوں پڑا؟

جواب: ہاشم (عبد المطلب کے والد) کی وفات کے بعد ان کے چچا مطلب انہیں مکہ لائے تو اہل مکہ نے انہیں غلطی سے مطلب کا غلام سمجھا اور "عبد المطلب" کہنے لگے۔

سوال: حضرت عبد المطلب کے زمانہ میں کونسا مشہور واقعہ ظہور پذیر ہوا جس کا ذکر قرآن پاک میں بھی ہے؟

Marfat.com

جواب: واقعۂ فیل

سوال: حضرت عبدالمطلب کے زمانے میں کس ملک کے بادشاہ نے کعبہ کو ڈھانے کا قصد کیا۔ اس بادشاہ کا نام بتایئے؟

جواب: یمن کا بادشاہ، ابرہہ

سوال: آنحضرتؐ کے والد محترم حضرت عبداللہ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عبدالدار

سوال: آنحضرتؐ کی ولادتِ سعید حضرت عبداللہ کی وفات کے کتنے عرصہ بعد ہوئی؟

جواب: چھ ماہ بعد

سوال: حضرت عبداللہ نے کتنے برس کی عمر میں وفات پائی؟

جواب: ۲۵ سال

سوال: آنحضرتؐ کی دادی کا کیا نام تھا؟

جواب: فاطمہ بنت عمرو

سوال: آنحضرتؐ کے دادا حضرت عبدالمطلب کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ابوالحارث

سوال: آنحضرتؐ کے والد کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ابوقثم (بعد میں ابومحمد اور ابوالاحمد)

سوال: آنحضرتؐ کے نانا کا کیا نام تھا؟

جواب: وہب بن عبدالمناف

سوال: آنحضرتؐ کے والد حضرت عبداللہ کا انتقال کہاں پر ہوا؟

جواب: یثرب (مدینہ منورہ)

سوال: کس قبیلہ نے چاہِ زم زم بند کروا دیا تھا اور کس قبیلہ کے سردار نے اسے دوبارہ تلاش کروا کے صاف کروایا؟

جواب: قبیلہ بنو جرہم۔ قبیلہ قریش کے سردار حضرت عبدالمطلب نے

سوال: آنحضرتؐ کے والد عبداللہ اور والدہ آمنہ کا نسب کس پر جا کر ملتا ہے؟

جواب: کلاب پر

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کے ایک جدِ امجد اپنے بلند مرتبہ اور بزرگی کی وجہ سے "عمرو العلاء" کے لقب سے مشہور ہوئے نام بتایئے؟

جواب: ہاشم

سوال: آنحضرتؐ کی نانی کا اسمِ گرامی کیا تھا؟

جواب: برّہ بنتِ عبد العزّیٰ

سوال: بتایئے "ابو البطحا" اور "سید البطحا" کن کے القاب تھے؟

جواب: ہاشم کے

سوال: آپؐ کے دادا حضرت عبد المطلب کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: حجون کے مقام پر (مکّہ معظمہ میں)

سوال: حضرت عبد المطلب نے چاہِ زم زم کھودنے کا فیصلہ کیا تو قریش نے مخالفت کی اس کام میں ان کے صرف ایک بیٹے نے ان کا ساتھ دیا۔ نام بتایئے؟

جواب: حارث بن عبد المطلب

سوال: حضرت عبد المطلب نے منت مانگی تھی کہ اگر خدا انہیں دس بیٹے عطا کرے جو جوان ہو کر ان کے دست و بازو بنیں تو وہ ایک بیٹا خدا کی راہ میں قربان کریں گے۔ دعا قبول ہوئی تو قرعہ کس کے نام نکلا؟

جواب: حضرت عبد اللہ

سوال: قریش کے مشورے اور ایک عرّافہ (خیبر کی) کے کہنے پر عبد المطلب نے حضرت عبد اللہ کے بدلے کتنے اونٹ قربان کیے؟

جواب: ایک سو (۱۰۰ اونٹ)

سوال: حضرت عبد اللہ شام کے سفر سے مدینہ میں ایک کاروبار کی وجہ سے ٹھہرے اور بیمار ہو کر وفات پا گئے۔ بتایئے وہ کس کاروبار کے سلسلے میں مدینہ میں ٹھہرے تھے؟

جواب: کھجوروں کے کاروبار کے سلسلے میں

سوال: آپؐ کی والدہ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

جواب: بنو زہرہ

سوال: آنحضرتؐ کا تعلق قریش کے کس سلسلے (خاندان) سے تھا؟

Marfat.com

جواب : بنو ہاشم

سوال : آنحضرتؐ کے کتنے چچا تھے ؟

جواب : گیارہ ۱۔ زبیر ۲۔ حارث ۳۔ ابوطالب ۴۔ حمزہ ۵۔ حجل ۶۔ مقوم ۷۔ عباس ۸۔ ضرار ۹۔
قثم ۱۰۔ ابولہب ۱۱۔ غیدق۔

سوال : آنحضرتؐ کے حقیقی چچاؤں کے نام بتائیں ؟

جواب : زبیر، ابوطالب

سوال : آنحضرتؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جو شاعر بھی تھے ؟

جواب : حضرت زبیر بن عبد المطلب

سوال : آنحضرتؐ کے چچا حضرت حمزہؓ کی والدہ کا نام بتایئے ؟

جواب : ہالہ بنت وہب بن عبد المناف

سوال : آنحضرتؐ کے چچا حضرت ابوطالب کا اصل نام کیا تھا ؟

جواب : عبد مناف

سوال : آنحضرتؐ کے کتنے چچا مسلمان ہوئے ؟

جواب : دو۔ حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ

سوال : آنحضرتؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جو اسلام لائے اور آنحضرتؐ کی وفات کے بعد
فوت ہوئے ؟

جواب : حضرت عباسؓ

سوال : آپؐ کے چچا ابولہب کا اصل نام کیا تھا ؟

جواب : عبد العزیٰ

سوال : آنحضرتؐ کی عمات (پھوپھیوں) کے نام بتایئے ؟

جواب : ۱۔ اُم حکیم (بیضاء) ۲۔ برّہ ۳۔ عاتکہ ۴۔ امیمہ ۵۔ اروی ۶۔ صفیہ

سوال : کیا یہ درست ہے کہ حضرت صفیہؓ آنحضرتؐ کی حقیقی پھوپھی تھیں ؟

جواب : جی نہیں

سوال : آپؐ کے چچا حضرت عباسؓ کی کنیت کیا تھی ؟

جواب : ابو الفضل

Marfat.com

سوال: آپؐ کے چچا حضرت ابوطالب نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب: اسّی سال (۸۰ سال)

سوال: آپؐ کی اس چچی کا نام بتایئے جو آپؐ کی راہوں میں کانٹے بچھایا کرتی تھی؟

جواب: ام جمیل (اروی) بنت حرب، زوجہ ابولہب

سوال: آنحضرتؐ کی اس پھوپھی کا نام بتایئے جو آنحضرتؐ کی زوجہ حضرت خدیجہؓ کی بھابی تھیں؟

جواب: حضرت صفیہ بنتؓ عبدالمطلب

سوال: آنحضرتؐ کی اس پھوپھی کا نام بتایئے جنہوں نے غزوۂ خندق میں ایک یہودی کو قتل کیا تھا؟

جواب: حضرت صفیہؓ

سوال: بوقتِ وفات آنحضرتؐ کی والدہ ماجدہ کی عمر کیا تھی؟

جواب: تیس سال (۳۰ سال)

سوال: "ابوعمارہ" آنحضرتؐ کے کن چچا کی کنیت تھی؟

جواب: حضرت حمزہؓ

سوال: آنحضرتؐ کے کونسے چچا لنگڑا کر چلتے تھے؟

جواب: حضرت ابوطالبؓ

سوال: حضرت آمنہ کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب: مکہ مکرمہ میں

سوال: حضرت آمنہ نے کہاں انتقال فرمایا؟ اور کہاں دفن ہوئیں؟

جواب: ابواء کے مقام پر، یہیں دفن ہوئیں

سوال: حضرت عبداللہ کا انتقال شادی کے کتنے عرصہ بعد ہوا؟

جواب: تین ماہ بعد

## ۲۔ ولادتِ سعید سے منزلِ نبوت تک

سوال: آنحضرتؐ کب پیدا ہوئے؟

جواب: ۹ ربیع الاوّل سنہ عام الفیل، ۲۰ اپریل ۵۷۱ء

(ابن خلدون کے مطابق ۱۲ ربیع الاوّل ہے بعض جگہ ۲۲ اپریل ۵۷۱ء بھی آیا ہے۔

Marfat.com

سوال : آپ کی ولادتِ سعید واقعہ فیل کے کتنے دن بعد ہوئی ؟

جواب : ۵۵ دن بعد صبح صادق کے بعد طلوعِ آفتاب سے پہلے ۔

سوال : آنحضرتؐ کی ولادت ہفتہ کے کس روز ہوئی ؟

جواب : دوشنبہ (پیر)

سوال : آنحضرتؐ کی ولادت کس موسم میں ہوئی ؟

جواب : موسم بہار میں

سوال : آنحضرتؐ کی ولادت کے وقت کعبہ میں کتنے بت موجود تھے ؟

جواب : تین سو ساٹھ (۳۶۰ بت)

سوال : آنحضرتؐ کی دایہ کون تھیں ؟

جواب : شفاء (حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ کی والدہ)

سوال : آپؐ کی ولادتِ سعید کے فوراً بعد آپؐ کے دادا آپؐ کو کہاں لے گئے ؟

جواب : خانہ کعبہ میں

سوال : آنحضرتؐ مکہ کے کس علاقے میں پیدا ہوئے ؟

جواب : سوق اللیل

سوال : آپؐ کا نام محمدؐ کس نے رکھا اور اس کا لغوی مطلب کیا ہے ؟

جواب : حضرت عبدالمطلب نے ، ممدوح (تعریف کیا ہوا)

سوال : قریش نے جب روائتی ناموں سے ہٹ کر "محمدؐ" کا نام سنا تو تعجب کا اظہار کیا اس پر حضرت عبدالمطلب نے کیا فرمایا ؟

جواب : "میری خواہش ہے کہ میرا بچہ دنیا کا ممدوح بنے"

سوال : آپؐ کا عقیقہ ولادت کے کتنے دن بعد کیا گیا ؟

جواب : سات دن (یعنی ساتویں دن)

سوال : آپؐ کے عقیقے میں کتنے جانور ذبح کئے گئے ؟

جواب : ایک دنبہ

سوال : انجیل میں آنحضرتؐ کا کیا نام آیا ہے ؟

جواب : فارقلیط

Marfat.com

س : آپؐ کا نام "احمد" قرآن میں کس جگہ آیا ہے؟

جواب : ۲۸ ویں پارے میں آیت نمبر ۶ سورۃ صف

سوال : آپؐ کا نام "احمد" کس نے رکھا۔ اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب : آپؐ کی والدہ، حضرت آمنہ نے، حمد وثنا کرنے والا

سوال : آپؐ کی والدہ نے آپ نام "احمد" کیوں رکھا ؟

جواب : رویائے صادقہ کی بنا پر

سوال : حضرت حلیمہ سعدیہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

جواب : قبیلہ بنو ہوازن یا بنی سعد سے

سوال : حضرت حلیمہ سعدیہ کے والد کا نام بتایئے؟

جواب : ابی ذوئیب السعدی

سوال : آپؐ کی والدہ نے آپؐ کو حضرت ثوبیہ کے حوالے کب کیا ؟

جواب : پیدائش کے دو تین دن بعد

سوال : آپؐ کی والدہ نے آپؐ کو حلیمہ سعدیہؓ کے سپرد کب کیا ؟

جواب : جب آپؐ آٹھ دن کے تھے .

سوال : آنحضرتؐ کے رضائی والد کا نام کیا تھا ؟

جواب : حضرت حارث بن عبدالعزیٰ رضی

سوال : کیا حضرت حلیمہ سعدیہ اور ان کے شوہر نے اسلام قبول کیا ؟

جواب : حارث بن عبدالعزیٰ مکہ آئے اور اسلام قبول کیا۔ اس کے علاوہ حضرت حلیمہ سعدیہ کا اسلام لانا بھی ثابت ہے۔

سوال : حضرت حلیمہؓ کے اس بیٹے کا نام بتایئے جنہوں نے آپؐ کے ساتھ دودھ پیا تھا؟

جواب : حضرت عبداللہ بن حارث

سوال : کیا حضرت عبداللہ بن حارثؓ نے اسلام قبول کیا؟

جواب : جی ہاں

سوال : غزوہ حنین میں قبیلہ بنو ہوازن کو شکست ہوئی تو اسیروں میں آپؐ کی ایک رضاعی بہن بھی تھیں آپؐ نے انہیں پہچان کر ان کے بیٹھنے کے لئے اپنی چادر بچھادی اور بڑی قدر و مدارت

Marfat.com

کی. ان کا نام بتائیں ؟

جواب : حضرت حذافہ (شیماء)

سوال : کیا آنحضرتؐ کی رضاعی بہن حضرت حذافہ (شیماء) نے اسلام قبول کیا یا نہیں ؟

جواب : وہ مسلمان ہو گئیں ۔

سوال : آپؐ کو حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے سپرد کس تاریخ کو کیا گیا ؟

جواب : ۱۶ ربیع الاول ۵۲ قبل از ہجرت بمطابق ۲۷ اپریل ۵۷۱ء

سوال : حلیمہ سعدیہ کی کونسی صاحبزادی آپؐ کو کھلاتی پلاتی تھیں اور آپؐ کی دیکھ بھال کرتی تھیں ؟

جواب : شیماء

سوال : ۵۰ قبل ہجرت مطابق ۵۷۳ء میں دو برس بعد جب مدت رضاعت ختم ہو گئی تو حضرت حلیمہؓ آپؐ کو لے کر مکہ گئیں تو آپؐ کی والدہ نے آپؐ کو مزید چار برس کے لئے حضرت حلیمہؓ کے سپرد کر دیا۔ کیوں ؟

جواب : کیونکہ مکہ میں وبا پھوٹی ہوئی تھی ۔

سوال : جب آپؐ کو حلیمہ سعدیہؓ دوبارہ اپنے قبیلہ میں لے آئیں تو ایک بہت اہم واقعہ وقوع پذیر ہوا بتایئے کونسا واقعہ ؟

جواب : شق الصدر کا واقعہ

سوال : آپؐ کی والدہ حضرت آمنہ کا انتقال کب ہوا ؟

جواب : ۴۷ قبل از ہجرت ، بمطابق ۵۷۷ء

سوال : جب آپؐ کی والدہ نے وفات پائی تو آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

جواب : چھ برس

سوال : جب آپؐ کی والدہ حضرت آمنہ آپؐ کو لے کر اپنے شوہر کی قبر پر گئیں تو اپنی حقیقی والدہ کیساتھ یہ آپؐ کا کونسا سفر تھا ؟

جواب : پہلا اور آخری

سوال : جب حضرت آمنہ آپؐ کو لے کر آپؐ کے والد کی قبر پر گئیں تو اس سفر میں اور کون شامل تھا ؟

جواب : حضرت امِ ایمن

سوال : مدینہ منورہ میں انہوں نے کہاں قیام فرمایا ؟

Marfat.com

جواب : خاندان بنی نجار میں نابغہ کے گھر (سسرالی رشتہ دار)

سوال : حضرت آمنہ نے مدینہ منورہ میں کتنا عرصہ قیام فرمایا ؟

جواب : ایک ماہ

سوال : حضرت آمنہ نے اس سفر سے واپسی پر کس مقام پر انتقال فرمایا ؟

جواب : جحفہ سے ۲۳ میل دور ابواء کے مقام پر

سوال : حضرت آمنہ کہاں دفن ہوئیں ؟

جواب : ابواء کے مقام پر

سوال : آنحضرتؐ کی والدہ کی وفات کے بعد آپؐ کی واپسی کس کے ساتھ ہوئی ؟

جواب : ام ایمن کے ہمراہ

سوال : آنحضرتؐ کی والدہ کی وفات کے بعد آپؐ کی پرورش کس نے کی ؟

جواب : آپؐ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے ،

سوال : آنحضرتؐ نے کمسنی میں تیراکی سیکھی بتائیے کہاں پر ؟

جواب : مدینہ منورہ میں اپنی والدہ کے ساتھ قیام کے دوران

سوال : اس لڑکی کا کیا نام ہے جو بنی نجار کے خاندان کے ساتھ قیام کے دوران آپؐ کیساتھ کھیلا کرتی تھی ؟

جواب : انیسہ

سوال : آنحضرتؐ کی کتنی رضاعی بہنیں تھیں ؟

جواب : دو ، شیما اور انیسہ

سوال : حضرت عبدالمطلب نے کب وفات پائی ؟

جواب : ۴۴ قبل از ہجرت بمطابق ۵۷۹ء

سوال : حضرت عبدالمطلب نے کتنی عمر میں انتقال فرمایا ؟

جواب : ۸۲ سال (بعض جگہ ۱۱۰ سال درج ہے)

سوال : جب آپؐ کی والدہ کا انتقال ہوا تو آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

جواب : ۶ برس (چھ برس)

سوال : آپؐ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے کتنے عرصہ تک آپؐ کی پرورش کی ؟

جواب : دو سال تک

58732

Marfat.com

سوال : جب آنحضرتؐ کے دادا کی وفات ہوئی تو اسوقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

جواب : آٹھ برس

سوال : بستر مرگ پر حضرت عبدالمطلب نے اپنی بیٹیوں کو بلایا تو اُن سے کیا فرمائش کی ؟

جواب : آپؐ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے کہا کہ تم مجھ پر نوحہ کرو تا کہ میں مرنے سے پہلے سن لوں کہ تم میرے بعد کیا کہو گی ۔

سوال : عبدالمطلب کے بعد مسند ریاست پر کون متمکن ہوا ؟

جواب : حرب (جو بنو اُمیہ کا فرزند تھا)

سوال : دادا کی وفات کے بعد آپؐ کی تربیت وکفالت کی ذمہ داری کس نے قبول کی ؟

جواب : آنحضرتؐ کے چچا حضرت ابوطالب نے

سوال : آپؐ نے حضرت ابوطالب کے کس بیٹے کی کفالت وتربیت کی ؟

جواب : حضرت علیؓ کی

سوال : عرب میں بت پرستی کا بانی کسے کہا جاتا ہے ؟

جواب : عمرو بن لحی

سوال : اس دور کا سب سے بڑا بت کونسا تھا ؟

جواب : ہبل

سوال : "ہبل" نامی بت کہاں نصب تھا ؟

جواب : کعبۃ اللہ میں

سوال : "ہبل" نامی بت کس سیارے کا خیالی مجسمہ تھا ؟

جواب : سیارہ زحل کا ۔

سوال : پہلی بار آنحضرتؐ شام کے تجارتی سفر پر کب روانہ ہوئے ؟

جواب : ۴۰ قبل از ہجرت / ۵۸۲ء میں

سوال : اس سفر میں آپؐ اپنے کس چچا کے ہمراہ تھے ؟

جواب : حضرت ابوطالب کے

سوال : جب آنحضرتؐ سفر شام پر روانہ ہوئے تو آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

جواب : ۱۲ یا ۱۳ سال

Marfat.com

سوال: سفرِ شام کے دوران آپؐ کی ملاقات ایک عیسائی راہب سے ہوئی آپ اس راہب کا نام بتائیں؟

جواب: بحیرہ

سوال: آنحضرتؐ شام کے پہلے سفر کے دوران کس مقام پر بحیرہ سے ملے؟

جواب: بصریٰ

سوال: جنگ فجار جس میں آنحضرتؐ نے حصہ لیا کب ہوئی؟

جواب: ۳۷ قبل ہجرت / ۵۸۶ء

سوال: آپؐ نے جس جنگ فجار میں حصہ لیا یہ ترتیب کے اعتبار سے کونسی جنگ تھی؟

جواب: چوتھی

سوال: آپؐ نے جب جنگ فجار میں حصہ لیا تو آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: تقریباً سولہ برس

سوال: جنگ فجار میں فریقین کون کون تھے؟

جواب: ایک طرف قریش اور بنو کنانہ، دوسری طرف بنو قیس، عیلان اور بنو ہوازن

سوال: "فجار" کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: ناجائز فعل

سوال: فجار کی لڑائیوں کا پس منظر کیا تھا؟

جواب: عرب میں محرم، ذیقعد، ذوالحجہ اور رجب کو حرام مہینے کہتے ہیں۔ ان میں رہزنی، لوٹ کھسوٹ، قتل و غارت وغیرہ ممنوع تھی اگر کسی مہینے کی بھی حرمت شکنی ہوتی تو اُسے ناجائز فعل سمجھا جاتا اور جنگ چھڑ جاتی جسے حرب فجار کا نام دیتے۔

سوال: آپؐ نے فجار کی کتنی جنگوں میں حصہ لیا؟

جواب: دو جنگوں میں

سوال: حلف الفضول کا معاہدہ کب انجام پایا؟

جواب: ۳۷ قبل ہجرت

سوال: سن عیسوی کے مطابق معاہدہ حلف الفضول کب ہوا؟

جواب: ۵۸۶ء

سوال: جنگ فجار کتنے سال تک جاری رہی؟

Marfat.com

جواب : چار سال

سوال : آنحضرتؐ نے سب سے پہلے کس جنگ میں حصہ لیا ؟

جواب : جنگ فجار میں

سوال : "حلف الفضول" کا معاہدہ کس کے گھر پر طے پایا ؟

جواب : عبداللہ بن جدعان (بنو تیم کا سردار)

سوال : اس معاہدے کی وجہ تسمیہ کیا تھی ؟

جواب : امام سہیلیؒ کے مطابق اس معاہدہ میں "ترد الفضول علی اہلھا" کے الفاظ شامل تھے جو وجہ تسمیہ ہوئے۔

سوال : "انجمن حلف الفضول" کے چار ارکان کون کون تھے ؟

جواب : فضل ، فضالہ ، مفضّل ، فضیل

سوال : ایک شخص نے نبیؐ سے کاروباری معاہدہ کیا تھا لیکن ابھی ادھورا تھا۔ اس نے پھر آنے کا وعدہ کیا مگر بھول گیا۔ تین دن بعد جب وعدے کی جگہ پہنچا تو آپؐ کو منتظر پایا۔ اس شخص کا نام بتائیے۔

جواب : حضرت عبداللہ بن حمسار

سوال : آپؐ نبوت سے قبل ہی اپنے ذاتی اوصاف کی وجہ سے کن القاب سے مشہور تھے ؟

جواب : صادق اور امین

سوال : جب آپؐ حضرت خدیجہؓ کا مال لیکر شام گئے تو آنحضرتؐ کی عمر کیا تھی ؟

جواب : چوبیس سال (۲۴ سال)

سوال : اس سفر میں حضرت خدیجہؓ نے آپؐ کے ساتھ کس کو روانہ کیا ؟

جواب : حضرت خدیجہؓ کا غلام میسرہ اور ان کا رشتہ دار خزیمہ

سوال : آنحضرتؐ نے حضرت خدیجہؓ سے کب نکاح کیا ؟

جواب : ۲۷ قبل از ہجرت

سوال : سن عیسوی کے اعتبار سے آپؐ نے حضرت خدیجہؓ سے کب نکاح کیا ؟

جواب : ستمبر ۵۹۵ء میں

سوال : حضرت خدیجہؓ نے شادی کا پیغام آپؐ تک اپنی کس کنیز کے ذریعہ بھیجا ؟

جواب : انیسہ (جبکہ بعض روایات کے مطابق عاتکہ)

سوال : آنحضرتؐ نے حضرت خدیجہؓ کا رشتہ کس کے مشورے سے قبول کیا ؟

Marfat.com

جواب: حضرت ابوطالب کے

سوال: نکاح کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: ۲۵ سال (پچیس سال)

سوال: نکاح کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: چالیس سال (۴۰ سال)

سوال: نکاح کی رسم کس کے گھر ادا ہوئی؟

جواب: حضرت خدیجہؓ کے گھر پر

سوال: اس تقریب میں حضرت خدیجہؓ کے سرپرست کی حیثیت سے کس نے شرکت کی؟

جواب: خدیجہؓ کے چچا عمرو بن اسد

سوال: اس تقریب نکاح میں حضرت خدیجہؓ کے کونسے چچازاد بھائی شامل تھے جنہوں نے بعد میں آنحضرتؐ کی نبوت کی تصدیق فرمائی؟

جواب: ورقہ بن نوفل

سوال: حضرت خدیجہؓ اور آنحضرتؐ کے نکاح کا خطبہ کس نے پڑھا؟

جواب: حضرت ابوطالب نے

سوال: حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے وقت کتنا مہر طے پایا؟

جواب: پانچ سو درہم (۵۰۰ درہم)

سوال: حضرت خدیجہؓ کتنے عرصہ تک سفر حیات میں آپؐ کی رفیقہ رہیں؟

جواب: پچیس برس تک (۲۵ برس)

سوال: آنحضرتؐ کے زمانے میں کعبہ کی تعمیر نو کس سن میں ہوئی؟

جواب: ۱۸ قبل از ہجرت / ۶۰۵ء

سوال: حجر اسود کو نصب کرنے پر جب جھگڑا ہوا تو کس نے مشورہ دیا کہ جو حرم کے دروازے سے سب سے پہلے داخل ہوا وہ اس مسئلہ کا فیصلہ کرے گا؟

جواب: ابو امیہ بن مغیرہ

سوال: حرم کے دروازے سے سب سے پہلے کون داخل ہوا؟

جواب: آنحضرتؐ

Marfat.com

سوال: حجرِ اسود کی لمبائی، چوڑائی کیا تھی؟

جواب: تقریباً چودہ، پندرہ انچ

سوال: آنحضرتؐ نے غارِ حرا میں کتنے برس کی عمر میں جانا شروع کیا؟

جواب: تقریباً چالیس برس (۴۰ برس)

سوال: آپؐ غارِ حرا میں کیا ساتھ لے جاتے تھے؟

جواب: ستو، کھجوریں، پانی وغیرہ

سوال: آنحضرتؐ کی غارِ حرا میں عبادت کی نوعیت کیا تھی؟

جواب: آنحضرتؐ کے مطابق غور و فکر اور عبرت پذیری

سوال: آپؐ کو نبوت کی بشارت کب ملی؟

جواب: ۹ ربیع الاول ۱۲ قبل از ہجرت (بعض روایات میں ۱۲ ربیع الاول ہے)

سوال: جس دن آنحضرتؐ کو نبوت کی بشارت ملی اس دن ہفتے کا کونسا روز تھا؟

جواب: سوموار (پیر)

سوال: آنحضرتؐ کو کتنے برس کی عمر میں منصبِ نبوت پر فائز کیا گیا؟

جواب: چالیس برس (۴۰ برس)

سوال: سنہ کے مطابق آنحضرتؐ کو نبوت کب ملی؟

جواب: ۱۲ فروری ۶۱۰ء

سوال: آنحضرتؐ پر پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

جواب: غارِ حرا میں

سوال: غارِ حرا آج کل کس نام سے مشہور ہے؟

جواب: جبل نور

سوال: غارِ حرا کا طول اور عرض کتنا ہے؟

جواب: چار گز طول اور پونے دو گز عرض

سوال: غارِ حرا مکہ کے کس طرف واقع ہے؟

جواب: مکہ کے شمال مشرق میں منیٰ و عرفات کی شاہراہ کے بائیں جانب۔

سوال: سب سے پہلے آنحضرتؐ کی نبوت کی تصدیق کس نے کی؟

Marfat.com

جواب: آزاد مردوں میں حضرت ابوبکر صدیقؓ اور گھر میں حضرت خدیجہؓ۔

سوال: سب سے پہلے آپؐ نے غارِ حرا کا واقعہ کس سے بیان کیا؟

جواب: حضرت خدیجہؓ سے

سوال: نبوت کا واقعہ سن کر حضرت خدیجہؓ آپؐ کو اپنے کس چچازاد بھائی کے پاس لے گئیں؟

جواب: ورقہ بن نوفل

سوال: آپؐ کی رسالت کی ابتداء کس سورۃ مبارکہ کے نزول سے ہوئی؟

جواب: سورۃ مدثر

سوال: پہلی وحی کے بعد وحی کے نزول کا سلسلہ ٹوٹ گیا۔ دوبارہ وحی کے نزول کا سلسلہ کتنے عرصہ بعد قائم ہوا؟

جواب: ۳ سال بعد

سوال: اس دور کو جس میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: دورِ فترت

سوال: حضرت جبریلؑ نے کن الفاظ میں آپؐ کو مژدۂ رسالت سنایا؟

جواب: "محمدؐ! مژدہ قبول فرمایئے۔ آپؐ اللہ تعالیٰ کے رسول اور میں جبریل ہوں"۔

سوال: قرآن مجید کے نزول کا آغاز کب ہوا؟

جواب: ۱۸ رمضان المبارک ۱۲ قبل ہجرت

سوال: قرآن مجید کے نزول کا آغاز کس سن عیسوی کو ہوا؟

جواب: ۱۴ اگست ۶۱۰ء

سوال: نزولِ قرآن کا آغاز ہفتے کے کس دن ہوا؟

جواب: جمعۃ المبارک کی رات

سوال: قرآن کی ابتدائی آیات آنحضرتؐ پر کہاں نازل ہوئیں؟

جواب: غارِ حرا میں

سوال: ورقہ بن نوفل نے آپؐ کی نبوت کی تصدیق کے ساتھ ایک اور پیش گوئی بھی کی تھی جو بعد میں سچ ثابت ہوئی بتایئے کونسی؟

جواب: مکہ سے ہجرت کی۔

Marfat.com

سوال : غارِ حرا میں آپؐ جو عبادت کرتے تھے اس کا مخصوص نام کیا تھا؟

جواب : تحنّث

سوال : حضرت جبریلؑ نے آنحضرتؐ کو پہلی وحی کے وقت کتنی بار بھینچا اور کہا کہ "پڑھو" ! ؟

جواب : تین بار

سوال : حضرت جبریلؑ امین قرآنی پیغام لے کر کس صحابی کی صورت میں تشریف لاتے تھے ؟

جواب : حضرت وحیہ کلبیؓ

سوال : غارِ حرا مکہ سے کتنے فاصلے پر ہے ؟

جواب : تین میل

سوال : "عقلِ کُل" کسے کہا جاتا ہے ؟

جواب : حضرت جبریلؑ کو

## ۳۔ مکی زندگی کے ۱۳ سال

سوال : آنحضرتؐ نے سب سے پہلے دعوتِ اسلام کسے دی ؟

جواب : حضرت خدیجہؓ

سوال : سب سے پہلے دعوتِ اسلام پر کس نے لبیک کہا ؟

جواب : حضرت خدیجہؓ

سوال : حضرت خدیجہؓ کے علاوہ آپؐ کے اہلِ خانہ میں سے کس نے اسلام قبول کیا ؟

جواب : حضرت علیؓ ، حضرت زید بن حارثہؓ (غلام)

سوال : تحریکِ اسلام کا پہلا مورچہ کس کا گھر تھا ؟

جواب : حضرت خدیجہؓ کا گھر

سوال : آپؐ کے گھر سے باہر سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا ؟

جواب : حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال : حضرت عمر فاروقؓ کی ان بہن کا نام بتایئے جنہوں نے اسلام قبول کیا تو حضرت عمرؓ اطلاع پانے پر ان کو قتل کرنے کی غرض سے ان کے گھر پہنچ گئے ؟

جواب : حضرت فاطمہ بنتِ خطابؓ

Marfat.com

سوال: کیا حضرت ابوطالب کو دینِ اسلام قبول کرنے کا شرف نصیب ہوا؟
جواب: جی نہیں، مگر اشاعتِ اسلام میں ہمیشہ آپؐ کی معاونت کی۔
سوال: آنحضرتؐ نے کتنے عرصہ تک خفیہ تبلیغ کا سلسلہ جاری رکھا؟
جواب: تین برس تک
سوال: ان تین سالوں میں تحریکِ اسلام کا مرکز کس کا گھر تھا؟
جواب: حضرت ارقمؓ کا گھر
سوال: تحریکِ اسلام کے ابتدائی تین سالوں میں تقریباً کتنے لوگ دائرۂ اسلام میں داخل ہوئے؟
جواب: تقریباً چالیس (۴۰) افراد
سوال: سب سے پہلے آنحضرتؐ نے اسلام کی دعوتِ عام ایک پہاڑ پر چڑھ کر دی۔ اس پہاڑ کا نام بتایئے؟
جواب: کوہِ صفا
سوال: "کوہِ صفا" کا دوسرا نام کیا ہے؟
جواب: کوہِ فاران
سوال: آنحضرتؐ نے یہ دعوتِ عام کب دی؟
جواب: ۹ قبل از ہجرت، ۳ نبوی، ۶۱۴ء
سوال: اس دعوت پر فوراً کس نے لبیک کہا؟
جواب: کسی نے بھی نہیں، لوگ فوراً منتشر ہو گئے۔
سوال: آنحضرتؐ نے کوہ صفا پر ناکامی کے بعد تحریک اسلام کی اشاعت کا از سرِ نو آغاز کہاں سے کیا؟
جواب: کعبۃ اللہ سے
سوال: اس وقت بیت اللہ کے متولی کون تھے؟
جواب: قریش
سوال: اسلام کے پہلے شہید کون تھے اور یہ کہاں شہید ہوئے؟
جواب: حضرت حارثؓ بن ابی ہالہ۔ بیت اللہ میں
سوال: حضرت حارث بن ابی ہالہؓ کا حضرت خدیجہؓ سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: سوتیلے بیٹے تھے۔

Marfat.com

سوال : حضرت حکیم بن حزام رض کا آنحضرت ؐ سے کیا تعلق تھا؟

جواب : بچپن سے آنحضرت ؐ کے دوست تھے۔

سوال : قریش نے جب یہ مشہور کیا کہ آپ (نعوذ باللہ) جنونی ہیں تو آپ کے ایک قریبی دوست علاج کی غرض سے آئے مگر جنونِ عشق کو عقل کے بلند ترین مقام پر دیکھ کر اسلام لے آئے؟ نام بتایئے؟

جواب : حضرت ضماد بن ثعلبہ رض

سوال : حضرت بلال حبشی رض جو اسلام کے پہلے مؤذن تھے کس کے غلام تھے؟

جواب : امیہ بن خلف

سوال : اسلام کی اولین خاتون شہید کون تھیں؟

جواب : حضرت سمیعہ رض

سوال : حضرت سمیعہ رض کو کس نے شہید کیا؟

جواب : ابوجہل نے

سوال : حضرت عمر رض کی اس کنیز کا نام بتایئے جس پر اسلام لانے کے جرم میں حضرت عمر رض (جب غیر مسلم تھے) نے بے پناہ ظلم ڈھائے؟

جواب : حضرت لبینہ رض اور حضرت زبیرہ رض

سوال : حضرت ابوبکر رض نے کن غلاموں اور کنیزوں کو ان کے مالکان سے رقم دے کر آزاد کرایا؟

جواب : حضرت بلال رض، عامر بن فہیرہ رض، لبینہ رض، زنیرہ رض، نہدیہ رض اور اُم عبیس رض

سوال : اکابرین قریش کا ایک وفد حضرت ابوطالب کے پاس آیا تاکہ انہیں آنحضرت ؐ کو تبلیغ سے باز رکھنے کے لئے آمادہ کر سکے اس وفد میں کون کون شامل تھا؟

جواب : عتبہ بن ربیعہ، شیبہ، ابوسفیان، عاص بن ہشام، ابوجہل، ولید بن مغیرہ، عاص بن وائل

سوال : حضرت ابوطالب نے جب آپ ؐ کو تبلیغ سے روکنے کے لئے سمجھانا چاہا تو آپ ؐ نے کیا فرمایا؟

جواب : "اگر یہ لوگ میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے پر چاند لاکر رکھ دیں تب بھی میں اس فریضے سے باز نہ آؤں گا"

سوال : پہلے وفد کی ناکامی کے بعد اکابرین قریش میں سے کون آنحضرت ؐ کو اقتدار، زر و زن کا لالچ دینے

Marfat.com

نے کے لئے آپ کے پاس بھیجا گیا ؟

جواب : عتبہ بن ربیعہ

سوال : ایک بار عکاظ کے میلے میں آپ کو ایک شہ زور پہلوان نے کشتی لڑنے کی دعوت دی جو آپ نے ایمائے الٰہی پر قبول کی۔ اس پہلوان کا نام کیا تھا ؟

جواب : رکانہ (بعض ضعیف روایات میں "رکانہ" آیا ہے)

سوال : رکانہ سے آپ نے کتنی بار کشتی لڑی ؟

جواب : تین بار

سوال : تینوں کشتیوں کا انجام کیا ہوا ؟

جواب : تینوں میں فتح آنحضرت کی ہوئی

سوال : ہجرت حبشہ کب ہوئی ؟

جواب : رجب ، قبل از ہجرت / اپریل ۶۱۵ء

سوال : ہجرت حبشہ بری راستے سے کی گئی یا بحری راستے سے ؟

جواب : بحری راستے سے

سوال : ہجرت حبشہ کے دوران بحری سفر کا آغاز کس مقام سے ہوا ؟

جواب : شیعبہ (موجودہ جدّہ)

سوال : ہجرت حبشہ میں مہاجرین نے کتنے جہازوں میں ہجرت کی ؟

جواب : دو تجارتی جہازوں میں

سوال : ہجرت حبشہ اولیٰ میں کتنے افراد شامل تھے ؟

جواب : پندرہ (گیارہ مرد اور چار عورتیں)

سوال : اس ہجرت میں آنحضرت کی کونسی بیٹی اپنے خاوند کے ساتھ شریک تھیں ؟

جواب : حضرت رقیہؓ (حضرت عثمان بن عفانؓ کے ہمراہ)

سوال : پندرہ افراد کی ہجرت کے کچھ عرصہ بعد ایک اور جماعت نے ہجرت کی اس جماعت میں کتنے افراد شامل تھے

جواب : ۱۰۱ افراد (۸۳ مرد اور ۱۸ عورتیں)

سوال : اس جماعت میں آنحضرت کے ایک چچیرے بھائی بھی تھے ان کا نام بتایئے ؟

Marfat.com

جواب : حضرت جعفر بن ابو طالبؓ
سوال : اس وقت حبشہ کا بادشاہ کون تھا ؟
جواب : نجاشی
سوال : شاہ حبشہ نجاشی کا اصل نام کیا تھا ؟
جواب : اصحم یا اصحمہ
سوال : اہلِ قریش نے مہاجرین حبشہ کو واپس لانے کے لئے ایک سفارت بھیجی اس سفارت میں کون کون شامل تھا ؟
جواب : عمرو بن العاص (فاتح مصر) اور عبداللہ بن ربیعہ
سوال : نجاشی کا تعلق کس مذہب سے تھا ؟
جواب : عیسائیت
سوال : نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کے موقف اور دین حق کی وضاحت کا فریضہ کس معتبر صحابی نے انجام دیا ؟
جواب : حضرت جعفر طیارؓ
سوال : حضرت جعفر طیارؓ کے والد کا نام بتایئے ؟
جواب : حضرت ابوطالب
سوال : نجاشی کی فرمائش پر حضرت طیارؓ نے کس سورۂ مبارکہ سے آیات کی تلاوت فرمائی ؟
جواب : سورۂ مریم سے
سوال : نجاشی نے حضرت جعفرؓ کی تقریر اور کلام اللہ کا کیا اثر قبول کیا ؟
جواب : مہاجرین کو واپس کرنے سے انکار کر دیا
سوال : مہاجرین کی تیسری جماعت جس نے مکہ سے حبشہ ہجرت کی اس میں کتنے افراد شامل تھے ؟
جواب : ایک سو بارہ (اٹھارہ عورتیں اور چورانوے مرد)
سوال : حضرت حمزہؓ نے کب اسلام قبول کیا ؟
جواب : ۷ قبل ہجرت ، ۶۱۶ء میں
سوال : حضرت حمزہؓ آنحضرتؐ کے رضاعی بھائی بھی تھے ۔ بتایئے آپ دونوں کی رضاعی والدہ کون تھیں ؟

Marfat.com

جواب: حضرت ثوبیہ

سوال: آپؐ اکثر دعا فرماتے تھے کہ اے خدا عرب کے عمرین میں سے ایک کو مسلمان کر دے؟ ایک تو حضرت عمر فاروقؓ تھے۔ دوسری شخصیت کون سی تھی؟

جواب: عمرو بن ہشام (ابوجہل)

سوال: جب ۶ قبل ہجرت میں حضرت عمر فاروقؓ قریش کے اکسانے پر آنحضرتؐ کو شہید کرنے کے ناپاک منصوبے سے نکلے تو آپ کہاں تشریف فرما تھے؟

جواب: حضرت ارقمؓ کے گھر

سوال: راستے میں حضرت عمر فاروقؓ کی ملاقات کن صحابی سے ہوئی جنہوں نے حضرت عمرؓ کو ان کی بہن اور بہنوئی کے مسلمان ہونے کی خبر دی؟

جواب: حضرت نعیم بن عبداللہؓ

سوال: حضرت عمر فاروقؓ کب دائرہ اسلام میں داخل ہوئے؟

جواب: ۶ قبل ہجرت / ۶۱۶ء میں

سوال: کس عظیم ہستی کے ایمان لانے کے بعد مسلمانوں نے علی الاعلان کعبۃ اللہ میں با جماعت نماز پڑھنا شروع کی؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ

سوال: قریش نے بنی ہاشم سے معاشرتی مقاطعہ کا معاہدہ کب کیا؟

جواب: محرم ۷ قبل ہجرت / ستمبر ۶۱۵ء

سوال: اس معاشرتی مقاطعہ کے معاہدے کو کس نے تحریر کیا؟

جواب: منصور بن عکرمہ

سوال: اس معاہدے میں بنی ہاشم کا صرف ایک فرد شامل تھا نام بتایئے؟

جواب: ابولہب

سوال: "معاشرتی مقاطعہ" کا یہ معاہدہ کہاں رکھا گیا؟

جواب: کعبۃ اللہ کے دروازے پر لٹکایا گیا

سوال: بنو ہاشم نے شہر چھوڑ کر کس گھاٹی میں پناہ لی؟

جواب: شعب ابی طالب میں

Marfat.com

سوال : بنی ہاشم کتنا عرصہ اس گھاٹی میں محصور رہے ؟

جواب : تین سال

سوال : بنوہاشم کو عرب کا ایک سربرآوردہ شخص جو اس خاندان کا قریبی رشتہ دار تھا چوری چھپے شعب ابی طالب میں غلہ بھجوا تا رہتا تھا اس شخص کا نام بتایئے ؟

جواب : ہشام عامری

سوال : اس معاہدے کی دستاویز کو کس نے پھاڑا ؟

جواب : مطعم بن عدی نے (بعض جگہ ہے کہ دیمک چاٹ گئی تھی)

سوال : بنوہاشم کو معاشرتی مقاطعہ کی اذیت سے رہائی کب ملی ؟

جواب : تین قبل ہجرت / سنہ ۱۰ نبوی / ۶۱۹ء

سوال : ۱۰ نبوی بمطابق ۶۱۹ء وہ پر آشوب سال تھا جب آپؐ کی دو عزیز ترین ہستیاں داغ مفارقت دے گئیں نام بتایئے ؟

جواب : حضرت خدیجہؓ اور حضرت ابوطالبؓ

سوال : اس سال کو جب آنحضرتؐ کو حضرت خدیجہؓ اور حضرت ابوطالب کی وفات کا دکھ سہنا پڑا کیا کہا جاتا ہے ؟

جواب : عام الحزن

سوال : حضرت خدیجہؓ کا انتقال پہلے ہوا یا حضرت ابوطالب کا ؟

جواب : حضرت ابوطالب کا

سوال : حضرت ابوطالب کے بعد بنی ہاشم کا سردار کون بنا ؟

جواب : ابولہب

سوال : حضرت خدیجہؓ نے کب وفات پائی ؟

جواب رمضان ۳ قبل ہجرت ۶۱۹ء میں

سوال : حضرت خدیجہؓ کے بعد آپؐ نے دوسرا نکاح کس خاتون سے کیا ؟

جواب : حضرت سودہؓ

سوال : آنحضرتؐ نے حضرت سودہؓ سے کب نکاح کیا ؟

جواب : رمضان المبارک ۳ قبل ہجرت / فروری ۶۱۹ء

Marfat.com

سوال : آنحضرتؐ نے حضرت عائشہؓ سے کب نکاح کیا ؟

جواب : شوال ۳ قبل ہجرت ، مارچ ۶۱۹ء

سوال : آنحضرتؐ نے سفرِ طائف کب اختیار فرمایا ؟

جواب : ۲۷ شوال ۳ قبل ہجرت

سوال : سن عیسوی کے اعتبار سے یہ سفر کب پیش آیا ؟

جواب : فروری ، مارچ ۶۱۹ء میں

سوال : سفرِ طائف میں آنحضرتؐ کے رفیقِ سفر کون تھے ؟

جواب : حضرت زید بن حارثہؓ

سوال : طائف میں آنحضرتؐ نے سب سے پہلے کسے دعوت اسلام دی ؟

جواب : عمرو بن عوف کے بیٹے عبدیالیل ، مسعود اور حبیب (سرداران طائف)

سوال : جب طائف والوں نے آنحضرتؐ پر پتھر برسائے تو آپؐ نے ایک باغ میں پناہ لی یہ باغ کس کی ملکیت تھا ؟

جواب : عتبہ بن ربیعہ

سوال : طائف سے واپسی پر آنحضرتؐ نے کس مقام پر چند روز قیام کیا ؟

جواب : نخلہ

سوال : مکہ آنحضرتؐ کے لئے خونخوار درندوں سے بھرا ہوا تھا سفر طائف کے بعد مکہ میں داخل ہونے کے لئے آپؐ نے کس کی حمایت حاصل کی ؟

جواب : عدی بن مطعم

سوال : کیا عدی بن مطعم مشرف بہ اسلام ہوا ؟

جواب : جی نہیں ۔

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ابولہب اور اس کی بیوی کا ذکر ایک بڑی وعید کے ساتھ قرآن مجید میں آیا ہے ؟

جواب : جی ہاں (سورت اللہب) میں

سوال : سورۃ اللہب ، ابولہب کی وفات کے بعد نازل ہوئی یا پہلے ؟

جواب : پہلے

Marfat.com

سوال : ابولہب کی بیوی کا کیا نام تھا ؟

جواب : اروی کنیت ام جمیل

سوال : یثرب کا پہلا شخص کون تھا جو مشرف بہ اسلام ہوا ؟

جواب : حضرت سوید بن الصامت رضؓ

سوال : عرب کے مشہور ساحر مکہ آئے تو سنا کہ آپ پر (نعوذ باللہ) جنات کا سایہ ہے (یہ کفار نے مشہور کر رکھا تھا) تو وہ ساحر علاج کی غرض سے آپ کے پاس آیا اور پھر کلام اللہ کے جلال کے زیر اثر اسلام لے آیا ؟

جواب : حضرت ضماد بن ثعلبہؓ

سوال : حضرت ضماد بن ثعلبہؓ کا تعلق عرب کے کس علاقے سے تھا ؟

جواب : یمن سے

سوال : آنحضرتؐ کو معراج کی سعادت کب نصیب ہوئی ؟

جواب : ۲۷ رجب المرجب ۲ قبل ہجرت

سوال : آنحضرتؐ کو معراج کی سعادت کس سن عیسوی میں نصیب ہوئی ؟

جواب : ۸ مارچ ۶۲۰ء

سوال : واقعہ معراج کی شب حکم خداوندی سے کتنے فرشتے آپؐ کے پاس تشریف لائے ؟

جواب : دو فرشتے

سوال : معراج کے سفر میں جو سواری آنحضرتؐ نے استعمال کی اس کا مخصوص نام کیا ہے ؟

جواب : براق

سوال : معراج کی شب آنحضرتؐ براق پر سوار ہو کر سب سے پہلے کہاں تشریف لے گئے ؟

جواب : مسجد اقصیٰ

سوال : واقعہ معراج کا دوسرا نام کیا ہے ؟

جواب : واقعہ اسراء

سوال : اسراء یا معراج کے واقعہ کی سب سے پہلے کس نے تصدیق کی ؟

جواب : حضرت ابوبکرؓ نے

سوال : حضرت ابوبکرؓ کے فوراً واقعہ معراج کی تصدیق کرنے پر آنحضرتؐ نے انہیں کس لقب سے نوازا ؟

Marfat.com

8/90

جواب : صدیق

سوال : نماز کب فرض ہوئی ؟

جواب : ۲۷ رجب المرجب ۲ قبل ہجرت / ۸ مارچ ۶۲۰ء کی شب

سوال : معراج کی شب آنحضرت ؐ کس کے گھر قیام فرما تھے ؟ 2-90

جواب : حضرت امِّ ہانیؓ کے گھر

سوال : حضرتِ امّ ہانیؓ سے آنحضرت ؐ کا کیا رشتہ تھا ؟

جواب : چچازاد بہن تھیں

سوال : معراج سے واپسی پر آنحضرتؐ نے اس کا ذکر سب سے پہلے کس سے کیا ؟

جواب : حضرت امّ ہانیؓ سے

سوال : پہلے آسمان پر آنحضرت ؐ کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی ؟

جواب : حضرت آدم ؑ

سوال : دوسرے آسمان پر آنحضرت ؐ نے کس پیغمبر کو شرفِ ملاقات بخشا ؟

جواب : حضرت یحییٰ ؑ اور حضرت عیسیٰ ؑ

سوال : آنحضرتؐ نے سفرِ معراج میں ایک جگہ ستر ہزار فرشتوں کو طواف کرتے دیکھا۔ اس جگہ کا نام بتائیے؟

جواب : بیت المعمور

سوال : آنحضرتؐ نے تیسرے آسمان پر کن پیغمبر سے ملاقات کی ؟

جواب : حضرت یوسف ؑ

سوال : آنحضرتؐ نے چوتھے آسمان پر کس نبی سے ملاقات کی ؟

جواب : حضرت ادریس ؑ

سوال : سفرِ معراج میں پانچویں آسمان پر آنحضرت ؐ کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی ؟

جواب : حضرت ہارون ؑ

سوال : چھٹے آسمان پر آنحضرت ؐ کی ملاقات کس سے ہوئی ؟

جواب : حضرت موسیٰ ؑ

سوال : ساتویں آسمان پر آنحضرت ؐ کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی ؟

جواب : حضرت ابراہیم ؑ سے

Marfat.com

سوال: معراج کے موقعہ پر آنحضرتؐ نے نماز کی امامت کی اور تمام پیغمبران نے آپؐ کے پیچھے نماز پڑھی۔ بتایئے اذان کس نے دی؟

جواب: حضرت جبرئیلؑ

سوال: "سدرۃ المنتہیٰ" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "ساتویں آسمان پر ایک بیری کا درخت ہے جس سے آگے حضرت جبرئیلؑ نے بھی جانے سے انکار کر دیا تھا"

سوال: واقعہ معراج کے وقت آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: ۵۱ سال ۹ ماہ

سوال: مدینہ کے پہلے وفد نے آنحضرتؐ سے کب ملاقات کی اور اس میں کتنے افراد شریک تھے؟

جواب: ۲ قبل ہجرت / ۶۲۰ء چھ افراد

سوال: مدینہ کے اس پہلے وفد میں کل چھ آدمی تھے ان میں سے کتنے افراد اسلام لے آئے؟

جواب: چھ افراد ہی

سوال: بیعتِ عقبہ اولیٰ میں کتنے افراد شامل تھے؟

جواب: بارہ (۱۲) افراد

سوال: بیعتِ عقبہ اولیٰ کے موقع پر بارہ افراد میں سے کتنے افراد پچھلے برس حج کے موسم میں آپؐ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا تھا؟

جواب: پانچ افراد

سوال: بیعتِ عقبہ اولیٰ کب ہوئی؟

جواب: ذوالحجہ ایک قبل ہجرت / ۶۲۱ء

سوال: بیعتِ عقبہ اولیٰ کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: بیعت النساء

سوال: اس بیعت کو بیعت النساء کا نام کیوں دیا گیا؟

جواب: کیونکہ اس میں جہاد کی شق نہ تھی۔

سوال: بیعتِ عقبہ اولیٰ کس مقام پر ہوئی؟

جواب: عقبہ کے مقام پر۔

Marfat.com

سوال : آپ نے ان ۱۲ افراد کے وفد کی درخواست پر تعلیم و تبلیغ کیلئے کسے ان کے ہمراہ یثرب بھیجا؟

جواب : حضرت مصعب بن عمیرؓ (ابن خلدون کے مطابق حضرت ابن ام کلثومؓ کو بھی)

سوال : حضرت مصعب بن عمیرؓ یثرب میں کہاں ٹھہرے؟

جواب : حضرت اسعد بن زرارہؓ کے ہمراہ

سوال : حضرت مصعب بن عمیرؓ نے یثرب میں تعلیم و تبلیغ کا مرکز کس جگہ کو بنایا؟

جواب : حضرت اسعد انصاریؓ اور بنو ظفر (کعب بن حرث) کے گھر کو بنایا۔

سوال : بیعت عقبہ ثانیہ کب ہوئی؟

جواب : تقریباً ۳ ماہ قبل ہجرت رجون ۶۲۲ء رات کے وقت۔

سوال : بیعت عقبہ ثانیہ میں کتنے افراد شامل تھے؟

جواب : پچھتر (۷۵) افراد

سوال : بیعت عقبہ ثانیہ کے پچھتر افراد میں سے مرد کتنے تھے اور عورتیں کتنی تھیں؟

جواب : تہتر (۷۳) مرد اور دو (۲) عورتیں

سوال : بیعت عقبہ ثانیہ کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب : بیعت عقبہ الکبریٰ

سوال : ان دو خواتین کے نام بتایئے جو بیعت عقبہ ثانیہ میں شریک تھیں؟

جواب : حضرت نسیبہ بنت کعب انجاریہؓ اور حضرت ربیع سلمیٰؓ

سوال : بیعت عقبہ ثانیہ میں شامل دونوں خواتین کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

جواب : بنو خزرج سے

سوال : بیعت عقبہ ثانیہ میں کن دو قبائل کے افراد شامل تھے؟

جواب : بنو اوس اور بنو خزرج کے

سوال : جب بیعت عقبہ ثانیہ کے وقت اہل یثرب نے سوال کیا کہ صاحب اقتدار اور قوت ہونے کے بعد ہمیں چھوڑ تو نہ جائیں گے تو آپؐ نے کیا فرمایا؟

جواب : آپؐ نے فرمایا۔ "نہیں! میرا جینا اور مرنا تمہارے ساتھ ہوگا"

سوال : بیعت عقبہ ثانیہ میں سب سے پہلے بیعت کرنے کی سعادت کسے نصیب ہوئی؟

جواب : حضرت براء بن معرورؓ کو

Marfat.com

سوال: بیعت عقبۃ الکبریٰ کے موقعہ پر آنحضرتؐ کے ساتھ آپؐ کے کونسے قریبی رشتہ دار تھے جو اسوقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے؟

جواب: حضرت عباسؓ (آپؐ کے چچا)

سوال: بیعت عقبۃ ثانیہ کے موقعہ پر آنحضرتؐ نے اشاعتِ اسلام کیلئے کتنے نقیب مقرر کئے تھے؟

جواب: ۱۲ نقیب

سوال: ان بارہ نقیبوں میں سے کتنے قبیلہ اوس سے اور کتنے قبیلہ خزرج سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب: قبیلہ خزرج سے ۹ افراد، قبیلہ اوس سے ۳ افراد

سوال: جب مسلمانوں نے آہستہ آہستہ یثرب کی طرف ہجرت کرنا شروع کی تو آنحضرتؐ نے کن ۲ افراد کو ہجرت کی اجازت نہ دی؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت علیؓ کو

## ۴۔ ہجرت مدینہ

سوال: آنحضرتؐ نے مکہ سے مدینہ ہجرت کب فرمائی؟

622

جواب: ربیع الاول سنہ بمطابق ۶۲۲ء

سوال: جب قریش کو خطرہ ہوا کہ آنحضرتؐ کہیں مدینہ ہجرت نہ کر جائیں تو انہوں نے دارالندوہ (دارالشوریٰ) کا ایک اجلاس بلایا اس میں کونسی تین تجاویز پیش کی گئیں؟

جواب: ۱. آنحضرتؐ کو قید کر دیا جائے ۲. جلاوطن کر دیا جائے ۳. قتل کر دیا جائے۔

سوال: کس تجویز پر اتفاق رائے ہوا؟

جواب: آنحضرتؐ کو قتل کر دیا جائے۔

سوال: آنحضرتؐ کو قتل کرنے کی تجویز کس نے پیش کی تھی؟

جواب: ابوجہل نے

سوال: ابوجہل کا تعلق قریش کے کس قبیلہ سے تھا؟

جواب: بنو مخزوم سے

سوال: آنحضرتؐ نے اپنے ہجرت کر جانے کی اطلاع سب سے پہلے کسے دی؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ کو

Marfat.com

سوال: ہجرت کے وقت لوگوں کی چیزیں جو آپؐ کے پاس بطور امانت تھیں آپؐ نے کس کے حوالے کیں تاکہ وہ ان کو مالکان تک پہنچا دیں؟

جواب: حضرت علی مرتضیٰ رضؓ

سوال: جب آپؐ محاصرین کی نظر بچا کر گھر سے نکلے تو آپؐ کس سورۃ کی ابتدائی آیات کی تلاوت فرما رہے تھے؟

جواب: سورۃ یٰسین کی

سوال: آنحضرتؐ کے گھر کا محاصرہ کرنے والوں میں کون کون شامل تھا؟

جواب: ۱۔ ابوجہل ۲۔ عقبہ بن ابی معیط ۳۔ نفر بن حارث ۴۔ امیہ بن خلف ۵۔ ابی بن خلف ۶۔ زمعہ بن الاسود ۷۔ نبیہ بن حجاج ۸۔ منبہ بن حجاج ۹۔ طعیمہ بن عدی ۱۰۔ الحکم بن ابی العاص ۱۱۔ ابولہب ۱۲۔ ابن الغیطلہ

سوال: آنحضرتؐ گھر سے نکل کر سیدھے کہاں گئے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ صدیق کے گھر۔

سوال: حضرت ابوبکرؓ نے زادِ راہ کے لئے ساتھ کیا لیا؟

جواب: تین تھیلے (۱۔ چھ سات ہزار درہم ۲۔ کھانا ۳۔ پانی کا مشکیزہ)

سوال: "ذات النطاقین" کس کا لقب ہے؟

جواب: حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ

سوال: حضرت اسماءؓ کو آنحضرتؐ نے "ذات النطاقین" کا لقب کیوں دیا؟

جواب: جب زادِ راہ کے تھیلوں کا منہ بند کرنے کے لئے رسی نہ ملی تو حضرت اسماءؓ نے اپنے کمر بند سے ٹکڑا کاٹ کر تھیلے کا منہ بند کیا۔ اسی لئے آپؐ نے انہیں ذات النطاقین (دو کمر بندوں والی) کا لقب مرحمت فرمایا۔

سوال: ہجرت کرتے وقت آنحضرتؐ نے اپنے بستر پر کسے لٹایا؟

جواب: حضرت علیؓ کو

سوال: ہجرت کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: ۵۳ برس

سوال: آنحضرتؐ نے کس اونٹنی پر سوار ہو کر ہجرت فرمائی؟

Marfat.com

جواب: قصویٰ پر

سوال: آپؐ کا پہلا پڑاؤ کس مقام پر تھا؟

جواب: کوہِ ثور پر غارِ ثور میں

سوال: کوہِ ثور مکہ سے کتنی دور ہے؟

جواب: تقریباً پانچ میل

سوال: کوہِ ثور مکہ کی کس جانب واقع ہے؟

جواب: جنوب میں

سوال: غارِ ثور میں پہلے کون داخل ہوا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال: "یارِ غار" کس جلیل القدر صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال: کفارِ مکہ نے آنحضرتؐ کی گرفتاری کے لئے کتنا انعام مقرر کیا؟

جواب: سو اونٹ

سوال: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے غارِ ثور کے قریب گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز سن کر خوف کا اظہار فرمایا تو اس کے جواب میں آپؐ نے کیا فرمایا؟

جواب: "غم نہ کرو۔ اللہ ہمارے ساتھ ہے"۔ (لا تحزن انّ اللہ معنا۔)

سوال: آپؐ نے غارِ ثور میں قیام کے دوران کسے اہل قریش کے خطرناک منصوبوں کی جاسوسی پر مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن ابوبکر صدیقؓ

سوال: غارِ ثور میں کھانا پہنچانے کا کام کس کے ذمہ تھا؟

جواب: حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ

سوال: آنحضرتؐ نے کتنے روز تک غارِ ثور میں قیام کیا؟

جواب: تین روز

سوال: غارِ ثور سے آنحضرتؐ کی روانگی کب ہوئی؟

جواب: یکم ربیع الاوّل سنہ ھ

سوال: سن عیسوی کے مطابق آنحضرتؐ غارِ ثور سے کب روانہ ہوئے؟

Marfat.com

جواب: ۱۶ ار ستمبر ۶۲۲ء

سوال: سفر ہجرت میں کتنی اونٹنیاں استعمال ہوئیں؟

جواب: دو (۲)

سوال: دونوں اونٹنیوں کے سواروں کے نام بتائیے؟

جواب: ایک پر آنحضرتؐ اور حضرت ابوبکرؓ، دوسری پر عامر بن فہیرہ، عبداللہ بن اریقط۔

سوال: سفر ہجرت میں دلیل راہ (گائیڈ) کے فرائض کس نے انجام دیئے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن اریقط

سوال: آنحضرتؐ نے عام راستہ اختیار کیا یا ساحل سمندر کے ساتھ ساتھ کا طویل راستہ؟

جواب: ساحل سمندر کے ساتھ کا طویل راستہ۔

سوال: ایک گھوڑسوار نے آنحضرتؐ کو دیکھ لیا اور سو اونٹوں کے لالچ میں آگے بڑھا مگر گھوڑی ٹھوکر کھا کر گر گئی۔ وہ پھر اٹھا اور گھوڑی کو ایڑ لگائی مگر آنحضرتؐ کے قریب پہنچ کر دفعتاً گھوڑی کے پاؤں ریتلی زمین میں دھنس گئے۔ گھوڑسوار کا نام بتایئے؟

جواب: سراقہ بن جعشم

سوال: اس گھوڑی کا کیا نام تھا جس پر سراقہ سوار تھا؟

جواب: عوز

سوال: سراقہ نے کس مقام پر آنحضرتؐ کو دیکھا؟

جواب: رابغ کے موجودہ قلعہ کے پاس

سوال: سراقہ نے آنحضرتؐ کے جلال سے مرعوب ہو کر کیا درخواست کی؟

جواب: خطِ امان کی درخواست کی۔

سوال: سراقہ کے لئے آنحضرتؐ کے حکم پر خطِ امان کس نے لکھا؟

جواب: عامر بن فہیرہ نے چمڑے کے ٹکڑے پر

سوال: سراقہ کے بعد کس شخص نے آنحضرتؐ کو دیکھ لیا اور اپنے قبیلے کے ستر افراد کے ساتھ آپؐ کی طرف بڑھا؟

جواب: بریدہ بن الحصیب اسلمی

سوال: بریدہ بن الحصیب اسلمی نے آنحضرتؐ سے کیا معاملہ کیا؟

Marfat.com

جواب: آنحضرتؐ کے جلال سے متاثر ہوکر ستر افراد سمیت اسلام لے آیا

سوال: راستے میں ایک جلیل القدر صحابی نے جو مسلمانوں کی ایک جماعت کے ساتھ شام سے واپس آ رہے تھے، آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دو سفید ملبوسات نذر کئے؟ نام بتایئے؟

جواب: حضرت زبیر بن العوامؓ

سوال: آنحضرتؐ کی سواری قبا میں کب وارد ہوئی؟

جواب: ۸ ربیع الاوّل سنہ ۱ھ

سوال: سن عیسوی کے مطابق آنحضرتؐ کی سواری قبا میں کب وارد ہوئی؟

جواب: ۲۳ ستمبر ۶۲۲ء

سوال: جس روز آنحضرتؐ قبا میں داخل ہوئے اس روز ہفتہ کا کونسا دن تھا؟

جواب: شنبہ (ہفتہ)

سوال: قبا کا مقام مدینہ سے کتنی دور ہے؟

جواب: تین میل دور

سوال: آنحضرتؐ نے اس سفر کے دوران کسے کسریٰ کے طلائی کنگن پہننے کی بشارت دی تھی؟

جواب: سراقہ بن جعشمؓ

سوال: سراقہ بن جعشمؓ نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب: غزوۂ احد کے بعد

سوال: آنحضرتؐ نے قبا میں کسے شرفِ مہربانی بخشا؟

جواب: حضرت کلثوم بن الہدمؓ کو

سوال: آنحضرتؐ نے قبا میں کتنے روز قیام فرمایا؟

جواب: چار دن

سوال: حضرت علیؓ لوگوں کی امانتیں واپس کر کے کتنے روز بعد آپؐ سے آن ملے؟

جواب: تین دن بعد (قبا میں قیام کے دوران)

سوال: حضرت علیؓ آنحضرتؐ سے کس مقام پر آکر ملے؟

جواب: قبا کے مقام پر

سوال: یہاں آنحضرتؐ نے اسلام کی پہلی مسجد کی بنیاد رکھی۔ مسجد کا نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: مسجد قبا۔

سوال: مسجد قبا کے مزدوروں میں ایک شاعر صحابی بھی تھے نام بتایئے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

سوال: آنحضرتؐ قباء سے مدینہ کی طرف کب روانہ ہوئے؟

جواب: ۱۲ ربیع الاوّل سنہ ۱ھ

سوال: آنحضرتؐ سن عیسوی کے مطابق قبا سے کب روانہ ہوئے؟

جواب: ۲۷ ستمبر ۶۲۲ء

سوال: جس روز آنحضرتؐ قبا سے مدینہ کی طرف روانہ ہوئے ہفتے کا کونسا دن تھا؟

جواب: جمعۃ المبارک

سوال: آنحضرتؐ نے نماز جمعہ کہاں ادا فرمائی؟

جواب: بنو سالم بن عوف کے محلے میں

سوال: اسلام کی پہلی نماز جمعہ کہاں اور کس کی امامت میں ادا کی گئی؟

جواب: بنو سالم بن عوف کے محلے میں۔ آنحضرتؐ کی امامت میں

سوال: آنحضرتؐ نے مدینے میں اپنا پہلا خطبہ کس مقام پر دیا؟

جواب: بنو سالم بن عوف کے محلے میں نماز جمعہ کے موقع پر۔

سوال: اسلام کی پہلی نماز جمعہ میں کتنے مسلمان شریک تھے؟

جواب: تقریباً ایک سو (۱۰۰)

سوال: آنحضرتؐ کس سمت سے مدینہ میں داخل ہوئے؟

جواب: جنوب سے

سوال: مدینۃ النبیؐ کا پرانا نام کیا ہے؟

جواب: یثرب

سوال: جب تمام لوگ میزبانی کے لئے بے قرار ہوئے تو آپؐ نے کیا فیصلہ فرمایا؟

جواب: آپؐ نے فرمایا کہ جہاں میری اونٹنی بیٹھ جائے گی میں وہیں قیام کروں گا

سوال: مدینہ میں کس خوش نصیب کو شرف میزبانی نصیب ہوا؟

جواب: حضرت ابوایوب انصاریؓ

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کس وقت مدینہ میں داخل ہوئے؟

جواب: ۱۲ ربیع الاول ۱ھ بمطابق ۲۷ ستمبر ۶۲۲ء سہ پہر کے وقت

سوال: حضرت ابوایوب انصاریؓ کو کتنا عرصہ آپؐ کی میزبانی کا شرف نصیب ہوا؟

جواب: سات ماہ تک

سوال: آنحضرتؐ کس روز مدینہ میں داخل ہوئے؟

جواب: جمعہ کے روز (بعض روایات میں پیر کا دن بھی ہے)

سوال: اسلامی تاریخ میں پہلی مرتبہ جھنڈا کس نے لہرایا؟

جواب: حضرت بریدہ اسلمیؓ نے

سوال: اسلامی تاریخ میں پہلی مرتبہ جھنڈا کس موقع پر لہرایا گیا؟

جواب: سفر ہجرت کے دوران

# ۵۔ مدنی زندگی کے دس سال

## (۱) ۱ھ

سوال: رئیس المنافقین کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: عبداللہ بن ابی سلول

سوال: مدینہ میں لوگوں کا عام پیشہ کیا تھا؟

جواب: زراعت

سوال: آنحضرتؐ نے مسلمانوں کو مؤثر تحفظ دینے کی غرض سے یہود اور دیگر یثربی قبائل سے عسکری نوعیت کا ایک معاہدہ کیا یہ معاہدہ کس نام سے مشہور ہوا؟

جواب: "صحیفہ" کے نام سے

سوال: آنحضرتؐ نے صحیفہ نامی معاہدہ کب کیا؟

جواب: ۱ھ میں

سوال: میثاق مدینہ (صحیفہ) کس خاص تاریخی اہمیت کا حامل ہے؟

جواب: دنیا کا پہلا تحریری دستور

Marfat.com

سوال : مدینہ میں اسلام کی تعلیم و تبلیغ کا پہلا مرکز کونسا تھا ؟

جواب : مسجد نبویؐ

سوال : آنحضرتؐ نے مدینہ میں سب سے پہلا کام کیا سرانجام دیا ؟

جواب : مسجد نبویؐ کی تعمیر

سوال : جس زمین پر مسجد نبویؐ تعمیر ہوئی وہ کس کی ملکیت تھی ؟

جواب : سہل اور سہیل دو بھائیوں کی ۔

سوال : سہل اور سہیل کا تعلق کس قبیلہ سے تھا ؟

جواب : بنو نجار سے

سوال : مسجد نبویؐ کے لیے زمین کی قیمت کس نے ادا کی ؟

جواب : حضرت ابوبکر صدیقؓ نے

سوال : مسجد کی دیواروں کی تعمیر میں کیا استعمال کیا گیا ؟

جواب : پتھر کے ٹکڑے اور کچی اینٹیں

سوال : مسجد نبویؐ کی تعمیر کب شروع ہوئی ؟

جواب : ربیع الاول ۱ھ اکتوبر ۶۲۲ء

سوال : مسجد نبویؐ کے ستونوں کے لیے کس درخت کی لکڑی استعمال ہوئی ؟

جواب : کھجور کے تنے

سوال : مسجد نبویؐ کی چھت کس چیز کی بنائی گئی ؟

جواب : کھجور کی لکڑی اور پتوں کی

سوال : مسجد کے ایک کونے میں ایک چبوترہ تیار کیا گیا جس نے کھلی اقامتی درسگاہ کا کام دینا تھا اسے کیا نام دیا گیا ؟

جواب : صُفّہ

سوال : اصحاب صُفّہ کن کو کہتے ہیں ؟

جواب : "صُفّہ" نامی درسگاہ کے ہمہ وقتی طلباء کو

سوال : آنحضرتؐ نے انصار اور مہاجرین کا رشتہ مواخات کب قائم کیا ؟

جواب : ربیع الاول ۱ھ میں

Marfat.com

سوال: مواخات کے لئے انصار اور مہاجرین کا اجتماع کس کے گھر ہوا؟

جواب: حضرت انس بن مالکؓ کے گھر

سوال: مواخات کے موقع پر کتنے مہاجرین اور انصار آپؐ کے حضور حاضر تھے؟

جواب: نوے (۹۰)

سوال: آنحضرتؐ نے رشتہ مواخات میں اپنا بھائی کس کو بنایا؟

جواب: حضرت علیؓ کو

سوال: مسجد نبویؐ میں پہلی اذان کب گونجی؟

جواب: ربیع الاوّل سنہ ۱ھ اکتوبر ۶۲۲ء

سوال: اذان کی تجویز کس نے پیش کی؟

جواب: حضرت عمرؓ نے (بعض جگہ ہے کہ وحی کے ذریعے حضرت عمرؓ سے قبل اذان کے طریقے اور الفاظ سے آگاہ کیا گیا)

سوال: اسلام کا پہلا مؤذن کون تھا؟

جواب: حضرت بلال حبشیؓ

سوال: ہجرت سے قبل رئیس الانصار کون تھا؟

جواب: عبداللہ بن ابی

سوال: مسلمانوں نے اپنی دفاعی کارروائیوں کا آغاز کب کیا؟

جواب: رمضان المبارک سنہ ۱ھ مارچ ۶۲۳ء

سوال: "سریہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی لڑائی جس میں آنحضرتؐ نے بذاتِ خود شرکت نہ کی ہو بلکہ کسی صحابی نے آپؐ کے حکم سے امیر لشکر کے فرائض انجام دیئے ہوں۔

سوال: اسلام کا پہلا سریہ کونسا تھا؟

جواب: سریہ حمزہؓ یا سریہ عیص

سوال: سریہ عیص کب ہوا؟

جواب: رمضان المبارک سنہ ۱ھ مارچ ۶۲۳ء

سوال: سریہ سیف البحر کس سریے کو کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

جواب: سریہ حمزہؓ یا سریہ عیص کو

سوال: سریہ حمزہؓ میں کتنے مجاہدین نے شرکت کی ؟

جواب: تیس مجاہدین (۳۰)

سوال: اس مہم (سریہ حمزہؓ) کے لئے جو فوجی نشان تیار ہوا اس کا رنگ کیا تھا ؟

جواب: سفید

سوال: سریہ عیص میں مجاہدین کی قیادت کس نے کی ؟

جواب: حضرت حمزہؓ نے

سوال: سریہ عیص کی مہم کا مقصد قریش کے ایک تجارتی قافلہ کا رستہ روکنا اور اپنی جرأت و قوت کا مظاہرہ تھا۔ اس تجارتی قافلے کا سردار کون تھا ؟

جواب: ابوجہل

سوال: سریہ عبیدہ بن حارثؓ کا دوسرا اور مشہور نام کیا ہے ؟

جواب: سریہ رابغ

سوال: سریہ رابغ کے لئے مجاہدین مدینہ سے کب روانہ ہوئے ؟

جواب: شوال سنہ؁ اپریل ۶۲۳ء

سوال: سریہ رابغ میں مجاہدین کی قیادت کس نے کی ؟

جواب: حضرت عبیدہ بن حارثؓ

سوال: سریہ رابغ میں کتنے مجاہدین شامل تھے ؟

جواب: اسی (۸۰)

سوال: سریہ رابغ کا مقصد بھی قریش کے ایک کارواں کا رستہ روکنا تھا۔ بتایئے اس کاروان کے قائدین کون تھے ؟

جواب: ابوسفیان بن حرب اور عکرمہ بن ابوجہل

سوال: سریہ رابغ میں مجاہدین کا آمنا سامنا قریش کے کارواں سے کس مقام سے ہوا ؟

جواب: ثنیۃ المرّہ

سوال: سریہ خرار کا دوسرا نام کیا ہے ؟

جواب: سریہ سعد بن ابی وقاصؓ

Marfat.com

سوال: سریہ سعد بن ابی وقاصؓ کب ہوا؟

جواب: ذیقعد ۱ھ / مئی ۶۲۳ء

سوال: سریہ خرار میں مجاہدین کا دستہ کتنے سواروں پر مشتمل تھا اور اس کے قائد کون تھے؟

جواب: بیس (۲۰) سواروں پر۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

سوال: ام المومنین حضرت عائشہؓ کی رخصتی کب ہوئی؟

جواب: شوال ۱ھ / اپریل ۶۲۳ء

سوال: حضرت سلمان فارسیؓ نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب: ربیع الاول ۱ھ

سوال: "امین الامت" کس جلیل القدر صحابی کا خطاب ہے؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ

سوال: حضرت سلمان فارسیؓ کو آنحضرتؐ نے ایک یہودی سے کتنے میں خریدا؟

جواب چالیس (۴۰) اوقیہ میں

سوال: آنحضرتؐ نے مدینہ کے کن دو قبائل کو انصار کے لقب سے ملقب فرمایا؟

جواب: بنو اوس اور خزرج

سوال: اسلام کے سب سے پہلے اسلامی لشکر کے سپہ سالار کون تھے؟

جواب: حضرت حمزہؓ

سوال: اسلام کے پہلے لشکر میں کتنے مجاہدین شامل تھے؟

جواب: تیس مجاہدین

سوال: اسلامی لشکر کا پہلا علم کس رنگ کا تھا؟

جواب: سفید

## (ز) ۲ھ

سوال: مسلمانوں کو مسلح جہاد کی اجازت کب ملی؟

جواب: ۱۲ صفر ۲ھ / ۱۵ اگست ۶۲۳ء

سوال: سب سے پہلا غزوہ کونسا ہے جس میں آنحضرتؐ نے بذاتِ خود شرکت کی؟

Marfat.com

جواب : غزوۂ الواء

سوال : "غزوۂ" سے کیا مراد ہے ؟

جواب : ایسی لڑائی جس میں آنحضرتؐ نے بذاتِ خود شرکت کی ہو۔

سوال : غزوۂ الواء کا دوسرا نام کیا ہے ؟

جواب : غزوۂ ودان

سوال : غزوہ الوار پر اسلامی لشکر کب روانہ ہوا ؟

جواب : ۱۲ صفر ۲ھ ۱۵ اگست ۶۲۳ء

سوال : غزوہ الواء پر جاتے ہوئے آنحضرتؐ نے مدینہ میں اپنا قائم مقام کس صحابی کو بنایا ؟

جواب : حضرت سعد بن عبادہؓ

سوال : غزوہ الواء میں کتنے مجاہدین نے شرکت کی ؟

جواب : ستر (۷۰) مجاہدین

سوال : الواء کس ضلع میں واقع ہے ؟

جواب : ضلع فرع میں

سوال : غزوہ الواکو غزوہ ودآن کیوں کہا جاتا ہے ؟

جواب : کیونکہ الواء جانے سے قبل آنحضرتؐ ودآن تشریف لے گئے تھے۔

سوال : غزوہ ودآن کا مقصد کیا تھا ؟

جواب : ۱۔ مدینہ کے دفاعی حصار میں توسیع ۲۔ قریش کی اقتصادی ناکہ بندی

سوال : غزوۂ بواط کب ہوا ؟

جواب : ربیع الثانی ۲ھ بطابق اکتوبر ۶۲۳ء

سوال : آنحضرتؐ نے غزوۂ بواط کے لئے جاتے وقت مدینہ میں اپنا نائب کسے مقرر فرمایا ؟

جواب : حضرت سائب بن عثمانؓ بن مظعون کو

سوال : اس غزوہ (بواط) میں آنحضرتؐ کے ساتھ کتنے مجاہدین شامل تھے ؟

جواب : دوسو (۲۰۰)

سوال : اس غزوۂ (بواط) کا مقصد کیا تھا ؟

جواب : قریش کے تجارتی قافلہ کو روکنا جس میں ۲۵۰۰ اونٹ سامانِ تجارت سے لدے تھے۔

Marfat.com

سوال: قریش کے اس قافلے کا سردار کون تھا؟

جواب: اُمیہ بن خلف الجمحی

سوال: مذکورہ قافلے کی حفاظت کتنے سوار کر رہے تھے؟

جواب: سو سوار (۱۰۰)

سوال: اس غزوہ کا نتیجہ کیا ہوا؟ (غزوہ بواط)

جواب: قریش کو آپؐ کی آمد کی اطلاع قبل از وقت مل گئی اور کاروان ہاتھ سے نکل گیا۔

سوال: غزوہ بدر اولیٰ کب ہوا؟

جواب: ربیع الثانی ۲ھ / اکتوبر ۶۲۳ء

سوال: غزوہ بدر اولیٰ کا محرک کیا تھا؟

جواب: کرز بن جابر ایک فوجی دستے کے ساتھ مدینہ آیا اور مضافات سے مسلمانوں کی چراگاہ پر حملہ کر کے مویشی بھگا کر لے گیا۔

سوال: غزوہ بدر اولیٰ پر جاتے ہوئے آنحضرتؐ نے مدینہ میں کسے اپنا نائب مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہ رض

سوال: اس غزوے میں (غزوہ بدر اولیٰ) کتنے مجاہدین نے شرکت کی؟

جواب: ستر مجاہدین (۷۰)

سوال: غزوہ بدر اولیٰ کا دوسرا اور مشہور نام کیا ہے؟

جواب: غزوہ سفوان

سوال: غزوہ عشیرہ کب ہوا؟

جواب: جمادی الاوّل ۲ھ بمطابق نومبر ۶۲۳ء

سوال: غزوہ عُشیرہ پر جاتے ہوئے آنحضرتؐ نے مدینہ میں اپنا نائب کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد المخزومی رض

سوال: غزوہ عُشیرہ میں اسلامی لشکر کتنے مجاہدین پر مشتمل تھا؟

جواب: ایک سو پچاس (۱۵۰)

سوال: عشیرہ کا علاقہ کس بندرگاہ کے قریب واقع تھا؟

جواب: ینبوع کی بندرگاہ

Marfat.com

سوال: غزوہ عشیرہ کا مقصد کیا تھا؟

جواب: مکہ سے شام جانے والے قریش کے قافلے کو روکنا

سوال: سریہ نخلہ کب ہوا؟

جواب: رجب المرجب ۲ھ جنوری ۶۲۴ء

سوال: سریہ نخلہ کی قیادت کس نے کی؟

جواب: حضرت عبداللہ بن حجش رضؓ

سوال: غزوۂ بدر کا محرک کس سریے کو کہا جاتا ہے؟

جواب: سریہ نخلہ یا سریہ عبداللہ بن حجش رضؓ

سوال: تحویل قبلہ کا حکم کب ہوا؟

جواب: ۱۵ شعبان ۲ھ بمطابق جنوری فروری ۶۲۴ء

سوال: ہجرت کے کتنے عرصہ بعد تحویل قبلہ کا حکم ہوا؟

جواب: تقریباً اٹھارہ ماہ بعد

سوال: آنحضرتؐ کس مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے کہ قبلہ بدلنے کا حکم ہوا؟

جواب: مسجد بنو سلمہ میں

سوال: اب مسجد بنو سلمہ کس نام سے مشہور ہے؟

جواب: مسجد ذو قبلتین

سوال: رمضان المبارک کے روزے کب فرض ہوئے؟

جواب: اواخر شعبان ۲ھ اواخر فروری ۶۲۴ء

سوال: غزوہ بدر کے لئے آنحضرتؐ نے اسلامی لشکر کے ساتھ کب پیشقدمی کی؟

جواب: ۱۲ رمضان المبارک ۲ھ

سوال: سن عیسوی کے مطابق غزوہ بدر کے لئے آنحضرتؐ کب روانہ ہوئے؟

جواب: ۸ مارچ ۶۲۴ء

سوال: غزوہ بدر جارحانہ نوعیت کا تھا یا دفاعی نوعیت کا؟

جواب: دفاعی اور جارحانہ دونوں نوعیت کا

سوال: غزوہ بدر کا محرک کیا تھا؟

Marfat.com

جواب : عمرو بن الحضرمی کا قتل (سریۂ نخلہ میں) اور ابوسفیان کے ایلچی کی اہلِ مکہ کو لشکرِ اسلام کی کاروانِ تجارت (کفار کے) پر حملہ کی مبالغہ آمیز اطلاع

سوال : اس قافلہ میں جو مکہ جا رہا تھا کتنی مالیت کا سامانِ تجارت تھا ؟

جواب : پچاس ہزار سرخ دینار کا

سوال : قریش مکہ اس سامان تجارت سے حاصل ہونے والے منافع کو کس مد میں خرچ کرنے کا ارادہ رکھتے تھے ؟

جواب : مدینہ پر حملہ کر کے مسلمانوں کو ختم کرنے کے لیے

سوال : مذکورہ بالا قافلے کا امیر کون تھا ؟

جواب : ابوسفیان

سوال : مدینہ میں آنحضرتؐ نے غزوۂ بدر میں شرکت کے لیے کتنے مجاہدین کو منتخب فرمایا ؟

جواب : تین سو چودہ (۳۱۴) جبکہ غزوہ میں ۳۱۳ مجاہدین نے شرکت کی (ایک صحابی کو آنحضرتؐ نے راستے سے ہی واپس مدینہ بھیج دیا تھا ۔

سوال : غزوہ بدر کے لیے منتخب شدہ مجاہدین میں سے مہاجرین کی تعداد کیا تھی ؟

جواب : چھیاسی (۸۶)

سوال : غزوۂ بدر کے لیے منتخب کیے گئے مجاہدین میں انصار کی تعداد کیا تھی ؟

جواب : دو سو اٹھائیس (۲۲۸)

سوال : لشکرِ اسلام میں غزوہ بدر میں سواری کے لیے کتنے اونٹ تھے ؟

جواب : ستر (۷۰)

سوال : غزوہ بدر کے موقع پر کتنے گھوڑے میسر تھے جن پر آنحضرتؐ اور مجاہدین باری باری سوار ہوتے تھے ؟

جواب : صرف دو (۲)

سوال : اسلام کی پہلی باضابطہ جنگ کونسی تھی ؟

جواب : غزوہ بدر

سوال : آنحضرتؐ نے غزوہ بدر کیلئے جاتے ہوئے مدینہ میں اپنا قائم مقام کسے بنایا ؟

جواب : حضرت عمرو ابن ام کلثومؓ

سوال : روحاء کے مقام پر آنحضرتؐ نے لشکر میں سے ایک جلیل القدر صحابی کو مدینہ کا حاکم بنا کر واپس بھیج

Marfat.com

دیا صحابی کا نام بتایئے ؟

جواب : حضرت ابو لبابہؓ

سوال : غزوہ بدر میں کتنے مجاہدین نے شرکت کی ؟

جواب : تین سو تیرہ (۳۱۳)

سوال : اسلامی لشکر بدر کی طرف بڑھتے ہوئے کیا ورد کر رہا تھا ؟

جواب : "احد ، احد" کا ورد

سوال : اسلامی لشکر میں شامل کتنے مجاہدین روزے سے تھے ؟

جواب : تمام مجاہدین

سوال : غزوہ بدر میں اسلامی لشکر میں کتنے علم تھے ؟

جواب : تین

سوال : غزوہ بدر میں لشکر اسلام کی تینوں علمبردار شخصیتوں کے نام بتایئے ؟

جواب : حضرت مصعب بن عمیرؓ، حضرت علیؓ اور حضرت سعد بن معاذؓ

سوال : حضرت علیؓ کے ہاتھ میں کس رنگ کا علم تھا ؟

جواب : سیاہ

سوال : حضرت علیؓ کے علاوہ کس صحابی کے ہاتھ میں سیاہ علم تھا ؟

جواب : حضرت سعد بن معاذؓ

سوال : ابوسفیان کے اس ایلچی کا نام بتایئے جس نے مسلمانوں کی مدینہ سے روانگی کی اطلاع مکہ پہنچائی ؟

جواب : ضمضم بن عمرو غفاری

سوال : آنحضرتؐ نے قریش کے قافلے کی فوجی نقل و حرکت کی اطلاعات حاصل کرنے کے لئے کونسے دو جاسوس بدر روانہ کئے ؟

جواب : بسبس بن عمرو اور عدی بن ابی الزغبا ۔

سوال : آنحضرتؐ کے بھیجے ہوئے جاسوس قافلے کی آمد کے متعلق اطلاع لے کر منصوبے کے مطابق کس مقام پر آپؐ سے آن ملے ؟

جواب : ذفران کے مقام پر

سوال : قریش کے لشکر جرار میں کتنے جنگجو شامل تھے ؟

Marfat.com

جواب: ۹۰۰ - ۱۰۰۰ کفار

سوال: ذفران کے مقام پر جب آنحضرتؐ کو ابوسفیان کے ساحل کے راستے مکہ روانگی کی اطلاع ملی اور بدر کی طرف لشکرِ قریش کی پیشقدمی کی خبر ہوئی تو آپؐ نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ مانگا۔ مہاجرین کی طرف سے کس کس نے اپنی تقریر میں اطاعت و جانثاری کا یقین دلایا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت مقداد بن عمروؓ نے

سوال: انصار کی طرف سے کس نے نمائندہ تقریر کی؟

جواب: حضرت سعد بن معاذؓ

سوال: ابوسفیان کس مقام پر قریش کے لشکر سے آن ملا؟

جواب: جحفہ کے مقام پر

سوال: ابوسفیان نے لشکرِ قریش کے سرداروں کو کیا رائے دی؟

جواب: مکہ واپس لوٹ جانے کی

سوال: کس کے مشورے پر کفار کا لشکر مکہ واپس جانے کی بجائے بدر کی جانب بڑھا؟

جواب: ابوجہل

سوال: بدر میں پڑاؤ ڈالتے ہی آنحضرتؐ نے کن صحابہ کرام کو قریش کی جنگی تیاریوں اور میدانِ جنگ کا نقشہ معلوم کرنے بھیجا؟

جواب: حضرت علیؓ، حضرت سعد اور حضرت زبیرؓ کو۔

سوال: آنحضرتؐ نے بدر کے وسط میں میٹھے پانی کے چشمے پر چھاؤنی ڈالنے کا فیصلہ کس صحابی کے مشورے سے کیا؟

جواب: حضرت حباب بن منذرؓ

سوال: بدر کے میدان میں آنحضرتؐ کا سائبان اونچے ٹیلے پر تھا اس کی حفاظت کس کے ذمے تھی؟

جواب: حضرت سعد بن معاذؓ انصاری

سوال: جنگ بدر کا معرکہ کب ہوا؟

جواب: ۱۷ رمضان المبارک ۲ھ

سوال: سن عیسوی کے مطابق یہ جنگ کس تاریخ کو ہوئی؟

جواب: ۱۳ مارچ ۶۲۴ء

Marfat.com

سوال: قریش کی طرف سے بدر کے میدان میں جنگ کی باقاعدہ ابتدا کرنے کے لیے کون کون آیا؟

جواب: عتبہ، شیبہ (عتبہ کا بھائی)، اور ولید بن عتبہ۔

سوال: جواباً مجاہدین اسلام میں سے کون کون میدان میں اترا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن رواحہؓ، عفراء کے بیٹے معاذؓ اور معوذؓ

سوال: حضرت عبداللہ بن رواحہؓ معاذؓ اور حضرت معوذؓ کا تعلق انصار سے تھا یا مہاجرین سے؟

جواب: انصار سے

سوال: قریش مکہ کے لشکر سے جب قریشی مسلمانوں کو مقابلے کے لئے للکارا گیا اور انصاری مسلمانوں سے لڑکر جنگ کا آغاز کرنے سے انکار کیا گیا تو مجاہدین میں سے کون کون میدان میں اترا؟

جواب: حضرت علیؓ، حضرت حمزہؓ اور حضرت عبیدہ بن حارثؓ

سوال: قریش کے مشہور سرداروں اور جنگجو عتبہ اور شیبہ کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت حمزہؓ نے

سوال: ولید بن عتبہ کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت علیؓ نے

سوال: ابوجہل کس جنگ میں مارا گیا؟

جواب: جنگ بدر میں

سوال: ابوجہل کس کے ہاتھوں جہنم رسید ہوا؟

جواب: معاذؓ اور معوذؓ نے شدید زخمی کر دیا اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے سر کاٹ کر آنحضرتؐ کے سامنے پیش کیا۔

سوال: غزوۂ بدر کے دوران جلیل القدر صحابی حضرت معاذؓ کا بازو کس نے کاٹا جو انہوں نے شوقِ جہاد میں پاؤں کے نیچے رکھ کر جسم سے الگ کر دیا اور پھر جہاد میں شریک ہو گئے؟

جواب: ابوجہل کے بیٹے عکرمہ نے

سوال: لشکرِ کفار کے کتنے افراد غزوۂ بدر میں جہنم رسید ہوئے؟

جواب: ستر (۷۰)

سوال: غزوۂ بدر میں کتنے صحابہ کرام نے جامِ شہادت نوش کیا؟

جواب: چودہ (۱۴)

Marfat.com

سوال: جنگ بدر میں فتح کے بعد آپؐ نے کتنے قاصد مدینہ میں خوشخبری دینے کے لیے روانہ کیے؟

جواب: دو قاصد

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عثمانؓ نے غزوہ بدر میں بہت سے کفار کو قتل کیا؟

جواب: جی نہیں۔ وہ غزوہ بدر میں شریک نہ ہو سکے۔

سوال: جنگ کے بعد آنحضرتؐ نے بدر میں کتنے روز تک قیام فرمایا؟

جواب: تین روز تک

سوال: لشکر اسلام بدر سے واپس مدینہ کی طرف کب روانہ ہوا؟

جواب: ۲۰ رمضان المبارک ۲ھ / ۱۶ مارچ ۶۲۴ء

سوال: اسیرانِ بدر میں آنحضرتؐ کے ایک چچا بھی تھے نام بتایئے؟

جواب: عقیل بن ابی طالب

سوال: آنحضرتؐ کے کونسے داماد اسیرانِ بدر میں قید ہو کر آئے؟

جواب: ابوالعاص بن ربیع (حضرت زینبؓ کے شوہر)

سوال: ان چودہ سرداروں میں سے جنہوں نے پیغمبر آخر و اعظمؐ کے قتل کا منصوبہ دار الندوہ میں تیار کیا تھا کتنے غزوہ بدر میں مارے گئے؟

جواب: گیارہ، باقی تین بعد میں مسلمان ہو گئے۔

سوال: آنحضرتؐ نے غزوہ بدر کے اسیروں کو فدیہ لے کر رہا کر دیا بتایئے یہ مشورہ آنحضرتؐ کو کس نے دیا؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیقؓ

سوال: جن اسیرانِ بدر کا تاوان دینے والا کوئی نہ تھا ان سے کیا سلوک کیا گیا؟

جواب: پڑھے لکھے قیدیوں کو مقررہ وقت تک مدینہ کی درسگاہ میں معلم مقرر کیا اور ان پڑھ کو بغیر تاوان کے چھوڑ دیا۔

سوال: رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی تحریک اسلام میں کب شامل ہوا؟

جواب: ۲ھ

سوال: غزوہ الکدر کب ہوا؟

جواب: ۲۴، ۲۵ رمضان المبارک ۲ھ

سوال: سن عیسوی کے اعتبار سے غزوہ الکدر کب ہوا؟

Marfat.com

جواب: ۲۰/۲۱ مارچ ۶۲۴ء

سوال: غزوۂ الکدر پر روانہ ہوتے وقت آنحضرتؐ نے کسے مدینہ کا حاکم مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت سباع بن عرفطہ غفاریؓ

سوال: عید الفطر اور صدقۃ الفطر کے احکامات کب نازل ہوئے؟

جواب: ۲۸ رمضان المبارک ۲ھ / ۲۴ مارچ ۶۲۴ء

5/90

سوال: پہلی عید الفطر کب منائی گئی؟

جواب: یکم شوال ۲ھ

سوال: پہلی عید الفطر سن عیسوی کے مطابق کب منائی گئی؟

جواب: ۲۵ یا ۲۶ مارچ ۶۲۴ء کو.

سوال: پہلی عید الفطر کی امامت کس نے کی اور خطبۂ عید کس نے دیا؟

جواب: آنحضرتؐ نے خطبہ دیا اور امامت کی.

سوال: حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی رخصتی کب ہوئی؟

جواب: شوال ۲ھ اپریل ۶۲۴ء

سوال: حضرت فاطمہؓ کے شوہر کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت علیؓ

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت فاطمہؓ کو کیا جہیز میں دیا؟

جواب: ایک چارپائی، چمڑے کا تھیلا، مشکیزہ، دو چکیاں، دو مٹی کے گھڑے.

سوال: مدینہ میں کونسے تین طاقتور قبائل آباد تھے؟

جواب: بنو قینقاع، بنو نضیر اور بنو قریظہ.

سوال: میثاقِ مدینہ کی خلاف ورزی سب سے پہلے یہود کے کس قبیلے نے کی؟

جواب: بنو قینقاع

سوال: میثاق مدینہ کی خلاف ورزی بنو قینقاع نے کب کی؟

جواب: شوال ۲ھ / اپریل ۶۲۴ء

سوال: آنحضرتؐ نے یہود کی اس تنسیخ معاہدہ کے جواب میں جوابی کارروائی کب کی؟

جواب: ۱۵ شوال ۲ھ / ۱۰ اپریل ۶۲۴ء

Marfat.com

سوال : اس جوابی کارروائی کے جواب میں بنو قینقاع نے غیر مشروط ہتھیار کب ڈال دیئے ؟

جواب : یکم ذیقعد ۲ھ / ۲۶ اپریل ۶۲۴ء

سوال : بنو قینقاع کے غیر مشروط ہتھیار ڈالنے پر آنحضرتؐ نے ان سے کیا سلوک کیا ؟

جواب : جلاوطن کر دیا (اذرعات میں)

سوال : غزوہ سویق کب ہوا ؟

جواب : ۵ ذوالحجۃ ۲ھ / ۲۹ مئی ۶۲۴ء

سوال : اس غزوہ کو غزوہ سویق کیوں کہا جاتا ہے ؟

جواب : اس جنگ میں ستوؤں کے تھیلوں نے اہم کام کیا۔ اس لئے اسے ستوؤں کی لڑائی یا غزوہ سویق کہتے ہیں۔

سوال : غزوہ سویق میں مدینہ پر شبخون مارنے کے لئے کفار کے چھاپہ مار دستے کی قیادت کس نے کی ؟

جواب : ابوسفیان نے

سوال : اس چھاپہ مار دستے میں کتنے افراد شامل تھے ؟

جواب : دو سو چھاپہ مار

سوال : غزوہ سویق میں مسلمانوں کا کتنا جانی نقصان ہوا ؟

جواب : ایک صحابی شہید ہوئے۔

سوال : مسلمانوں نے پہلی عید الضحیٰ کب منائی ؟

جواب : ۱۰ ذی الحجہ ۲ھ کو

سوال : سن عیسوی کے مطابق مسلمانوں نے پہلی عید الضحیٰ کب منائی ؟

جواب : ۳ جون ۶۲۴ء کو

سوال : قربانی کا حکم کب ہوا ؟

جواب : ذی الحجہ ۲ھ / جون ۶۲۴ء میں

سوال : قربانی کس پیغمبر کی سنت کا احیاء ہے ؟

جواب : حضرت ابراہیمؑ

سوال : آنحضرتؐ نے پہلی عید الضحیٰ کے موقع پر کتنے جانور ذبح کئے ؟

جواب : دو مینڈھے

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ نے پہلی عید الضحیٰ کہاں منائی؟

جواب: مدینہ منورہ میں۔

## ۳ھ

سوال: غزوہ ذی امر کب ہوا؟

جواب: محرم الحرام ۳ھ

سوال سن عیسوی کے مطابق غزوۂ ذی امر کب ہوا؟

جواب: جون ۶۲۴ء

سوال: اس غزوے (غزوۂ ذی امر) کے دوسرے نام بتایئے؟

جواب: غزوۂ انمار اور غزوہ غطفان

سوال: غزوہ انمار کا محرک یہ تھا کہ نجد کے ایک قبیلے غطفان نے اپنے سردار کی سرکردگی میں مدینے کو تباہ کرنے کا منصوبہ بنایا سردار کا نام بتایئے؟

جواب: دعثور غطفان

سوال: غزوہ غطفان پر جاتے ہوئے کسے مدینے کا حاکم مقرر کیا گیا؟

جواب: حضرت عثمانؓ بن عفان

سوال: غزوہ ذی امر میں کتنے مجاہدین نے شرکت کی؟

جواب: چار سو (۴۰۰)

سوال: غزوہ غطفان میں آنحضرتؐ کی پیشقدمی کی اطلاع پا کر قبائلی منتشر ہو کر پہاڑوں میں چھپ گئے آپؐ نے دوسرے قبائل کو مرعوب کرنے کی غرض سے کتنے عرصہ تک نجد میں قیام فرمایا؟

جواب: ڈیڑھ ماہ تک (۱½ ماہ)

سوال سریۂ محمد بن مسلمہؓ کب ہوا؟

جواب: ۱۴ ربیع الاوّل ۳ھ میں

سوال: سن عیسوی کے مطابق سریۂ محمد بن مسلمہ کب ہوا؟

جواب: ۴ ستمبر ۶۲۴ء میں

سوال: سریۂ محمد بن مسلمہؓ کا مقصد و محرک کیا تھا؟

Marfat.com

جواب: یہود کے سردار، شاعر اور باغیانہ سرگرمیوں کے سرغنہ کو ختم کرنا جو مسلمانوں کے خلاف لوگوں
کو بھڑکاتا تھا۔

سوال: غزوہ بحران کب ہوا؟

جواب: ربیع الثانی ۳ھ ستمبر۔ اکتوبر ۶۲۴ء

سوال: غزوہ بحران کا محرک کس قبیلے کی بغاوت تھا؟

جواب: بنو سلیم

سوال: آنحضرتؐ نے غزوۂ بحران پر جاتے ہوئے کس صحابی کو مدینہ میں اپنا قائم مقام بنایا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن ام کلثومؓ

سوال: آنحضرتؐ کے ساتھ اس لشکرِ اسلامی میں کتنے مجاہدین تھے جنہوں نے غزوۂ بحران میں حصہ لیا

جواب: تین سو (۳۰۰)

سوال: سریہ زید بن حارثہؓ کب ہوا؟

جواب: جمادی الثانی ۳ھ بمطابق اکتوبر۔ نومبر ۶۲۴ء

سوال: سریہ زید بن حارثہؓ کا مقصد کیا تھا؟

جواب: عراق جانے والے قریشی قافلہ کو روکنا اور ان کو معاشی محاذ پر زیر کرنا

سوال: سریہ زید بن حارثہؓ میں کتنے مجاہدین نے شرکت کی؟

جواب: ایک سو مجاہدین

سوال: سریۂ زید بن حارثہؓ میں قریش کا لاکھوں روپے کا مال غنیمت (تجارتی مال) ہاتھ لگا اور امیر
کارواں بھی گرفتار ہوا نام بتایئے؟

جواب: فرات بن حیان عجلی

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت حفصہؓ سے کب نکاح کیا؟

جواب: شعبان ۳ھ جنوری، فروری ۶۲۵ء

سوال: جبل اُحد مدینہ کے کس جانب ہے؟

جواب: شمال کی جانب شرقاً غرباً پھیلا ہے۔

سوال: جبل اُحد مدینہ سے کتنی دور ہے؟

جواب: تین میل

Marfat.com

سوال : غزوۂ احد کب ہوا ؟

جواب : ۶ر شوال ۳ھ

سوال : سن عیسوی کے مطابق غزوۂ احد کب ہوا ؟

جواب : ۲۲ مارچ ۶۲۵ء

سوال : جنگ اُحد میں قریش کے لشکر کا سردار کون تھا ؟

جواب : ابوسفیان

سوال : میدانِ اُحد میں پہلے مسلم لشکر پہنچا یا لشکر کفار ؟

جواب : لشکر کفار

سوال : آنحضرتؐ نے وادیِ احد میں پڑاؤ ڈالنے کے فوراً بعد کن صحابہ کرام کو لشکرِ کفار کی جاسوسی کے لئے بھیجا ؟

جواب : حضرت انس بن فضالہؓ ، حضرت مونس بن فضالہؓ اور حضرت حباب بن منذرؓ

سوال : آنحضرتؐ نے غزوۂ احد پر روانہ ہونے وقت مدینہ کا حاکم کس صحابی کو مقرر فرمایا ؟

جواب : حضرت ابن امِ مکتومؓ کو

سوال : غزوہ اُحد میں لشکرِ اسلامی کتنے مجاہدین پر مشتمل تھا (جو مدینہ سے روانہ ہوا) ؟

جواب : ایک ہزار (۱۰۰۰)

سوال : کس مقام پر عبداللہ بن اُبی اپنے تین سو سواروں کو لے کر الگ ہو گیا ؟

جواب : شوط کے مقام پر

سوال : اُحد کے میدانِ جنگ میں ابوسفیان (سپہ سالار کفار) نے میمنہ ، میسرہ اور قلب پر سالار کن جنگجو جوانوں کو مقرر کیا ؟

جواب : میمنہ پر خالد بن ولید ، میسرہ پر عکرمہ بن ابوجہل اور قلب پر صفوان بن امیہ

سوال : میدانِ اُحد میں کفار کے کہنہ مشق تیر انداز دستے کی قیادت کون کر رہا تھا ؟

جواب : عبداللہ بن اُبی ربیعہ

سوال : لشکرِ کفار میں عرب کا ایک مشہور شاعر بھی تھا جو جنگ بدر میں تاوان نہ دینے کے باوجود اس شرط پر رہا کر دیا گیا تھا کہ وہ آئندہ مسلمانوں کے خلاف جنگ میں حصہ نہ لے گا ؟ نام بتایئے ؟

جواب : ابوعزہ

Marfat.com

سوال : لشکرِ کفار میں جو وادی احد میں اترا ابوسفیان کی بیوی بھی شامل تھی جو اپنے باپ عتبہ کا بدلہ لینے کے لیئے بے چین تھی؟ نام بتایئے؟

جواب : ہند بنت عُتبہ

سوال : غزوۂ اُحد میں حضرت مصعب بن عمیرؓ کی والدہ جو مشرکہ تھیں لشکرِ کفار میں شامل تھیں نام بتایئے؟

جواب : خناس

سوال : غزوہ اُحد میں کس پہاڑی پر آنحضرتؐ نے تیراندازوں کا ایک دستہ مقرر فرمایا جسے ہدایت تھی کہ کسی بھی صورت میں وہ آنحضرتؐ کی اجازت کے بغیر اپنی جگہ سے نہ ہٹیں؟

جواب : جبل عینین (بعد میں جبل الرماۃ)

سوال : غزوہ احد میں مقرر کردہ تیرانداز دستے کا سالار کون تھا؟

جواب : حضرت عبداللہ بن جُبیرؓ

سوال : حضرت عبداللہ بن جبیرؓ کی زیرِ قیادت دستہ میں کتنے تیرانداز شامل تھے؟

جواب : پچاس تیرانداز

سوال : لشکرِ کفار کا (غزوۂ احد میں) علمبردار کون تھا؟

جواب : طلحہ بن ابی طلحہ (خاندان بنو عبدالدار کے)

سوال : غزوۂ اُحد میں لشکرِ اسلام کا علمبردار ہونے کا شرف کسے نصیب ہوا؟

جواب : حضرت مصعب بن عمیرؓ (بنو عبدالدار ہی کے)

سوال : غزوۂ اُحد میں آنحضرتؐ نے میمنہ اور میسرہ کا سالار کن کن صحابہ کرام کو مقرر فرمایا؟

جواب : حضرت زبیر بن عوامؓ (میمنہ) اور منذر بن عمروؓ (میسرہ)

سوال : آنحضرتؐ نے غزوۂ اُحد میں اپنی تلوار ایک جلیل القدر صحابی اور جنگجو مجاہد کو عطا فرمائی نام بتایئے کس صحابی کو؟

جواب : حضرت ابودجانہؓ کو

سوال : جنگ اُحد میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟

جواب : اَمِت۔ اَمِت (مارو۔ مارو)

سوال : جنگ کا آغاز کس طرف سے ہوا؟

Marfat.com

جواب: قریش کی طرف سے جب ابوسفیان کی بیوی ہندؓ کی قیادت میں خواتین دف بجاتی اور رجز گاتی میدان کارِ زار میں نکلیں۔

سوال: غزوۂ احد میں جب قریش کے علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ نے مردِ مقابل کو للکارا تو کون مقابلے پر آیا؟ (جس نے طلحہ کو قتل کر دیا)

جواب: حضرت علی مرتضےٰ رضؓ

سوال: غزوۂ احد میں آنحضرتؐ کے پیارے چچا اور لشکرِ اسلام کے اولین سپہ سالار شہید ہو گئے نام بتایئے؟

جواب: حضرت حمزہؓ

سوال: حضرت حمزہؓ کے قاتل کا نام بتایئے؟

جواب: وحشی

سوال: جب ابوسفیان کی چال کے مطابق غزوہ احد میں کفار پیچھے ہٹنے لگے اور مجاہدین فتح کی خوشی میں مال غنیمت پر ٹوٹ پڑے تو تیرانداز دستہ بھی کمانڈر کی ہدایت کی پرواہ کئے بغیر ان میں شامل ہو گیا کتنے تیرانداز اپنی جگہ پر ڈٹے رہے؟

جواب: صرف ۱۰ تیرانداز

سوال: غزوہ احد میں جب افراتفری پھیل گئی تو ایک پتھر لگنے سے آنحضرتؐ کے نیچے کے دندان مبارک شہید ہو گئے بتایئے یہ پتھر کس نے مارا؟

جواب: عتبہ بن ابی وقاص نے

سوال: غزوہ احد میں کس شخص نے آنحضرتؐ کے سر پر اس زور سے وار کیا کہ خود کے دو حلقے چہرہ مبارک میں دھنس گئے اور آپؐ لڑکھڑا کر گر پڑے؟

جواب: ابن قمیہ

سوال: آنحضرتؐ کے چہرہ مبارک سے (غزوہ احد میں) لہو صاف کرنے کی سعادت کس کے حصہ میں آئی؟

جواب: حضرت مالک بن سنان خدریؓ

سوال: غزوہ احد میں آنحضرتؐ کے چہرہ مبارک میں خود کے دو حلقے دھنس گئے تھے انہیں کس نے نکالا اور اس دوران آپؐ کے دو دانت ضائع ہو گئے؟

جواب: حضرت ابو عبیدہ بن جراحؓ

سوال: غزوہ احد میں وہ کون سے صحابی تھے جو آنحضرتؐ کے ہم شکل تھے اور جب آنحضرتؐ کو بچاتے

Marfat.com

ہوئے شہید ہو گئے تو یہ مشہور ہو گیا کہ آپ کو شہید کر دیا گیا ہے ؟

جواب : حضرت مصعب بن عمیرؓ

سوال : غزوۂ احد میں آنحضرتؐ کے شہید ہونے کی افواہ کس نے پھیلائی ؟

جواب : ابن قمیہ نے

سوال : غزوہ احد میں جب آنحضرتؐ کی وفات کی افواہ سے مسلمانوں میں بد دلی پھیلنے لگی تو کس صحابی نے اپنے پُر جوش نعروں سے مجاہدین کو یقین دلایا کہ آنحضرتؐ زندہ ہیں ؟

جواب : حضرت کعب بن مالکؓ

سوال : جنگ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے ؟

جواب : ستر (۷۰)

سوال : جنگ احد میں کتنے مسلمان زخمی ہوئے ؟

جواب : چالیس (۴۰)

سوال : جنگ احد میں زخمیوں کی دیکھ بھال میں جن خواتین نے حصہ لیا ان کے نام بتایئے ؟

جواب : حضرت عائشہؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت ام سلیمؓ، حضرت ام سلیطؓ

سوال : اس جری بہادر اور عظیم مسلمان خاتون کا نام بتایئے جو آنحضرتؐ کی حفاظت کرتے ہوئے جنگ احد میں شدید زخمی ہو گئیں ؟

جواب : حضرت ام عمارہؓ

سوال : غزوہ احد کے لیے لشکر کفار کی تیاری کی اطلاع مکہ سے کس نے آنحضرتؐ کو بھجوائی ؟

جواب : حضرت عباسؓ نے (آنحضرتؐ کے چچا)

سوال : جنگ احد میں آنحضرتؐ نے کس صحابی کی تیر اندازی سے خوش ہو کر فرمایا "تیر چلاؤ میرے ماں باپ تم پر قربان" ؟

جواب : حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

سوال : شہدائے اُحد کو کس طرح دفن کیا گیا ؟

جواب : دو، دو، تین تین صحابہ کو ایک ایک قبر میں ساتھ ساتھ دفن کیا جو لاشیں مدینہ گئی تھیں وہ بھی واپس منگوا کر احد میں دفن کیں ۔

سوال : شہدائے احد کو کس نے غسل دیا اور نماز جنازہ کس نے پڑھائی ؟

Marfat.com

جواب: غسل دیا گیا نہ نماز جنازہ پڑھائی گئی۔

سوال: غزوہ احد میں آنحضرتؐ کے کتنے دانت مبارک شہید ہوئے؟

جواب: دو داور بعض جگہ چار بھی ہے)

سوال: غزوہ احد میں جب کفار آپؐ پر تیر برسا رہے تھے تو آنحضرتؐ کی زبان پر کیا کلمات تھے؟

جواب: "اے خدا میری قوم کی مغفرت فرما۔ وہ جانتے نہیں"۔

سوال: غزوہ احد میں آنحضرتؐ نے کتنے مجاہدین کو ان کی کمسنی کی وجہ سے میدانِ جنگ سے واپس کر دیا؟

جواب: سترہ (۱۷)

سوال: غزوہ احد میں آنحضرتؐ کے زخم آپؐ کی کس بیٹی نے دھوئے اور مرہم پٹی کی؟

جواب: حضرت فاطمہؓ بنت محمدؐ

سوال: حضرت ابوبکرؓ کے خسر کا نام بتایئے جو جنگ احد میں کفار کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہو گئے؟

جواب: حضرت خارجہ بن زیدؓ

سوال: حضرت عبداللہ بن جحشؓ جو غزوہ احد میں شہید ہوئے آنحضرتؐ کے برادر نسبتی تھے بتایئے وہ آنحضرتؐ کی کس زوجہ مطہرہ کے بھائی تھے؟

جواب: حضرت زینب بنت جحشؓ

سوال: غزوہ احد کے فوراً بعد قریش کے تعاقب اور ان کے متوقع حملے (مدینہ پر) کے پیش نظر آنحضرتؐ نے غزوہ احد میں شریک ہونیوالے صحابہ کرام کے ساتھ کس جانب پیشقدمی کی؟

جواب: حمراالاسد کی طرف

سوال: آنحضرتؐ حمراالاسد کس تاریخ کو پہنچے؟

جواب: ۱۶ شوال ۳ھ یکم اپریل ۶۲۵ء بروز ہفتہ

سوال: حمراالاسد مدینہ سے کتنے فاصلہ پر ہے؟

جواب: آٹھ میل کے فاصلہ پر مکہ کی جانب

سوال: غزوہ احد میں پیچھے ہٹنے کے بعد لشکرِ کفار نے کہاں پڑاؤ ڈالا تاکہ ایک بار پھر مدینہ پر بھرپور حملے کی تیاری کا منصوبہ بنا سکے؟

Marfat.com

جواب: الروحاء کے مقام پر

سوال: بنو خزاعہ کے اس رئیس کا نام بتایئے جو مسلمان تو نہ تھا مگر مسلمانوں کی پس پردہ مدد کرتے ہوئے ابوسفیان کو مسلمانوں کی جنگی طاقت کے متعلق مبالغہ آمیز باتیں بتائیں جس کی وجہ سے ابوسفیان کو دوبارہ حملہ کئے بغیر مکہ واپس جانے پر مجبور ہونا پڑا؟

جواب: معبد خزاعی

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت زینب بنت خزیمہؓ سے کب نکاح کیا؟

جواب: شوال تا ذوالحجہ ۳ھ / مارچ تا مئی ۶۲۵ء کے درمیان

سوال: غزوہ احد کا ہنگامہ ختم ہوتے ہی آنحضرتؐ نے اپنی کس صاحبزادی کا نکاح حضرت عثمانؓ سے کیا؟

جواب: حضرت اُم کلثومؓ

سوال: مسلمانوں کو مشرک عورتوں سے نکاح کی ممانعت کا حکم کب نازل ہوا؟

جواب: ۳ھ

سوال: حضرت امام حسنؓ کب پیدا ہوئے؟

جواب: ۱۵ رمضان المبارک ۳ھ کو

سوال: غزوہ اُحد میں آنحضرتؐ نے صرف ایک شخص کو قتل کیا نام بتایئے؟

جواب: اُبی بن خلف

سوال: غزوہ احد میں کس نے حضرت حمزہؓ کی لاش کا مثلہ کیا؟

جواب: ہندہ

سوال: غزوہ احد میں آنحضرتؐ کی پھوپھی حضرت صفیہؓ کے ایک حقیقی بھائی شہید ہوگئے تھے نام بتایئے؟

جواب: حضرت حمزہؓ

## ۴ھ

سوال: سریہ ابی سلمہ مخزومیؓ کے لئے مجاہدین کب روانہ ہوئے؟

جواب: یکم محرم ۴ھ / ۱۳ جون ۶۲۵ء

سوال: ۴ھ کا آغاز ایک سریے سے ہوا نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: سریہ ابی سلمہ مخزومیؓ

سوال: سریہ ابی سلمہؓ میں کتنے مجاہدین شریک ہوئے اور قیادت کس نے کی؟

جواب: ڈیڑھ سو (۱۵۰ مجاہدین) ابو سلمہؓ

سوال: سریہ ابی سلمہؓ کا مقصد کیا تھا؟

جواب: قبیلہ بنو اسد کی متوقع بغاوت کو قبل از وقت دبانا۔

سوال: قبیلہ بنو اسد کہاں آباد تھا؟

جواب: کوہستانی علاقے قطن میں

سوال: قبیلہ بنو اسد کا سردار کون تھا جو مسلمانوں پر جارحیت کی تیاری کر رہا تھا؟

جواب: طلحہ اور سلمہ

سوال: ۵ محرم ۴ھ کو مسلمانوں نے کس صحابی کو سفیان بن خالد جو بنو لحیان کا سردار تھا اور بغاوت کی تیاریاں کر رہا تھا اور مسلمانوں کے خلاف لوگوں کو بھڑکا رہا تھا کے قتل کے لئے بھیجا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن انیسؓ

سوال: سن عیسوی کے اعتبار سے حضرت عبداللہ بن انیسؓ کب روانہ ہوئے؟

جواب: ۱۷ جون ۶۲۵ء

سوال: اس مہم کو تاریخ میں کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

جواب: سریہ عبداللہ بن انیسؓ

سوال: حضرت عبداللہ بن انیسؓ کامیابی کے بعد مدینہ کب پہنچے؟

جواب: ۲۳ محرم الحرام ۴ھ / ۵ جولائی ۶۲۵ء

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت عبداللہ بن انیسؓ کی کامیابی پر خوش ہو کر انہیں کیا انعام دیا؟

جواب: اپنا عصا عطا فرمایا اور فرمایا "اسے پکڑو اور جنت میں چلے جاؤ"۔

سوال: حضرت عبداللہ بن انیسؓ کی وفات کے بعد یہ عصا کسے دیا گیا؟

جواب: حضرت عبداللہؓ بن انیس کی وصیت کے مطابق کفن میں رکھ دیا گیا۔

سوال: بنو لحیان اور عضل و قارہ کے لوگوں نے غزوۂ احد کا بدلہ لینے کے لئے کتنے مبلغین اس دھوکے سے اپنے ہاں بلایا؟

جواب: سات

Marfat.com

سوال : بنولحیان اور عضل وقارہ کے لوگوں نے خصوصاً کس صحابی کو بھیجنے کی درخواست کی تھی ؟

جواب : حضرت عاصم بن ثابتؓ

سوال : حضرت عاصم بن ثابتؓ کے سر کی کیا قیمت مسافع بن طلحہ کی والدہ نے مقرر کی تاکہ وہ اپنے بیٹے (مسافع بن طلحہ) کا بدلہ لے سکے جس کو حضرت عاصمؓ نے غزوۂ احد میں مار ڈالا تھا ؟

جواب : سو اونٹ

سوال : مسلم مبلغین کی اس سات رکنی جماعت کے امیر کون تھے جو بنولحیان اور عضل و قارہ کی دعوت پر بھیجے گئے ؟

جواب : حضرت عاصم بن ثابتؓ اور حضرت مرثد بن ابی مرثدؓ

سوال : بنولحیان نے مبلغین کی اس سات رکنی جماعت پر کس مقام پر حملہ کیا ؟

جواب : رجیع کے مقام پر

سوال : رجیع کے مقام پر کفار کے کتنے سواروں نے اس سات رکنی جماعت پر حملہ کیا ؟

جواب : دو سو ۔ جن میں ۱۰۰ تیر انداز تھے

سوال : رجیع کا یہ المناک واقعہ کب پیش آیا ؟

جواب : صفر ۴ھ / جولائی ، اگست ۶۲۵ء

سوال : رجیع کے مقام پر اس سات رکنی مبلغین کی جماعت میں سے کتنے صحابہ کرام کو شہید کر دیا گیا ؟

جواب : پانچ کو

سوال : کفار کی سب سے بڑی خواہش یہ تھی کہ حضرت عاصم بن ثابتؓ کا سر کاٹ کر سو اونٹ حاصل کریں مگر یہ خواہش حسرت بن کر رہ گئی بتایئے کس طرح ؟

جواب : پہلے حضرت عاصمؓ کی نعش پر شہد کی مکھیوں نے ہجوم کر لیا پھر اتنی بارش ہوئی کہ لاش کا پتہ ہی نہ چل سکا کہ کدھر بہا کر لے گئی ۔

سوال : رجیع کے المناک حادثے میں جو دو صحابہ بچ گئے انہیں کفار نے مکہ جا کر فروخت کر دیا اور پھر قریش نے حرم کے باہر کس مقام پر انہیں شہید کیا ؟

جواب : تنعیم کے مقام پر

سوال : "واللہ ! مجھے تو یہ بھی گوارا نہیں کہ میرے بچاؤ کے بدلے رسولؐ کے پائے مبارک میں کانٹا بھی چبھ جائے ۔" یہ الفاظ تنعیم کے مقام پر شہید ہونے والے ایک جلیل القدر صحابی نے اسوقت

Marfat.com

کہے جب ان سے مقتل میں پوچھا گیا کہ کیا تم پسند کرو گے کہ تمہارے بدلے محمدؐ کو قتل کر دیا جائے،
صحابی کا نام بتایئے ؟

جواب : حضرت زید بن الدثنہ رضؓ

سوال : حضرت زید بن الدثنہ رضؓ کو کس جلاد نے شہید کیا ؟

جواب : صفوان کے غلام نسطاس نے

سوال : واقعہ رجیع کا دوسرا نام کیا ہے ؟

جواب : سریۂ ابی مرثد الغنوی رضؓ

سوال : نجد کے قبیلہ کلاب کے اس سردار کا نام بتایئے جو آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور درخواست کی کہ مسلمان مبلغین اور معلمین کی ایک جماعت اہلِ نجد کے ہاں بھیجی جائے اور اس جماعت کی حفاظت کی ضمانت بھی دی ؟

جواب : ابو براء بن مالک کلابی

سوال : ابو براء بن مالک کلابی کی درخواست پر آنحضرتؐ نے کتنے مبلغین کی جماعت نجد روانہ کی ؟

جواب : بعض جگہ ۴۰ درج ہے اور بعض جگہ ۷۰، جن میں اکثریت اصحاب صفہ کی تھی ۔

سوال : آنحضرتؐ نے مبلغین کی جو جماعت نجد روانہ کی اس کا امیر کسے مقرر کیا ؟

جواب : حضرت منذر بن عمرو ساعدی رضؓ (حضرت عمرؓ کے خسر)

سوال : حضرت منذر بن عمرو رضؓ کی قیادت میں جانے والی مبلغین کی یہ جماعت کس نام سے مشہور ہوئی ؟

جواب : قراء

سوال : قراء کی جماعت کس مقام پر قیام پذیر تھی جب اس پر حملہ کر کے مبلغین کو شہید کر دیا گیا ؟

جواب : بئر معونہ کے مقام پر

سوال : جماعت قراء کی شہادت یا بئر معونہ کا انسانیت سوز واقعہ کب پیش آیا ؟

جواب : صفر ۴ھ / جولائی، اگست ۶۲۵ء

سوال : قراء کی جماعت نے بئر معونہ کے مقام پر قیام کیا اور امیر جماعت نے کس صحابی کو آنحضرتؐ کا نامہ مبارک دے کر بنو عامر کے رئیس عامر بن طفیل کے پاس بھیجا ؟

جواب : حضرت حرام بن ملحان رضؓ

سوال : بنو عامر کے سردار عامر بن طفیل نے حضرت حرام بن ملحان رضؓ سے کیا سلوک کیا ؟

Marfat.com

جواب: نامہ مبارک پڑھے بغیر حضرت حرامؓ کو قتل کروا دیا۔

سوال: عامر بن طفیل نے اپنے قبیلے کی مدد نہ ملنے پر کس قبیلے کی مدد سے قراء کی جماعت پر حملہ کر کے صحابہ کرام کو شہید کر دیا؟

جواب: بنو سلیم کے قبائل عصیہ، رعل اور ذکوان کی مدد سے۔

سوال: قراء کی جماعت میں سے کتنے صحابہ کرام زندہ بچ سکے؟

جواب: صرف دو افراد (کعب بن زیدؓ اور عمرو بن امیہ الضمریؓ)

سوال: حضرت کعبؓ اور حضرت عمرو بن امیہؓ کس طرح جان بچا سکے؟

جواب: حضرت کعبؓ کو مردہ سمجھ کر چھوڑ دیا گیا اور حضرت عمرو بن امیہؓ کو اس لئے چھوڑ دیا گیا کہ عامر بن طفیل کی ماں نے قبیلہ ضمری کے ایک شخص کو آزاد کرنے کی منت مانگی تھی۔

سوال: غزوۂ بنو نضیر پر لشکرِ اسلام کب روانہ ہوا؟

جواب: یکم ربیع الاول ۴ھ / اگست، ستمبر ۶۲۵ء

سوال: غزوۂ بنو نضیر پر جاتے ہوئے آنحضرتؐ نے مدینہ میں اپنا قائم مقام کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت ابن ام مکتومؓ کو

سوال: شراب کب حرام ہوئی؟

جواب: ۴ھ (بعض جگہ ۳ھ بھی آیا ہے)

سوال: جوا کی ممانعت کے احکامات کب نازل ہوئے؟

جواب: ۴ھ میں

سوال: بنو غطفان کے قبائل بنی محارب اور بنی ثعلبہ کے مدینہ منورہ کو تخت و تاراج کرنے کے منصوبوں کو خاک میں ملانے کے لئے آنحضرتؐ مجاہدین کے ساتھ کب روانہ ہوئے؟

جواب: جمادی الاول ۴ھ / اکتوبر، نومبر ۶۲۵ء

سوال: جمادی الاول ۴ھ میں ہونے والے اس غزوے کا کیا نام ہے جو غطفان کے قبائل کے خلاف ہوا؟

جواب: غزوہ ذات الرقاع

سوال: غزوہ ذات الرقاع پر روانگی کے وقت آنحضرتؐ نے مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت عثمان بن عفانؓ کو۔

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کے ساتھ غزوہ ذات الرقاع میں کتنے مجاہدین شریک تھے؟

جواب: بعض جگہ چار سو اور کچھ کتابوں میں سات سو

سوال: ذات الرقاع کا مقام عرب کے کس علاقے میں ہے؟

جواب: نجد کے علاقے میں

سوال: غزوہ ذات الرقاع میں مسلمانوں کا کتنا جانی نقصان ہوا؟

جواب: تصادم و قتال کی نوبت ہی نہ آئی۔

سوال: آنحضرتؐ نے کس غزوہ میں خصوصی طور پر صلوٰۃ خوف پڑھائی؟

جواب: غزوہ ذات الرقاع میں۔

سوال: غزوہ ذات الرقاع میں آنحضرتؐ نے کس مقام پر چھاؤنی ڈالی؟

جواب: ذات الرقاع نام کی پہاڑی پر جہاں مختلف رنگوں کے نشان تھے۔

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت ام سلمہ بنت ابی اُمیہ سے کب نکاح فرمایا؟

جواب: شوال ۴ھ / مارچ ۶۲۶ء

سوال: غزوہ بدر الاخریٰ کب ہوا؟

جواب: ذیقعد ۴ھ / اپریل ۶۲۶ء

سوال: غزوہ بدر الاخریٰ پر روانہ ہوتے وقت آنحضرتؐ نے مدینہ کا عامل کسے بنایا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

سوال: غزوۂ بدر الاخریٰ میں لشکرِ اسلام کتنے مجاہدین پر مشتمل تھا؟

جواب: پندرہ سو (۱۵۰۰)

سوال: غزوہ بدر الاخریٰ میں مسلمانوں کا حریف کون تھا؟

جواب: ابوسفیان لشکرِ قریش کے ہمراہ

سوال: ابوسفیان جنگ بدر الاخریٰ کے لئے کتنا لشکر لے کر نکلا؟

جواب: دو ہزار کفار (۲۰۰۰)

سوال: اس جنگ (بدر الاخریٰ) میں مسلمانوں کا کتنا جانی نقصان ہوا؟

جواب: تصادم و قتال نہیں ہوا۔

سوال: ابوسفیان جب جنگ بدر الاخریٰ کے لئے نکلا تو راستے ہی میں ہمت ہار کر واپس لشکر سمیت

Marfat.com

مکہ چلا آیا بتایئے کس مقام سے واپس آیا ؟

جواب : مرالظہران سے ۔

سوال : غزوہ بدر الاخریٰ کا دوسرا نام کیا ہے ؟

جواب : غزوہ بدر موعود یا غزوہ بدر ثانیہ

سوال : یہود مدینہ کی زبان کیا تھی ؟

جواب : عبرانی

سوال : ۴ھ میں آنحضرتؐ نے ایک صحابی کو فوری طور پر عبرانی زبان سیکھنے کی ہدایت فرمائی نام بتایئے ؟

جواب : حضرت زید بن ثابتؓ

سوال : آنحضرتؐ کے حکم پر حضرت زید بن ثابتؓ نے کتنے عرصہ میں عبرانی زبان سیکھ لی ؟

جواب : صرف ۱۵ دن میں

سوال : حضرت امام حسینؓ کب پیدا ہوئے ؟

جواب : ۵ شعبان ۴ھ (بعض جگہ ۳ شعبان بھی آیا ہے)

سوال : ۴ھ میں آنحضرتؐ کے کس نواسے کا انتقال ہو گیا ؟

جواب : حضرت عبداللہ بن عثمانؓ

## ۵ھ

سوال : آنحضرتؐ غزوہ دومتہ الجندل کے لئے مدینہ سے کب روانہ ہوئے ؟

جواب : ۲۵ ربیع الاول ۵ھ بمطابق ۲۴ اگست ۶۲۶ء

سوال : آنحضرتؐ نے کتنے مجاہدین کے ساتھ دومتہ الجندل کی طرف پیشقدمی کی ؟

جواب : ایک ہزار (۱۰۰۰)

سوال : آنحضرتؐ نے دومتہ الجندل کی طرف روانہ ہوتے وقت کسے مدینہ میں اپنا قائمقام مقرر فرمایا ؟

جواب : سباع بن عرفطہ غفاریؓ

سوال : لشکرِ اسلام کو دومتہ الجندل پر حملہ کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ؟

جواب : مشرکین کثیر تعداد میں دومتہ الجندل میں جمع ہو کر سازشیں کر رہے تھے ۔

سوال : آنحضرتؐ دومتہ الجندل سے واپس مدینہ کب پہنچے ؟

Marfat.com

جواب: ۲۰ ربیع الثانی ۵ھ بمطابق ۸ استمبر ۶۲۶ء

سوال: غزوۂ دومتہ الجندل میں مسلمانوں کا جانی نقصان کتنا ہوا؟

جواب: قتال کی نوبت نہ آئی۔

سوال: ۵ھ میں جب آنحضرت صلعم کو بنو المصطلق کی ریشہ دوانیوں کی اطلاع ملی تو آپؐ نے تصدیق کے لئے کسے بھیجا؟

جواب: حضرت زید بن خصیبؓ

سوال: بنو المصطلق کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب: بنی خزاعہ سے

سوال: بنو المصطلق کے سردار کا کیا نام تھا؟

جواب: حارث بن ابی ضرار

سوال: قبیلہ بنو المصطلق کس علاقے میں آباد تھا؟

جواب: قدید کے علاقے میں مریسیع کے چشمے کے گرد۔

سوال: آنحضرتؐ غزوۂ مریسیع کے لئے مدینہ منورہ سے کب روانہ ہوئے؟

جواب: ۲ شعبان ۵ھ / ۲۸ دسمبر ۶۲۶ء

سوال: غزوۂ مریسیع پر جانے سے قبل آنحضرتؐ نے مدینہ منورہ میں کسے اپنا قائم مقام بنایا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہؓ

سوال: غزوۂ مریسیع میں دشمن کا کتنا جانی اور مالی نقصان ہوا؟

جواب: ۱۰ مبارز مارے گئے۔ دو ہزار اونٹ اور ۵ ہزار بکریاں مسلمانوں کے ہاتھ آئیں۔

سوال: بنو المصطلق سے روابط بہتر بنانے اور انہیں یہود سے دور رکھنے کے لئے آنحضرتؐ نے قبیلہ کے رئیس حارث بن ابی ضرار کی کس بیٹی سے نکاح کر لیا؟

جواب: حضرت جویریہؓ

سوال: حضرت عائشہؓ صدیقہ پر منافقین نے ۵ھ میں بہتان تراشی کی بتایئے۔ اس واقعہ کو عموماً کیا نام دیا جاتا ہے؟

جواب: واقعہ افک

سوال: واقعہ افک کے پس منظر میں کس اسلام دشمن کی منافقت کارگر تھی؟

Marfat.com

جواب: عبداللہ بن اُبی

سوال: اللہ تعالیٰ نے کس سورۃ مبارک میں حضرت عائشہؓ کی بے گناہی کا ثبوت دیا۔

جواب: سورۃ نور میں

سوال: شوال ۵ھ، بمطابق فروری، مارچ ۶۲۷ء میں آنحضرتؐ کے نکاح میں کونسی خاتون آئیں؟

جواب: حضرت زینب بنت جحشؓ

سوال: حجاب کے احکامات کب نازل ہوئے؟

جواب: یکم ذیقعد ۵ھ ۲۴ مارچ ۶۲۷ء

سوال: آنحضرتؐ کس تاریخ کو غزوۂ خندق کے لیے روانہ ہوئے؟

جواب: ۸ ذیقعد ۵ھ

سوال: سن عیسوی کے مطابق لشکرِ اسلامی کی غزوۂ خندق پر روانگی کب ہوئی؟

جواب: ۳۱ مارچ ۶۲۷ء

سوال: غزوۂ خندق میں لشکرِ کفار کا سپہ سالار کون تھا؟

جواب: ابوسفیان

سوال: غزوۂ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: غزوۂ احزاب

سوال: غزوۂ احزاب میں خندق کھود کر کفار کا مقابلہ کرنے کا مشورہ آنحضرتؐ کو کس صحابی نے دیا؟

جواب: حضرت سلمان فارسیؓ نے

سوال: غزوۂ خندق میں خندق کھودنے کا آغاز کس نے کیا؟

جواب: آنحضرتؐ نے

سوال: آنحضرتؐ نے خندق کی کھدائی کے لیے مختلف ٹولیاں بنا دیں بتایئے ہر ٹولی میں کتنے افراد شامل تھے؟

جواب: دس دس افراد کی ٹولی۔

سوال: ہر ٹولی کے حصے میں کتنی خندق تیار کرنا تھی؟

جواب: دس گز اور پانچ گز گہری

سوال: خندق کھودنے کا کام کتنے عرصے میں پایۂ تکمیل کو پہنچا؟

Marfat.com

جواب: دو ہفتوں ہیں (بعض جگہ ۲۰ دن ہے جو درست نہیں)

سوال: غزوۂ خندق میں مجاہدین کی تعداد کیا تھی؟

جواب: تین ہزار (۳۰۰۰)

سوال: یہ خندق (جو غزوۂ خندق میں کھودی گئی) مدینہ کے کس جانب تھی؟

جواب: شمال مغرب کی جانب

سوال: غزوۂ خندق میں کفار کا اتحادی لشکر کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

جواب: بعض جگہ ۱۲ - ۱۰ ہزار ہے اور کچھ جگہ ۲۴۰۰۰ ہزار درج ہے۔

سوال: اس جنگ میں قتل ہونے والا پہلا شخص کون تھا؟ 6/90

جواب: عمرو بن عبدِ ود اور بعض جگہ نوفل پہلے قتل ہوا۔

سوال: عمرو بن عبدِ ود اور نوفل کو کس نے جہنم واصل کیا؟

جواب: حضرت علی مرتضیٰ رض نے

سوال: وہ کونسا غزوہ تھا جس میں دشمنوں کی مسلسل تیر اندازی سے ایک سے زائد نمازیں قضا ہو گئیں؟

جواب: غزوۂ خندق۔

سوال: غزوۂ خندق پر جاتے ہوئے آنحضرتؐ نے مدینہ میں کسے اپنا قائم مقام مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت ابنِ ام مکتوم رض

سوال: غزوۂ خندق کے دوران ابو سفیان نے بعض ذرائع سے مدینہ میں آباد یہود کے ایک قبیلہ کو بھکایا کہ وہ مسلمانوں سے معاہدۂ امن توڑ کر پشت سے حملہ کر دیں۔ قبیلے کا نام بتایئے؟

جواب: بنو قریظہ

سوال: کس صحابی کی کوششوں سے ابو سفیان کی بنو قریظہ کو بھکا کر مسلمانوں پر حملہ کروا دینے کی چال کامیاب نہ ہو سکی؟

جواب: حضرت نعیم بن مسعود رض (جنہوں نے مصلحتاً اس وقت تک اسلام ظاہر نہ کیا تھا)

سوال: غزوۂ خندق میں اتحادی فوجوں نے کتنی دیر تک محاصرہ جاری رکھا؟

جواب: ۲۵ دن تقریباً

سوال: غزوۂ خندق میں اتحادی لشکر میں قریش مکہ کے علاوہ اور کون سے قبائل شامل تھے؟

جواب: غطفان کے قبائل (بنو سلیم، فزارہ، سعد، اسد، اشجع اور مرّہ) ان کے علاوہ بنو نضیر اور

Marfat.com

بنو قینقاع

سوال: غزوۂ خندق کے بعد آنحضرتؐ نے مجاہدین کو گھروں کو لوٹ جانے کی اجازت کب دی؟

جواب: ۲۳ ذیقعد ۵ھ ر ۱۵ اپریل ۶۲۷ء

سوال: آپؐ ظہر کے وقت ۲۳ ذیلقعد ۵ھ کو گھر لوٹے تو ہتھیار بھی نہ اتار پائے تھے کہ جبرئیل امین نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا پیغام پہنچایا؟

جواب: کہ جنگ کا ابھی ایک مرحلہ باقی ہے اور بنو قریظہ کا معاہدہ توڑنے کا حساب چکا دینا چاہیئے"

سوال: جب آنحضرتؐ کو مذکورہ پیغام جبرئیل امین نے پہنچایا تو آنحضرتؐ کس ام المومنین کے حجرہ میں تھے؟

جواب: حضرت ام سلمہؓ

سوال: اس پیغام کو پانے ہی آنحضرتؐ نے کیا احکامات جاری فرمائے؟

جواب: آنحضرتؐ نے منادی کرادی کہ جو بھی سمع و طاعت پر قائم رہے، عصر کی نماز بنی قریظہ کی بستی میں جاکر پڑھے

سوال: غزوہ بنو قریظہ پر روانگی سے قبل ۲۳ ذیلقعد ۵ھ کو بعد از دوپہر آنحضرتؐ نے ایک دستہ مقدمۃ الجیش کے طور پر کس کی قیادت میں بنو قریظہ کی طرف روانہ کیا؟

جواب: حضرت علیؓ

سوال: غزوہ بنو قریظہ کے موقع پر بنو قریظہ کے قلعہ بند ہونے پر آنحضرتؐ نے کتنے روز تک محاصرہ جاری رکھا؟

جواب: تین ہفتے تک

سوال: غزوہ بنو قریظہ میں یہود نے درخواست کی کہ محاصرہ اٹھالیا جائے اور جو فیصلہ حضرت سعد بن معاذؓ فرمائیں انہیں دونوں فریق قبول کریں گے بتایئے اس درخواست پر حضرت سعد بن معاذؓ نے کیا فیصلہ کیا؟

جواب: تورات کے مطابق غداری کی سزا تجویز کی (قتل)

سوال: غزوہ قریظہ کے موقع پر مسلمانوں کا لشکر کتنے صحابہ کرام پر مشتمل تھا؟

جواب: ایک ہزار صحابہ کرام (۱۰۰۰)

سوال: غزوہ قریظہ پر روانگی سے قبل آنحضرتؐ نے کسے مدینہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا تھا؟

جواب: حضرت ابن ام مکتومؓ

Marfat.com

سوال : غزوہ بنو قریظہ سے فارغ ہونے کے بعد آنحضرتؐ لشکرِ اسلام کے ہمراہ واپس مدینہ کب پہنچے؟
جواب : ۵ یا ۷ ذوالحجہ ۵ھ کو
سوال : ۵ھ میں چاند گرہن کے موقع پر آنحضرتؐ نے کونسی خصوصی نماز ادا فرمائی ؟
جواب : نمازِ خسوف
سوال : ۵ھ میں چاند گرہن لگا جس پر آنحضرتؐ نے نمازِ خسوف ادا فرمائی بتایئے مہینہ کونسا تھا ؟
جواب : جمادی الثانی
سوال : بتایئے غزوہ خندق میں آنحضرتؐ کے خیمے کا رنگ کیا تھا ؟
جواب : سرخ
سوال : غزوہ خندق کے موقع پر آنحضرتؐ نے شکم مبارک پر کتنے پتھر باندھ رکھے تھے تاکہ بھوک کی کی شدت میں کمی ہو ؟
جواب : دو پتھر
سوال : غزوہ خندق کے آخری دنوں میں آنحضرتؐ ایک مسجد میں بیٹھ کر اسلام کی فتح اور کفار کی شکست کی دعا فرمایا کرتے تھے آپ نے مسلسل تین دن تک یہ دعا کس مسجد میں فرمائی ؟
جواب : مسجد فتح میں
سوال : غزوہ خندق میں آنحضرتؐ نے اپنی کس پھوپھی کو ان کی بہادری پر مالِ غنیمت میں سے مردوں کے برابر حصہ دیا ؟
جواب : حضرت صفیہؓ
سوال : تیمم سے متعلق آیات کب نازل ہوئیں ؟
جواب : ۵ھ میں
سوال : زنا کی سزا سو درّے کس سن میں مقرر کی گئی ؟
جواب : ۵ھ
سوال : قذف (پاکدامن عورتوں پر تہمت) کی سزا کے احکامات کب نازل ہوئے ؟
جواب : ۵ھ
سوال : آنحضرتؐ کی پھوپھی حضرت صفیہؓ نے کس غزوہ میں ایک یہودی مارا ؟
جواب : غزوہ خندق میں .

Marfat.com

سوال : جب غزوۂ خندق میں حضرت صفیہؓ نے ایک یہودی کو مارا اسوقت ان کی عمر کیا تھی ؟

جواب : اٹھاون برس (۵۸ برس)

## ۶ھ

سوال : آنحضرتؐ نے کس سال طلایہ اور قراولی کی مہمین روانہ کیں ؟

جواب : ۶ھ / ۶۲۷ء اور ۶۲۸ء

سوال : طلایہ اور قراولی کی مہمات کا مقصد کیا تھا ؟

جواب : دعوتِ اسلام دینا۔

سوال : ۱۰ محرم ۶ھ کو کونسا مشہور سریہ ہوا ؟

جواب : سریہ نجد یا سریۂ محمد بن مسلمہ انصاریؓ۔

سوال : سریۂ محمد بن مسلمہ انصاریؓ سن عیسوی کے مطابق کب ہوا ؟

جواب : یکم جون ۶۲۷ء

سوال : آنحضرتؐ نے حضرت ام حبیبہؓ سے کب نکاح کیا ؟

جواب : ذوالحجہ ۶ھ بمطابق ۶۲۷ء اپریل، مئی

سوال : آنحضرتؐ ، حضرت عاصم بن ثابتؓ اور دوسرے شہدائے رجیع کا بدلہ لینے کے لئے مدینہ سے کب روانہ ہوئے ؟

جواب : یکم ربیع الاول ۶ھ / ۲۱ جولائی ۶۲۷ء

سوال : یکم ربیع الاول ۶ھ کو آنحضرتؐ نے رجیع کے شہداء کا انتقام لینے کی غرض سے مدینہ سے روانگی اختیار فرمائی بتایئے تاریخ میں اس غزوے کو کیا نام دیا گیا ہے ؟

جواب : غزوہ بنو لحیان

سوال : غزوہ ذی قرد کب ہوا ؟

جواب : ربیع الآخر ۶ھ / اگست، ستمبر ۶۲۷ء

سوال : ربیع الآخر ۶ھ بمطابق ستمبر ۶۲۷ء میں آنحضرتؐ نے بنو اسد کے خلاف ایک مہم کو غمر کی جانب روانہ کیا بتایئے اس مہم کو کیا نام دیا گیا ؟

جواب : سریۂ عکاشہ بن محصنؓ

Marfat.com

سوال : بنی ثعلبہ اور بنی غوال کی شورش دبانے کے لئے آنحضرتؐ نے ایک مہم ذی القصہؓ بھیجی بتایئے کس کی قیادت میں؟ اور کب؟

جواب : حضرت محمدؐ بن مسلمہؓ، ربیع الآخر ۶ھ ستمبر ۶۲۷ء

سوال : حضرت محمد بن مسلمہؓ کی قیادت میں ذی القصہؓ جانیوالی اس مہم میں کتنے صحابہ کرام شریک تھے؟

جواب : ۱۰ صحابہ کرام (دس)

سوال : ذی القصہ کی مہم میں مسلمانوں کا کتنا جانی نقصان ہوا؟

جواب : محمد بن مسلمہؓ جو شدید زخمی ہو گئے کے سوا تمام صحابہ کرام شہید ہو گئے۔

سوال : شہدائے ذی القصہ کا انتقام لینے کے لئے دوسری مہم کب بھیجی گئی اور اس مہم کا معروف نام کیا ہے؟

جواب : ربیع الآخر ۶ھ سریہ ذی القصہ

سوال : ربیع الآخر ۶ھ ستمبر ۶۲۷ء ہی میں بنی سلیم کے خلاف ایک مہم روانہ کی گئی بتایئے اس مہم کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

جواب : سریہ جموم

سوال : سریہ جموم میں جو ربیع الآخر ۶ھ میں ہوا بتایئے مجاہدین کا دستہ کس کی قیادت میں بھیجا گیا؟

جواب : حضرت زید بن حارثہؓ

سوال : قریش کی تجارتی ناکہ بندی توڑنے کی کوشش کو ناکام بنانے کے لئے ایک مہم بھیجی گئی جو تاریخ میں سریہ عیص کے نام سے یاد کی جاتی ہے بتایئے یہ مہم کب روانہ ہوئی اور اس کے قائد کون تھے؟

جواب : جمادی الاول ۶ھ بمطابق ستمبر، اکتوبر ۶۲۷ء

قائد حضرت زید بن حارثہؓ

سوال : سریہ وادی القریٰ میں بارہ مجاہدین نے حصہ لیا بتایئے کب اور کس کی قیادت میں؟

جواب : رجب ۶ھ، نومبر، دسمبر ۶۲۷ء حضرت زید بن حارثہؓ

سوال : سریہ وادی القریٰ (جو رجب ۶ھ کو ہوا) میں مسلمانوں کا کتنا جانی نقصان ہوا؟

جواب : نو صحابہ کرام شہید ہو گئے (۹) ایک شدید زخمی ہوئے۔

سوال : شعبان ۶ھ میں آنحضرتؐ نے ایک مہم عیسائی قبائل کو دعوتِ اسلام دینے کی غرض سے

Marfat.com

دومتہ الجندل روانہ کی بتایئے کس کی قیادت میں ؟

جواب : حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ

سوال : شعبان ۶ھ میں جو مہم دومتہ الجندل گئی اس میں کتنے مجاہدین شامل تھے ؟

جواب : سات سو (۷۰۰)

سوال : اس تبلیغی مہم کی تین روزہ سرگرمیوں کے بعد دومتہ الجندل کے عیسائی رئیس نے اسلام قبول کرلیا اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضؓ نے رئیس قبیلہ کی ایک صاحبزادی سے نکاح کرلیا۔ رئیس اور اس کی صاحبزادی کا نام بتایئے ؟

جواب : اصبغ بن عمر، تماضر

سوال : بنی سعد بن بکر نے یہود کی مدد کے لئے فدک کے مقام پر ایک لشکر جمع کیا جس سے مسلمانوں کو خطرہ ہوسکتا تھا۔ اس متوقع خطرے کے پیش نظر آنحضرتؐ نے شعبان ۶ھ بمطابق جنوری ۶۲۸ء میں ایک مہم روانہ کی جو تاریخ میں سریۂ فدک کے نام سے موسوم ہے بتایئے اس مہم کے قائد کون تھے ؟

جواب : حضرت علی رضؓ

سوال : سریۂ فدک جو شعبان ۶ھ میں ہوا کتنے مجاہدین نے شرکت کی ؟

جواب : دوسو (۲۰۰)

سوال : بتایئے سریۂ ام قرفہ کب ہوا ؟ اور ام قرفہ کون تھی ؟

جواب : رمضان المبارک ۶ھ / جنوری، فروری ۶۲۸ء

ام قرفہ اس وقت بنو فزارہ کی سردار تھی جن کے خلاف یہ مہم بھیجی گئی۔

سوال : یہود کے سردار امیر بن رزام کی اسلام دشمن جنگی سرگرمیوں کے پیش نظر آنحضرتؐ نے شوال ۶ھ / مارچ ۶۲۸ء میں کس کی قیادت میں مہم روانہ فرمائی ؟

جواب : حضرت عبداللہ بن رواحہ رضؓ

سوال : عکل اور عرینہ قبائل کی ایک جماعت نے اسلام قبول کیا مگر جلد ہی مرتد ہوکر ایک مسلم چرواہے کو قتل کردیا اور سرکاری اونٹ بھگا کر لے گئے۔ آنحضرتؐ نے شوال ۶ھ / مارچ ۶۲۸ء میں کس کو قائد بنا کر ان کے تعاقب میں ایک مہم روانہ کی ؟

جواب : حضرت کرز بن جابر الفہریؓ۔

Marfat.com

سوال: ہجرت کے بعد آنحضرتؐ نے کب عمرے کا ارادہ فرمایا؟

جواب: ذیقعد ۶ھ میں

سوال: آنحضرتؐ کے ساتھ کتنے مسلمانوں نے عمرے کی غرض سے مدینے میں احرام باندھا؟

جواب: چودہ سو (۱۴۰۰)

سوال: آنحضرتؐ چودہ سو مسلمانوں کے ہمراہ عمرے کی غرض سے مدینہ منورہ سے کب روانہ ہوئے؟

جواب: یکم ذیقعد ۶ھ بروز دوشنبہ

سوال: ۶ھ میں عمرے کی غرض سے آنحضرتؐ جب مکہ کی طرف روانہ ہوئے تو کونسی ام المومنین آنحضرتؐ کے ہمراہ تھیں؟

جواب: حضرت ام سلمہؓ

سوال: ۶ھ میں عمرہ کی غرض سے روانہ ہوئے تو آپؐ کے ساتھ قربانی کے کتنے جانور تھے؟

جواب: ۷۰ جانور (گائے اور اونٹ)

سوال: ۶ھ میں عمرہ کی غرض سے مدینہ سے روانہ ہونے کے بعد آنحضرتؐ نے کسے قریش کے ارادوں کی خبر لانے کے لئے بھیجا؟

جواب: بسر بن سفیان الکعبیؓ

سوال: اہل مکہ کو جب آنحضرتؐ کی آمد کی اطلاع ملی تو انہوں نے مسلمانوں کی پیشقدمی کو رد کرنے کیلئے کسے دو سو سوار دے کر روانہ کیا؟

جواب: خالد بن ولید کو

سوال: اس سفر میں آنحضرتؐ کی اونٹنی ایک مقام پر بیٹھ گئی اور باوجود کوشش کے ہرگز نہ اٹھتی تھی۔ مقام کا نام بتایئے؟

جواب: ثینتہ المرار (حدیبیہ کے قریب ہی)

سوال: جب آنحضرتؐ ثینتہ المرار (حدیبیہ) کے مقام پر پہنچے تو آپؐ کس اونٹنی پر سوار تھے؟

جواب: قصویٰ

سوال: مقام حدیبیہ مکہ سے کتنے فاصلے پر ہے؟

جواب: ۱۲ - ۱۰ میل کے فاصلے پر

سوال: مقام حدیبیہ کا موجودہ نام کیا ہے؟

Marfat.com

جواب : شمیسہ

سوال : حدیبیہ میں قیام کے دوران آنحضرتؐ سے ملاقات کے لیے سب سے پہلے کون آیا ؟

جواب : بنو خزاعہ کا سردار بدیل بن ورقہ چند سواروں کے ساتھ

سوال : آنحضرتؐ نے قریش کے پاس کس صحابی کو سفیر بنا کر بھیجا تاکہ وہ انہیں اصل حقیقت سے مطلع کر سکیں کہ مسلمان عمرے کی غرض سے آئے ہیں جنگ و جدل کے لیے نہیں ؟

جواب : حضرت عثمان غنیؓ

سوال : جب حضرت عثمانؓ کے شہید ہو جانے کی مبالغہ آمیز افواہ آنحضرتؐ تک پہنچی تو صورتحال کی نزاکت کے پیش نظر آنحضرت نے مجاہدین جو محض عمرے کی غرض سے آئے تھے آخری دم تک لڑنے اور شکست قبول نہ کرنے پر بیعت لی بتایئے یہ بیعت تاریخ میں کس نام سے مشہور ہے ؟

جواب : بیعت رضوان

سوال : بیعت رضوان کا دوسرا نام کیا ہے ؟

جواب : بیعت الشجرہ

سوال : بیعتِ رضوان آنحضرتؐ نے کس درخت تلے بیٹھ کر لی ؟

جواب : کیکر کے درخت تلے ۔

سوال : حدیبیہ کے مقام پر آنحضرتؐ نے بیعت لیتے ہوئے اپنے بائیں ہاتھ کو کس کا دایاں ہاتھ قرار دیا ؟

جواب : حضرت عثمانؓ کا

سوال : بیعت رضوان کے موقع پر کس صحابی کو سب سے پہلے بیعت کرنے کا شرف نصیب ہوا ؟

جواب : حضرت ابوسنانؓ

سوال : جب آنحضرتؐ نے حدیبیہ کے مقام پر بیعت لینے کا قصد فرمایا تو کسے حکم دیا کہ وہ بیعت رضوان کے لئے لوگوں کو بلا لائیں ؟

جواب : حضرت عمر فاروقؓ

سوال : مدینے سے عمرے کی غرض سے روانہ ہوتے وقت آنحضرتؐ نے مدینہ کا انتظامی حاکم کسے بنایا ؟

جواب : حضرت ابورہمؓ

سوال : صلح حدیبیہ کا معاہدہ لکھتے وقت قریش کا نمائندہ کون تھا ؟

Marfat.com

جواب: سہیل بن عمرو

سوال: صلح حدیبیہ کا معاہدہ کب طے پایا؟

جواب: یکم ذیقعد ۶ھ

سوال: سن عیسوی کے مطابق صلح حدیبیہ کا معاہدہ کب طے پایا؟

جواب: ۱۳ مارچ ۶۲۸ء

سوال: صلح حدیبیہ کا معاہدہ کون ضبط تحریر میں لایا؟

جواب: حضرت علیؓ

سوال: صلح حدیبیہ کا معاہدہ لکھتے وقت جب آنحضرتؐ نے حضرت علیؓ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ لکھنے کو کہا تو قریش کے نمائندے نے اعتراض کیا۔ پھر اس کی جگہ کیا لکھا گیا؟

جواب: باسمك اللھم (تیرے نام سے اے اللہ)

سوال: صلح حدیبیہ کے معاہدہ میں سہیل بن عمرو نے "رسول اللہ" کے لفظ پر سخت اعتراض کیا بتایئے اس کی جگہ اُس نے کیا لکھوایا؟

جواب: محمد بن عبداللہ

سوال: مسلمانوں کی طرف سے کن گواہان کی موجودگی میں صلح حدیبیہ کا معاہدہ تحریر ہوا؟

جواب: ۱۔ حضرت ابوبکرؓ ۲۔ حضرت عمرؓ ۳۔ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ ۴۔ حضرت عبداللہ بن سہیلؓ۔ ۵۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ۶۔ حضرت محمود بن مسلمہؓ اور حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ وغیرہ

سوال: گواہانِ قریش میں سے کسی ایک شخص کا نام بتایئے؟

جواب: مکرز بن حفص

سوال: قرآن پاک میں صلح حدیبیہ کو کس نام سے تعبیر کیا گیا ہے؟

جواب: "فتح مبین"

سوال: جب صلح نامہ حدیبیہ لکھا جا رہا تھا تو وہ کون سے مسلمان تھے جو مکہ سے فرار ہو کر حدیبیہ کے مقام پر آنحضرتؐ کے پاس پہنچے اور اہلِ مکہ کے ظلم کی داستان بیان کی مگر معاہدہ کی دفعات کی پاسداری کرتے ہوئے آپؐ نے انہیں واپس کر دیا اور صبر کی تلقین فرمائی؟

جواب: قریش کے نمائندہ سہیل بن عمرو کے بیٹے ابوجندلؓ

سوال: حضرت ابوجندلؓ کو واپس کرنے کے واقعہ کو دیکھ کر ایک جلیل القدر صحابی بہت متاثر ہوئے

Marfat.com

اور جوش میں آکر حضرت ابوجندلؓ کو واپس کرنے کی سخت مخالفت کی بعد میں بہت نادم ہوئے

نام بتایئے ؟

جواب : حضرت عمر بن خطابؓ

سوال : آنحضرتؐ حدیبیہ سے واپس مدینہ کب تشریف لائے ؟

جواب : ذوالحجہ ۶ھ

سوال : اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے مناکحت کی ممانعت کب فرمائی ؟

جواب : ۶ھ میں

سوال : جلیل القدر صحابی اور فاتح شام حضرت خالد بن ولیدؓ نے کب اسلام قبول فرمایا ؟

جواب : ۶ھ

سوال : "سیف اللہ" کس جلیل المرتبہ صحابی کا لقب ہے ؟

جواب : حضرت خالد بن ولیدؓ کا

سوال : ۶ھ میں ایک جلیل القدر شخصیت نے اسلام قبول کیا جو بعد میں فاتح مصر ہوئے نام بتایئے ؟

جواب : حضرت عمرو بن العاصؓ

## ۷ھ

سوال : جب آنحضرتؐ نے شاہان عالم کو دعوتِ اسلام دینے کے لئے خطوط لکھنے کا ارادہ فرمایا، تو صحابہ کرام نے عرض کیا کہ اہل عجم بغیر مہر کوئی خط قبول نہیں کرتے چنانچہ آنحضرتؐ نے اس مقصد کے لئے ایک انگوٹھی (مہر) تیار کروائی بتایئے اس انگوٹھی (مہر) پر کیا تحریر تھا ؟

جواب : "محمد رسول اللہ"

سوال : بتایئے آنحضرتؐ کی یہ انگوٹھی (مہر) کس نے تیار کی ؟

جواب : یعلی بن امیہ (بعض جگہ یعلی بن منیہ لکھا ہے)

سوال : بتایئے محمد رسول اللہ کی یہ تحریر کتنی سطروں میں تھی ؟

جواب : تین

سوال : بتایئے محمد رسول اللہ کے الفاظ تین سطروں میں کس ترتیب سے لکھے ہوئے تھے ؟

جواب :
اللہ
رسول
محمد

Marfat.com

سوال : آنحضرتؐ نے تحریک اسلام کو عالمگیر بنانے کے لئے جب شاہانِ عالم کی جانب خطوط بھجوانے کا سلسلہ شروع کیا تو اس سلسلے کا پہلا خط کسے تحریر کیا گیا؟

جواب : ہرقل، قیصر روم کے نام

سوال : ہرقل، قیصر روم کے نام خط کب لکھا گیا؟

جواب : یکم محرم ۷ھ بمطابق ۱۱ جولائی ۶۲۸ء

سوال : یکم محرم ۷ھ / ۱۱ جولائی ۶۲۸ء ہی کے عہد آفرین دن کل کتنے حکمرانوں کے نام دعوتی خطوط بھجوائے گئے؟

جواب : چھ (۶)

سوال : ہرقل، قیصر روم کے نام دعوتی رقعہ کون لے کر گیا؟

جواب : حضرت وحیہ بن خلیفہ الکلبیؓ

سوال : آنحضرتؐ اکثر خطوط کو کن کلمات سے شروع فرماتے؟

جواب : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o محمد رسول اللہ کی طرف سے فلاں کے نام ــــ)

سوال : ہرقل نے آنحضرتؐ کا نامہ مبارک سن کر اہلِ دربار سے دریافت کیا کہ مدعیِ نبوت کی قوم کا کوئی شخص شہر میں موجود ہو تو پیش کیا جائے۔ قریش مکہ کی ایک جماعت کو جو کاروبار کے سلسلے میں وہاں موجود تھی پیش کیا گیا بتایئے اس جماعت کا امیر کون تھا؟

جواب : ابوسفیان

سوال : کیا یہ درست ہے کہ ہرقل نے اسلام قبول کر لیا؟

جواب : ہرقل آپؐ کی نبوت پر ایمان لایا، مگر اسلام قبول نہ کر سکا۔

سوال : خسرو پرویز شہنشاہ ایران کے نام آنحضرتؐ کا نامہ مبارک کون لے کر گیا؟

جواب : حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ

سوال : خسرو پرویز شہنشاہ ایران کا پورا نام کیا تھا؟

جواب : پرویز بن، ہرمز بن، نوشیروان

سوال : خسرو پرویز نے آنحضرتؐ کے نامہ مبارک کا کیا جواب دیا؟

جواب : نامہ مبارک میں آنحضرتؐ کا نام چونکہ خسرو سے پہلے لکھا ہوا تھا۔ اس لئے اس نے خط کو پھاڑ دیا، اور یمن کے والی باذان، کو آنحضرتؐ کی گرفتاری کا حکم جاری کر دیا۔

Marfat.com

سوال: والی یمن باذان نے کن دو اہلکاروں کو آنحضرتؐ کے پاس بھیجا اور دھمکی دی کہ اگر آپؐ دربار میں حاضر نہ ہوئے تو مدینے کی اینٹ سے اینٹ بجادی جائے گی؟

جواب: بانویہ اور خرخسرہ

سوال: آنحضرتؐ نے بانویہ اور خرخسرہ کے ہاتھوں بھیجے گئے باذان کے دھمکی آمیز خط کا کیا جواب دیا؟

جواب: آپؐ نے فرمایا۔ "جاؤ کسریٰ ہلاک ہو چکا ہے"۔

سوال: خسرو پرویز کو کس نے ہلاک کیا؟

جواب: اس کے بیٹے شیرویہ نے۔

سوال: ۶ھ میں حضرت عمرو بن امیہ الضمریؓ کس علاقے کے حاکم کے پاس آنحضرتؐ کا نامہ مبارک لے کر گئے؟

جواب: نجاشی، شاہ حبشہ۔

سوال: شاہ حبشہ نجاشی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: اصحم یا اصحمہ

سوال: کیا نجاشی نے اسلام قبول کیا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: نجاشی نے اپنے کس بیٹے کو تحائف اور نذرانے دے کر آنحضرتؐ کی خدمت میں بھیجا؟

جواب: اریحا یا ارہا ابن اصحم بن الجبر

سوال: ۶ھ میں والی مصر مقوقس کے نام آنحضرتؐ کا نامہ مبارک کس نے پہنچایا؟

جواب: حضرت حاطب بن بلتعہؓ نے

سوال: والی مصر نے آپؐ کے نامہ مبارک کی بہت تعظیم کی اور جوابی خط کے ساتھ آپ کے لئے دو کنیزیں بھی بھیجیں۔ دونوں کنیزوں کے نام بتایئے؟

جواب: حضرت ماریہ قبطیہؓ اور سیرین قبطیہ

سوال: والی مصر نے جو تحائف آنحضرتؐ کو بھیجے ان میں ایک بہت مشہور خچر بھی تھا جو ایک عرصہ تک آپؐ کی سواری کے لئے استعمال ہوا اور پھر حضرت معاویہؓ کے عہد تک زندہ رہا، خچر کا نام بتایئے؟

جواب: دُلدُل

سوال: کیا یہ درست ہے کہ والی مصر نے اسلام قبول کر لیا تھا

Marfat.com

جواب: جی نہیں، مگر نبوت محمدیؐ کی تصدیق ضرور کی۔

سوال: حضرت سلیط بن عمروؓ عامری کس حاکم کے دربار میں آنحضرتؐ کا نامہ مبارک لے کر گئے؟

جواب: حاکم یمامہ، ہوذہ کے دربار میں

سوال: حاکم یمامہ، ہوذہ، نے حضرت سلیطؓ کے ذریعے کیا جواب دیا؟

جواب: ہوذہ نے بعض اختیارات مانگے اور مشروط طور پر مسلمان ہونے کی پیشکش کی۔

سوال: آنحضرتؐ نے ہوذہ (حاکم یمامہ) کی مشروط طور پر مسلمان ہونے کی پیشکش کا کیا جواب دیا؟

جواب: "اگر وہ مجھ سے ایک بالشت زمین بھی طلب کرے گا تو میں نہ دوں گا۔ جو کچھ اس کے پاس ہے وہ بھی جانے والا ہے"۔

سوال: ۷ھ میں حارث غسانی کے نام آنحضرتؐ کا نامہ مبارک کس نے پہنچایا نیز حارث غسانی کس علاقے کا حاکم تھا؟

جواب: حضرت شجاع بن وھبؓ الاسدی نے، رئیس حدودِ شام۔

سوال: آنحضرتؐ نے غزوہ خیبر کے لئے مدینہ سے کب پیشقدمی کی؟

جواب: محرم ۷ھ بمطابق مئی، جون ۶۲۸ء

سوال: غزوہ خیبر پر روانہ ہوتے وقت آنحضرتؐ نے مدینہ کا انتظامی حاکم کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت سباع بن عُرفطہ غفاریؓ

سوال: غزوہ خیبر میں لشکرِ اسلامی کتنے مجاہدین پر مشتمل تھا؟

جواب: سولہ سو (۱۶۰۰)

سوال: غزوہ خیبر کے موقع پر لشکرِ اسلامی میں کتنے سوار شامل تھے؟

جواب: صرف دوسو (۲۰۰)

سوال: غزوۂ خیبر کے موقع پر کتنے علم تیار کیے گئے؟

جواب: تین

سوال: آنحضرتؐ نے مدینہ سے نکلنے کے بعد خیبر کے راستے میں سب سے پہلے کس مقام پر چھاؤنی ڈالی؟

جواب: رجیع کے مقام پر

سوال: رجیع کے مقام پر چھاؤنی ڈالنے کے بعد جب آپؐ کو رجیع کے ارد گرد کے علاقوں میں بنو غطفان کی اسلام دشمن سرگرمیوں اور مسلمانوں کی آمد کی اطلاع پا کر مورچہ بند ہونے کی

Marfat.com

خبر ملی تو آپ نے رجیع کو اپنا عسکری صدر مقام بنایا بتایئے خیبر روانگی سے قبل آپ ؐ نے اس عسکری صدر مقام کا نگران کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضؓ

سوال: غزوہ خیبر میں رسد کے سامان کا ذخیرہ اور نرسنگ کے لیے خواتین کا کیمپ کس مقام پر لگایا گیا؟

جواب: رجیع میں

سوال: خیبر کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب: عبرانی

سوال: لفظ "خیبر" کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: قلعہ

سوال: خیبر میں یہود کے کل کتنے قلعے تھے؟

جواب: آٹھ (۸)

سوال: خیبر کے آٹھ قلعوں میں وہ کونسا قلعہ تھا جو اپنے غیر معمولی استحکام کی وجہ سے ناقابلِ تسخیر سمجھا جاتا تھا؟

جواب: "القموص"

سوال: القموص نامی قلعہ کس یہودی سردار کا تھا؟

جواب: ابن ابی الحقیق کا۔

سوال: غزوہ خیبر میں آنحضرت ؐ نے سب سے پہلے کس قلعہ پر حملہ کرنے کا حکم دیا؟

جواب: "النطاۃ"

سوال: "النطاۃ" کے بعد کونسا قلعہ فتح ہوا؟

جواب: "الناعم"

سوال: "الناعم" کے قلعے کے محاصرہ کے دوران حضرت محمود بن مسلمہ رضؓ کو کس یہودی نے قلعے کے نیچے سوتا دیکھ کر اوپر سے پتھر گرا کر شہید کر دیا؟

جواب: کنانہ ابن ابی الحقیق یا مرحب

سوال: الناعم کے بعد کونسا قلعہ فتح ہوا جو سامانِ رسد کا خصوصی مرکز تھا؟

جواب: قلعہ صعب۔

Marfat.com

سوال : فتح کی رات مجاہدین نے عرب کے قدیم رواج کے مطابق کس پرندے کا گوشت پکایا مگر جب آنحضرتؐ کو خبر ہوئی تو آپؐ نے فرمایا "یہ گوشت نجس ہے اسے پھینک دو"؟

جواب : اہلی گدھوں کا۔

سوال : غزوہ خیبر میں ایک موقع پر جب قلعہ قموص کو فتح کرنا دشوار ہو گیا اور محاصرہ طول پکڑ گیا تو بالآخر آنحضرتؐ نے کس صحابی کو اس قلعہ کی فتح کی بشارت کیساتھ علم عطا فرمایا؟

جواب : حضرت علیؓ کو

سوال : غزوۂ خیبر میں جب حضرت علیؓ قلعہ قموص پر حملہ کرنے بڑھے تو اُن کے مقابلے میں عرب کا نامور جنگجو میدان میں اترا نام بتایئے؟

جواب : مرحب (جو حضرت علیؓ کے ہاتھوں قتل ہوا)۔

سوال : غزوۂ خیبر میں حضرت علیؓ کے ہاتھوں مرحب کے قتل ہو جانے کے بعد اسکا بھائی یاسر میدان میں اترا بتایئے یاسر کو کس صحابی نے جہنم رسید کیا؟

جواب : حضرت زبیر بن العوامؓ

سوال : اس معرکے میں کتنے یہودی جہنم رسید ہوئے؟

جواب : ترانوے (۹۳)

سوال : قلعہ قموص کی فتح کے دوران کتنے مجاہدین نے جام شہادت نوش کیا؟

جواب : بیس (۲۰)

سوال : قلعہ قموص فتح ہونے کے کتنے عرصہ بعد خیبر کا سارا علاقہ فتح ہو گیا؟

جواب : چودہ دن بعد

سوال : غزوہ خیبر میں کتنے مجاہدین شہید ہوئے؟

جواب : چونتیس (۳۴) (بعض جگہ ۱۷ بھی درج ہے)

سوال : خیبر کی اراضی کس شرط و قاعدے کے مطابق یہود کو واپس کی گئی؟

جواب : نصف بٹائی کے قاعدے پر

سوال : غزوۂ خیبر کے موقع پر آنحضرتؐ کے ساتھ کونسی ام المومنین تھیں؟

جواب : حضرت امِ سلمہؓ

سوال : خیبر کے یہود قبائل کا رئیس کون تھا؟

Marfat.com

جواب : حیی بن اخطب

سوال : غزوہ خیبر کے بعد آنحضرتؐ نے رئیس حیی بن اخطب کی ایک صاحبزادی سے رشتہ ازدواج قائم

کر لیا؟ ام المومنین کا نام بتایئے؟

جواب : حضرت صفیہؓ

سوال : مورخین نے عبداللہ بن اُبی کو رئیس المنافقین لکھا ہے. کیا یہ درست ہے کہ وہ عیسائیوں کا

آلۂ کار تھا ؟

جواب : جی نہیں وہ یہود کا آلۂ کار تھا .

سوال : آنحضرتؐ نے ہجرت کے بعد پہلا عمرہ کب ادا کیا ؟

جواب : ذیلقعد ۷ھ

سوال : ۷ھ میں ہجرت کے بعد پہلے عمرہ کے موقع پر آنحضرتؐ نے مکہ میں کتنے روز تک قیام فرمایا ؟

جواب : تین روز

سوال : جب آنحضرتؐ ۷ھ میں عمرہ ادا کرنے کی غرض سے مکہ میں داخل ہوئے تو آپؐ کس

اونٹنی پر سوار تھے ؟

جواب : القصوی پر

سوال : مکہ میں داخل ہوتے وقت آنحضرتؐ کے ساربان کون تھے ؟

جواب : حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

سوال : ذیلقعد ۷ھ میں آنحضرتؐ کس جانب سے مکہ میں داخل ہوئے ؟

جواب : شمال کی سمت سے

سوال : کس غزوہ میں آنحضرتؐ نے پیاز اور لہسن کھا کر مسجد میں آنے سے منع فرمایا ؟

جواب : غزوہ خیبر

سوال : غزوہ خیبر کے موقع پر ایک صحابی کی آنکھوں میں سخت تکلیف تھی مگر اس کے باوجود انہوں نے

دلیرانہ جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے خیبر کے سب سے بڑے قلعہ قموص کی فتح میں

اہم کردار ادا کیا؟ نام بتایئے ؟

جواب : حضرت علیؓ

سوال : ۷ھ میں آنحضرتؐ نے کس صحابی کو "حواریِ رسول" کا لقب عطا فرمایا ؟

Marfat.com

جواب: حضرت زبیر بن العوامؓ کو

سوال: جب صحابہ کرام کو آنحضرتؐ کے حضرت صفیہؓ سے نکاح کی خبر ہوئی تو انہوں نے اسیرانِ خیبر میں میں سے کتنے قیدی بلا معاوضہ آزاد کردیئے؟

جواب: سو گھرانے، تقریباً ۷۰۰ اسیر (بعض جگہ ہے کہ سو گھرانے کل اسیر ہوئے تھے)

سوال: غزوہ خیبر کے موقع پر جو پرچم آنحضرتؐ نے حضرت علیؓ کو عطا کیا وہ ایک ام المومنین کی چادر کے ٹکڑے سے تیار کیا گیا تھا، ام المومنین کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ

سوال: خیبر کے رئیس حیی بن اخطب کا تعلق یہود کے کس قبیلے سے تھا؟

جواب: بنو نضیر سے

## ۸ھ

سوال: موتہ کا علاقہ کس ملک میں واقع ہے؟

جواب: شام

سوال: بصرٰی کے حاکم کے پاس آنحضرتؐ کا نامۂ مبارک لے کر کون سے صحابی گئے؟

جواب: حضرت حارث بن عمیر ازدیؓ

سوال: جب حضرت حارثؓ نے بلقاء (شام کا سرحدی علاقہ) کے سرکش اور مغرور حکمران کی وساطت سے آنحضرتؐ کا نامۂ مبارک شام (بصرٰی) کے حکمرانوں تک پہنچانا چاہا تو والیٔ بلقا جو عیسائی تھا نے حضرت حارثؓ کو شہید کر دیا اس والیٔ بلقاء کا نام کیا تھا؟

جواب: شرجیل بن عمرو۔

سوال: جب آنحضرتؐ کو شرجیل (والیٔ بلقاء) کی قیصر روم کی مدد سے مدینہ پر حملہ کرنے کی اطلاع ملی تو آنحضرتؐ نے کتنے مجاہدین کا لشکر تیار کیا تاکہ شرجیل کے لشکر کو شام کی سرحد پر روکا جاسکے؟

جواب: تین ہزار (۳۰۰۰)

سوال: آنحضرتؐ نے شام کی طرف پیشقدمی کرنے والے لشکر کا سالار کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہؓ

سوال: غزوۂ موتہ کے دوران شرجیل کے جھنڈے تلے کتنی فوج جمع تھی؟

Marfat.com

جواب: ایک لاکھ (100000)

سوال: غزوۂ موتہ کے لئے لشکرِ اسلام مدینہ سے کب روانہ ہوا؟

جواب: جمادی الاول ۸ھ اگست ستمبر ۶۲۹ء

سوال: غزوۂ موتہ میں قیصر روم نے اپنے لشکر جرار کے ساتھ شرجیل کی مدد کے لئے کس مقام پر چھاؤنی ڈالی؟

جواب: بلقاء کے نزدیک تاب کے مقام پر

سوال: لشکر کفار اور لشکرِ اسلام کا تصادم کس مقام پر ہوا اور پہل کس نے کی؟

جواب: موتہ کے مقام پر۔ مسلمانوں نے۔

سوال: غزوۂ موتہ میں حضرت زید بن حارثہؓ کی شہادت کے بعد آنحضرتؐ کے مقرر کردہ کس سپہ سالار نے لشکر کی قیادت سنبھالی؟

جواب: حضرت جعفر طیارؓ

سوال: غزوۂ موتہ میں حضرت جعفر طیارؓ کی شہادت کے بعد کس صحابی نے لشکر اسلام کی قیادت کی جنہیں آنحضرتؐ نے حضرت جعفرؓ کی شہادت کی صورت میں سپہ سالار بنانے کا حکم دیا تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

سوال: حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کی شہادت کے بعد مجاہدین نے کسے اپنا سپہ سالار چنا جو غزوۂ موتہ کے ہیرو کی حیثیت سے تاریخ میں یاد کئے جاتے ہیں؟

جواب: حضرت خالد بن ولیدؓ

سوال: جنگ موتہ میں آنحضرتؐ نے کس صحابی کی بہادری اور جرأت سے متاثر ہو کر انہیں "سیف اللہ" کے لقب سے ملقب فرمایا؟

جواب: حضرت خالد بن ولیدؓ

سوال: معاہدہ حدیبیہ کو توڑنے میں پہل کس نے کی؟

جواب: قریش نے (بنو بکر کے ساتھ مل کر قریش نے بنو خزاعہ (مسلمانوں کے حلیف قبیلہ) کا حرم میں قتل عام کیا۔

سوال: قریش کی طرف سے معاہدہ حدیبیہ کی تنسیخ کا اعلان کب اور کس نے کیا؟

جواب: ۸ھ میں قمرط بن عمر نے

Marfat.com

سوال : معاہدہ حدیبیہ کی تنسیخ کے بعد جب قریش کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو انہوں نے کسے اپنا سفیر بنا کر آنحضرتؐ کے پاس معاہدہ کی از سرِ نو تجدید کے لئے بھیجا مگر اسے نامراد لوٹنا پڑا؟

جواب : ابوسفیان کو۔

سوال : آنحضرتؐ فتح مکہ کے لئے مدینہ سے کب روانہ ہوا؟

جواب : ۱۰ / رمضان المبارک ۸ھ

سوال : سن عیسوی کے مطابق آنحضرتؐ نے کس تاریخ کو فتح مکہ کے لئے مدینہ سے پیشقدمی کی؟

جواب : یکم جنوری ۶۳۰ء

سوال : فتح مکہ کی مہم میں آنحضرتؐ کے ساتھ کتنے مجاہدین تھے؟

جواب : دس ہزار (۱۰ / ہزار)

سوال : آنحضرتؐ نے مکہ سے ایک منزل دور کس مقام پر چھاؤنی ڈالی؟

جواب : مرّ الظہران

سوال : قریش نے اسلامی لشکر کی صحیح تعداد اور جنگی نوعیت کی معلومات حاصل کرنے کے لئے کن اشخاص کو اسلامی لشکر کی طرف بھیجا؟

جواب : ابوسفیان، بدیل بن ورقا اور حکیم بن حزام۔

سوال : یہ تین جاسوس جو قریش نے لشکر اسلام کی جاسوسی کے لئے بھیجے تھے ان میں سے ایک پکڑا گیا مگر آنحضرتؐ نے اسے چھوڑ دیا، نام بتائیے؟

جواب : ابوسفیان

سوال : ابوسفیان نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب : رمضان ۸ھ / جنوری ۶۳۰ء

سوال : آنحضرتؐ نے فتح مکہ کے وقت کس کے گھر کو "دار الامن" قرار دے دیا؟

جواب : ابوسفیانؓ کے گھر کو۔

سوال : مکہ میں داخل ہوتے ہی آنحضرتؐ نے اہل مکہ کے لئے کیا اعلان کیا؟

جواب : عام معافی کا اعلان

سوال : فتح مکہ کے وقت کعبۃ اللہ میں کتنے بت تھے؟

جواب : تین سو ساٹھ بت (۳۶۰)

Marfat.com

سوال : جب آنحضرتؐ فتح مکہ کے بعد حرم شریف میں داخل ہوئے تو آپؐ عصا کی نوک سے ایک ایک بت گرائے جاتے اور ساتھ ساتھ سورۂ بنی اسرائیل کی ایک آیت تلاوت فرماتے جاتے بتائیے کونسی آیت ؟

جواب : جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ○

سوال : آنحضرتؐ کن دو صحابیوں کے ہمراہ بیت اللہ کا دروازہ کھلوا کر اندر داخل ہوئے تکبیریں کہیں اور نماز ادا فرمائی ؟

جواب : حضرت بلالؓ اور حضرت طلحہؓ کے ساتھ

سوال : آنحضرتؐ نے فتح مکہ کے وقت کتنے لوگوں کا خون بہا جائز قرار دیا ؟

جواب : پندرہ افراد (۱۵ افراد)

سوال : ان پندرہ افراد میں سے جن کا خون بہا جائز قرار دیا گیا کتنے افراد نے اسلام قبول کر لیا ؟

جواب : گیارہ افراد نے (باقی چار افراد کو قتل کر دیا گیا)

سوال : مکہ پر حملے کی خبر آنحضرتؐ نے سب سے پہلے اپنی ایک زوجہ مطہرہ کو دی تھی بتائیے کس زوجہ مطہرہ کو ؟

جواب : حضرت عائشہؓ صدیقہ

سوال : فتح مکہ کے وقت کعبہ کے کلید بردار کون تھے ؟

جواب : حضرت عثمانؓ بن ابی طلحہ

سوال : فتح مکہ کے بعد آنحضرتؐ نے کعبہ کا کلید بردار کسے مقرر فرمایا ؟

جواب : حضرت عثمانؓ بن ابی طلحہ ہی کو

سوال : فتح مکہ کے وقت خانہ کعبہ کی دیواروں پر مختلف دیوی دیوتاؤں کی تصاویر بنی ہوئی تھیں ۔ آنحضرتؐ نے کس صحابی کو حکم دیا کہ وہ ان تصاویر کو مٹا دیں ؟

جواب : حضرت عمر فاروقؓ

سوال : فتح مکہ کے بعد آنحضرتؐ نے مکہ میں کتنے دن قیام فرمایا ؟

جواب : پندرہ دن تک

سوال : فتح مکہ کے بعد آنحضرتؐ نے اہلِ مکہ کو تحریک اسلام میں رسمی طور پر شریک کرنے کی خاطر کس مقام پر بیعت لی ؟

Marfat.com

جواب: مقام صفا پر

سوال: فتح مکہ کے وقت آنحضرتؐ کے ساتھ کونسی دو ازواجِ مطہرات تھیں؟

جواب: حضرت ام سلمہؓ حضرت میمونہؓ

سوال: مکہ پر حملہ کے لیئے روانہ ہوتے وقت آنحضرتؐ نے مدینہ کا انتظامی حاکم کسے مقرر کیا؟

جواب: حضرت ابن ام مکتومؓ

سوال: فتح مکہ کے بعد جب آنحضرتؐ مکہ سے واپس مدینہ تشریف لے جانے لگے تو کسے مکہ کا نگران مقرر کیا؟

جواب: حضرت معاذ بن جبلؓ

سوال: غزوہ حنین کا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: شوال ۸ھ رجنوری، فروری ۶۳۰ء

سوال: غزوہ حنین کا محرک بنو ہوازن اور ثقیف کے قبائل نے طائف میں اہلِ مکہ کی جاگیروں پر قبضہ کر لیا اور مکہ پر مسلح حملے کا بھرپور منصوبہ تیار کیا تھا۔ بتایئے اس جنگ میں ہوازن اور ثقیف قبائل کے حلیف اور کونسے قبائل تھے؟

جواب: بنی مفر اور بنی ہلال

سوال: غزوہ حنین میں کفار کے متحدہ لشکر میں کتنے جری جنگجو جوان شامل تھے؟

جواب: چار ہزار (۴۰۰۰)

سوال: غزوہ حنین میں لشکرِ کفار کا سپہ سالار کون تھا؟

جواب: مالک بن عوف

سوال: غزوہ حنین میں اسلامی لشکر کے مقدمۃ الجیش نے کس کی قیادت میں لشکرِ کفار پر دھاوا بولا، اور کاری ضرب لگائی؟

جواب: حضرت خالد بن ولیدؓ

سوال: غزوہ حنین میں شکست کے بعد لشکر کفار دو حصوں میں بٹ گیا ایک کی قیادت تو بدستور مالک بن عوف کر رہا تھا بتایئے دوسرے حصّے کی قیادت کس نے سنبھالی؟

جواب: دُرید بن الصمہ نے

سوال: غزوہ حنین کے بعد جب کفار کا لشکر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا تو ایک حصہ جس میں کئی ہزار

کفار شامل تھے دُرَید کی قیادت میں کس مقام پر دوبارہ حملے کی تیاری کیلئے اکٹھا ہوا؟

جواب: وادی حنین ہی میں "اوطاس" کے مقام پر۔

سوال: غزوہ حنین میں لشکر کفار کا دوسرا حصہ شکست کھانے کے بعد مالک بن عوف کی قیادت میں کہاں پناہ گزین ہوا؟

جواب: طائف میں

سوال: دُرَید کے لشکر کا تعاقب کرنے کے لئے آنحضرتؐ نے کس صحابی کو اوطاس کی طرف روانہ کیا تاکہ کفار کو دوبارہ حملہ کی تیاری کا موقع نہ دیا جائے؟

جواب: حضرت ابو عامر اشعریؓ

سوال: غزوہ حنین میں شکست کھانے کے بعد لشکر کفار کا دوسرا حصہ جو طائف میں قلعہ بند ہو گیا تھا سے نمٹنے کے لیے لشکر اسلام نے آنحضرتؐ کی قیادت میں طائف کا محاصرہ کب کیا؟

جواب: شوال ۸ھ بمطابق فروری ۶۳۰ء

سوال: شوال ۸ھ میں کیا جانے والا طائف کا محاصرہ کتنے دن تک جاری رہا؟

جواب: بیس دن (۲۰ دن)

سوال: غزوہ طائف سے واپسی پر آنحضرتؐ نے کس مقام پر قیام کیا اور مال غنیمت مجاہدین میں تقسیم فرمایا؟

جواب: جعرانہ

سوال: غزوہ حنین میں کتنے جنگی قیدی مسلمانوں کے ہاتھ لگے؟

جواب: تقریباً چھ ہزار (۶۰۰۰)

سوال: غزوہ حنین کے جنگی قیدیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

جواب: بغیر فدیہ اور کسی شرط کے رہا کر دیا گیا۔

سوال: غزوہ حنین کے جنگی قیدیوں میں آنحضرتؐ کی ایک رضاعی بہن بھی تھیں نام بتایئے؟

جواب: حضرت شیماؓ

سوال: ۸ھ میں آنحضرتؐ کے ایک صاحبزادے کی ولادت باسعادت ہوئی، نام بتایئے؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ

سوال: ۹ھ میں آنحضرتؐ کچھ عرصہ کے لیے مکمل گوشہ تنہائی میں چلے گئے اور ایک الگ تھلگ حجرے میں قیام فرمایا جس میں کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہ تھی، بتایئے آنحضرتؐ نے اس حجرہ

Marfat.com

میں کتنے عرصہ تک تنہا قیام فرمایا؟

جواب: ایک ماہ تک

سوال: آنحضرتؐ نے منات نامی بت (جو مدینہ منورہ میں نصب تھا) کو ڈھانے کے لیے حضرت سعد بن اشہلیؓ کو کب روانہ فرمایا؟

جواب: ۲۳ رمضان المبارک ۸ھ

سوال: آنحضرتؐ نے ان بتوں کو توڑنے کا حکم کب دیا جو لوگوں کے گھروں میں رکھے ہوئے تھے؟

جواب: ۸ھ میں

سوال: ۸ھ میں آنحضرتؐ نے حضرت عمرو بن العاصؓ کو کس بت کو توڑنے کیلیے روانہ کیا؟

جواب: سواع نامی بت

سوال: میں نے انہیں جنت میں یاقوت کے دو بازوؤں کے ساتھ فرشتوں کے ہمراہ پرواز کرتے دیکھا ہے۔ یہ بات آنحضرتؐ نے کب اور کس کے لیے فرمائی؟

جواب: ۸ھ (جنگ موتہ کے بعد) حضرت جعفر بن ابی طالبؓ کے لیے۔

سوال: جنگ موتہ کے کس شہید کو آنحضرتؐ نے "طیار" کا لقب مرحمت فرمایا؟

جواب: حضرت جعفر بن ابی طالبؓ

سوال: غزوہ طائف (۸ھ) کے موقع پر آنحضرتؐ کے ساتھ کونسی دو ازواج مطہرات تھیں؟

جواب: حضرت ام سلمہؓ اور حضرت زینبؓ

سوال: غزوہ طائف کے موقع پر آنحضرتؐ نے کس صحابی کے مشورہ پر منجنیق نصب کرنے کا حکم دیا؟

جواب: حضرت سلمان فارسیؓ

## ۹ھ

سوال: رومی سلطنت کی اسلامی سلطنت پر حملہ کی خبر پا کر آنحضرتؐ نے (غزوہ تبوک کے لیے) مدینہ سے پیشقدمی کا حکم کب دیا؟

جواب: رجب المرجب ۹ھ / نومبر ۶۳۰ء

سوال: جن دنوں غزوہ تبوک کا معرکہ ہوا عرب ایک شدید بحران کا شکار تھا بتایئے کیا مسئلہ درپیش تھا؟

جواب: عرب میں قحط پڑا ہوا تھا اور گرمی بہت زیادہ شدید تھی۔

Marfat.com

سوال: ۹ھ میں رومیوں نے کس غلط اطلاع کے پیشِ نظر عرب پر حملے کا منصوبہ بنایا؟

جواب: آپؐ کی وفات کی جھوٹی اطلاع پر

سوال: غزوۂ تبوک میں اسلامی جھنڈے تلے کتنے مجاہدین نے حصہ لیا؟

جواب: تیس ہزار (۳۰۰۰۰)

سوال: تیس ہزار مجاہدین کے لشکرِ اسلامی میں کتنے سوار شامل تھے؟

جواب: صرف دس ہزار (۱۰۰۰۰)

سوال: "جیش العسرت" کس غزوے کو کہا جاتا ہے؟

جواب: غزوۂ تبوک کو

سوال: غزوۂ تبوک میں مسلمانوں کا کتنا جانی نقصان ہوا؟

جواب: تصادم کی نوبت ہی نہ آئی۔

سوال: غزوۂ تبوک میں آنحضرتؐ نے تبوک کے مقام پر چھاؤنی ڈالی بتایئے تبوک میں لشکرِ اسلام کے ساتھ آپؐ نے کتنے روز تک قیام فرمایا؟

جواب: بیس روز (۲۰ روز)

سوال: منافقین کے گروہ نے مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے اور زیرِ آستین اسلام دشمن سرگرمیوں کے لیے کونسی مسجد تعمیر کی جس کا ذکر قرآن پاک میں بھی ہے؟

جواب: مسجد ضرار

سوال: ۹ھ میں غزوۂ تبوک سے واپس آتے ہی آنحضرتؐ نے کس مسجد کو نذرِ آتش کرنے کا حکم دیا؟

جواب: مسجد ضرار

سوال: ان تین صحابہ کرام کا نام بتایئے جو محض تساہل کی بنا پر غزوہ تبوک میں شریک نہ ہوئے مگر بعد میں سچ سچ آپؐ کو بتا کر معافی مانگی اور اللہ تعالیٰ سے توبہ کی تو آنحضرتؐ نے انہیں معاف کر دیا؟

جواب: حضرت بلالؓ، حضرت کعب بن مالکؓ، حضرت مرارہ بن ربیعؓ

سوال: آنحضرتؐ کو مسجد ضرار میں منافقین کی سرگرمیوں کا علم کس ذریعے سے ہوا؟

جواب: وحی کے ذریعے۔

سوال: اسلامی سلطنت کا پہلا دار الحکومت ہونے کا شرف کس شہر کو حاصل ہوا؟

جواب: مدینۃ النبیؐ کو

Marfat.com

سوال : حج کب فرض ہوا ؟

جواب : ۹ھ میں ر ۶۳۱ء

سوال : ۹ھ میں حج پر جانے والی مسلمانوں کی پہلی جماعت کا امیر الحج بنا کر آنحضرت ؐ نے کس صحابی کو روانہ کیا ؟

جواب : حضرت ابوبکرؓ صدیق

سوال : مسلمان حجاج کرام کی پہلی جماعت حضرت ابوبکرؓ کی قیادت میں مدینہ سے کب روانہ ہوئی ؟

جواب : ذیقعد ۹ھ بمطابق فروری مارچ ۶۳۱ء

سوال : مسلمان حجاج کرام کی پہلی جماعت جو ذیقعد ۹ھ میں مکہ روانہ ہوئی اس میں کتنے حجاج کرام شامل تھے ؟

جواب : تین سو (۳۰۰)

سوال : ۹ھ میں آنحضرت ؐ نے کس جلیل القدر صحابی کو ایک تاریخی اعلان دے کر نقیب اسلام مقرر فرمایا اور حجاج کی جماعت کے ساتھ مکہ روانہ کیا ؟

جواب : حضرت علی مرتضےٰ رض

سوال : آنحضرت ؐ نے حجاج کرام کی جماعت میں سے کن صحابہ کرام کو معلمی کے فرائض سونپے ؟

جواب : حضرت جابرؓ حضرت سعد بن وقاص رض اور حضرت ابو ہریرہؓ

سوال : مسلمانوں نے سنتِ ابراہیمی کے مطابق پہلا حج کب ادا کیا ؟

جواب : ذیقعد ۹ھ

سوال : پہلے حج کے موقع پر قربانی کے دن کس صحابی نے خطبہ دیا ؟

جواب : حضرت ابوبکر صدیق رض

سوال : "آج کے بعد کوئی مشرک و کافر خانہ کعبہ میں داخل نہ ہوگا"۔ آنحضرت ؐ کی طرف سے یہ تاریخی اعلان حضرت علی رض نے فرمایا بتایئے اس تاریخی اعلان سے پہلے انہوں نے کس سورۃ مبارکہ کی چالیس (۴۰) آیات کی تلاوت فرمائی ؟

جواب : سورۃ برأت

سوال : عام الوفود کس سال کو کہا جاتا ہے ؟

جواب : ۹ھ کو

Marfat.com

سوال: یمن کے نامور قبیلہ طے کے سردار اور حاتم طائی کے بیٹے عدی ابن حاتم نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب: ۹ھ

سوال: اسلام قبول کرنے سے پہلے عدی ابن حاتم کا تعلق کس مذہب سے تھا؟

جواب: عیسائیت

سوال: اسلام سے قبل عدی بن حاتم طائی کس لقب سے مشہور تھے؟

جواب: زید الخیل

سوال: عدی بن حاتم طائی کے مسلمان ہونے کے بعد آنحضرتؐ نے ان کے لقب "زید الخیل" کو کس لقب سے بدل دیا؟

جواب: "زید الخیر"

سوال: آنحضرتؐ کی زندگی کا آخری غزوہ کونسا تھا جس میں انہوں نے بنفسِ نفیس شرکت فرمائی؟

جواب: غزوہ تبوک

سوال: غزوہ تبوک پر روانہ ہونے وقت آنحضرتؐ نے مدینہ میں اپنا نائب کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت محمد بن مسلمہؓ

سوال: غزوہ تبوک میں لشکرِ اسلام میں کتنے گھوڑے دستیاب تھے؟

جواب: دس ہزار (۱۰۰۰۰)

سوال: غزوہ تبوک کے موقع پر کتنے اونٹ دستیاب ہو سکے؟

جواب: بارہ ہزار (۱۲۰۰۰)

سوال: غزوہ تبوک کے موقع پر جب آنحضرتؐ نے چندہ (عطیات) دینے کا حکم فرمایا تو کس صحابی نے گھر کا آدھا سامان نذر کر دیا؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ

سوال: غزوہ تبوک کے موقع پر کس جلیل القدر صحابی نے اپنے گھر کا سارا سامان آنحضرتؐ کے قدموں میں ڈال دیا اور آنحضرتؐ نے جب پوچھا کہ اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑ آئے تو فخر سے فرمایا گھر والوں کے لیے خدا اور خدا کے رسولؐ کا نام چھوڑ آیا ہوں؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال: عام الوفود (۹ھ) میں جب آنحضرتؐ غزوہ تبوک سے واپس آئے تو کس قبیلہ کا تیرہ رکنی وفد

Marfat.com

آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہوا ؟

جواب: بنو مرّہ

سوال: یکم محرم ۹ھ میں آنحضرتؐ نے آٹھ صحابہ کرام کو کیا اہم ذمہ داری سونپی ؟

جواب: مختلف قبائل سے زکوٰۃ و جزیہ اکٹھا کر کے مدینہ لانے کی ۔

سوال: زکوٰۃ کب فرض ہوئی ؟

جواب: ۹ھ (بعض جگہ ۲ھ درج ہے)

سوال: شاہِ حبشہ نجاشی (اصحم) نے کب وفات پائی ؟

جواب: ۹ھ

سوال: آنحضرتؐ نے نجاشی کی غائبانہ نماز جنازہ کب پڑھائی ؟

جواب: ۹ھ کو

سوال: آنحضرتؐ نے ۹ھ کو نجاشی کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی بتایئے اس نماز جنازہ میں کتنی تکبیریں کہیں ؟

جواب: چار (۴)

سوال: غزوہ تبوک کا دوسرا نام کیا ہے ؟

جواب: غزوہ فاضحہ

## ۱۰ھ

سوال: آنحضرتؐ نے اپنی حیات میں کل کتنی بار فریضہ حج ادا فرمایا ؟

جواب: صرف ایک بار

سوال: آنحضرتؐ نے کس سال حج بیت اللہ کا قصد فرمایا ؟

جواب: ۱۰ھ میں

سوال: آنحضرتؐ کس تاریخ کو حج بیت اللہ کے لئے عازم سفر ہوئے ؟

جواب: ۲۶ ذیقعد ۱۰ھ بروز ہفتہ

سوال: آنحضرتؐ نے کس مقام پر پہنچ کر احرام باندھا ؟

جواب: "ذوالحلیفہ" کے مقام پر

سوال: آنحضرتؐ نے حجۃ الوداع پر روانہ ہونے وقت مدینہ کا انتظامی حاکم کس صحابی کو مقرر فرمایا ؟

Marfat.com

جواب: حضرت ابودجانہ انصاریؓ (بعض جگہ سباع بن عرفطہؓ کا نام ہے)۔

سوال: حجۃ الوداع کے موقع پر آنحضرتؐ کے ساتھ کتنی امہات المومنین تھیں؟

جواب: تمام امہات المومنین جو حیات تھیں (۹)

سوال: آنحضرتؐ نے اپنا تاریخ ساز خطبہ "حجۃ الوداع" کس تاریخ کو دیا؟

جواب: ۹ ذوالحجہ ۱۰ھ

سوال: آنحضرتؐ نے یہ تاریخی خطبہ جو بعد میں آنے والی تمام انسانی نسل کے لئے مشعلِ راہ کا درجہ رکھتا ہے کس مقام پر دیا؟

جواب: عرفات کے مقام پر

سوال: کیا یہ درست ہے کہ خطبۃ الوداع میں آنحضرتؐ نے اپنے وصال بالرفیق الاعلیٰ کی خبر دیدی تھی؟

جواب: جی ہاں

سوال: خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر آنحضرتؐ اپنی کس اونٹنی پر سوار تھے؟

جواب: قصویٰ

سوال: "زمانہ جاہلیت کے خون کے سارے انتقام اب کالعدم ہیں۔ پہلا انتقام جسے میں کالعدم قرار دیتا ہوں میرے اپنے خاندان کا ہے"۔ یہ الفاظ آنحضرتؐ نے خطبۃ الوداع میں فرمائے بتایئے آپؐ نے اپنے خاندان کے کس فرد کا خون معاف فرمایا؟

جواب: ربیعہ بن حارث کے دودھ پیتے بیٹے کا۔

سوال: ربیعہ بن حارث کے بیٹے کا خون کس نے کیا تھا؟

جواب: بنو ہذیل نے

سوال: "دورِ جاہلیت کا سود حیثیت نہیں رکھتا۔ پہلا سود جسے میں چھوڑتا ہوں ——— کے خاندان کا سود ہے اب یہ ختم ہوگیا"۔ بتایئے آنحضرتؐ نے کس خاندان کا سود معاف فرمایا؟

جواب: حضرت عباس بن عبدالمطلبؓ کے خاندان کا۔

سوال: آنحضرتؐ نے سن عیسوی کے مطابق اپنا آخری اور پہلا حج کب ادا فرمایا؟

جواب: فروری، مارچ ۶۳۲ء

سوال: آنحضرتؐ مکہ معظمہ میں کس تاریخ کو داخل ہوئے؟

جواب: ۴ ذوالحجہ ۱۰ھ صبح کے وقت۔

Marfat.com

سوال : ۴ ذوالحجہ ۱۰ھ کو آنحضرتؐ مکہ میں داخل ہوئے بتایئے اس روز ہفتے کا کونسا دن تھا؟

جواب : اتوار (یک شنبہ)

سوال : مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ تک یہ سفر کتنے دن میں طے ہوا؟

جواب : نو دن میں (۹ دن)

سوال : عرفات کے میدان میں آنحضرتؐ نے کتنے مسلمانوں کی موجودگی میں خطبۃ الوداع دیا؟

جواب : تقریباً ایک لاکھ (بعض جگہ ایک لاکھ تیس ہزار درج ہے)

سوال : آنحضرتؐ نے منیٰ میں حاجیوں کے ساتھ کس تاریخ کو قیام فرمایا؟

جواب : ۸ ذوالحجہ ۱۰ھ جمعرات کے دن

سوال : عرفہ میں حاجیوں کا قیام جو حج کا فرضِ کبیرہ ہے بتایئے کس پیغمبر کی یادگار ہے؟

جواب : حضرت ابراہیمؑ

سوال : خطبۃ الوداع آنحضرتؐ نے ۹ ذوالحجہ ۱۰ھ کو دیا بتایئے اس روز ہفتے کا کونسا دن تھا؟

جواب : جمعۃ المبارک

سوال خطبۃ الوداع سے فارغ ہونے کے بعد آنحضرتؐ نے کس صحابی کو اذان دینے کا حکم دیا؟

جواب : حضرت بلالؓ

سوال : مقام عرفات میں آنحضرتؐ نے کتنی نمازیں ملا کر پڑھیں؟

جواب : دو (ظہر اور عصر)

سوال : عرفات سے واپسی پر آنحضرتؐ کے ساتھ اونٹنی پر کون سوار تھا؟

جواب : حضرت اسامہ بن زیدؓ

سوال : آنحضرتؐ نے نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء ملا کر کس مقام پر ادا فرمائی؟

جواب : مزدلفہ میں

سوال : آنحضرتؐ نے ۹ ذوالحجہ ۱۰ھ کی رات کہاں بسر فرمائی؟

جواب مزدلفہ میں

سوال : آنحضرتؐ نے کس تاریخ کو مزدلفہ سے کوچ فرمایا؟

جواب : ۱۰ ذوالحجہ ۱۰ھ بروز ہفتہ

سوال : مزدلفہ سے روانہ ہوتے ہوتے آپ کے ساتھ ناقہ پر کون سوار تھے؟

Marfat.com

جواب: فضل بن عباسؓ (آپ کے برادرِ عم زاد)

سوال: آنحضرتؐ کس راستے سے جمرہؔ تک پہنچے؟

جواب: وادیِ محسّر کے راستے۔

سوال: جمرۂ کے پاس پہنچ کر آپؐ نے کس سے فرمایا کہ مجھے کنکریاں چن کر دو؟

جواب: حضرت فضل بن عباسؓ کو

سوال: حجۃ الوداع کے موقع پر آنحضرتؐ کے ہمراہ قربانی کے کتنے اونٹ تھے؟

جواب: سو اونٹ (۱۰۰)

سوال: قربانی کے دن آنحضرتؐ نے کتنے اونٹ خود ذبح کیے؟

جواب: تریسٹھ (۶۳)

سوال: آنحضرتؐ نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر کس روز قربانی فرمائی؟

جواب: ۱۰ ذوالحجۃ سنہ ۱۰ھ بروز ہفتہ

سوال: سو میں سے تریسٹھ اونٹ تو آنحضرتؐ نے ذبح کیے تھے بتایئے باقی اونٹ کس نے ذبح کیے؟

جواب: حضرت علی مرتضیٰؓ نے

سوال: آنحضرتؐ نے اپنے سر کے بال قربانی کے بعد منڈوا دیے بتایئے کس سے؟

جواب: معمر بن عبد اللہ سے

سوال: جب آنحضرتؐ طواف سے فارغ ہو کر چاہِ زمزم پر آئے تو کس نے پانی نکال کر آپؐ کو پیش کیا؟

جواب: حضرت عباسؓ نے

سوال: ۱۰ ذوالحجہ سنہ ۱۰ھ کی نمازِ ظہر آنحضرتؐ نے کس مقام پر ادا فرمائی؟

جواب: منیٰ میں

سوال: آنحضرتؐ نے ۱۰ ذوالحجہ سے ۱۲ ذوالحجہ تک کہاں قیام فرمایا؟

جواب: منیٰ میں

سوال: آنحضرتؐ ۱۳ ذوالحجہ کی شام زوالِ آفتاب کے بعد منیٰ سے روانہ ہوئے بتایئے رات بسر کرنے کے لیے کس مقام پر قیام فرمایا؟

جواب: محصب کے مقام پر

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ نے ۱۴ ذوالحجہ کو فجر کی نماز کہاں ادا فرمائی ؟

جواب: کعبۃ اللہ میں

سوال: آنحضرتؐ نے اپنے ساتھ آئے ہوئے حجاج کرام کے ہمراہ مدینہ کی طرف کب مراجعت فر

جواب: ۱۴ ذوالحجہ ۱۰ھ

سوال: مکہ سے نکل کر آنحضرتؐ ایک مقام پر رکے اور صحابہ کرام کو جمع کر کے ایک مختصر خطبہ دیا

کس مقام پر ؟

جواب: "خُم" جو عام روائتوں میں" غدیر" آیا ہے۔

سوال: ۱۰ھ میں وہ آخری وفد کونسا تھا جو آنحضرتؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا ؟

جواب: وفد نخع

سوال: آنحضرتؐ کے صاحبزادے ابراہیمؓ کا انتقال کب ہوا ؟

جواب: ۱۰ھ میں

سوال: ۱۰ھ میں سورج گرہن کے موقع پر آنحضرتؐ نے ایک خاص نماز با جماعت ادا فرمائی۔ اُ

خاص نماز کا نام بتایئے جو آنحضرتؐ کی تقلید میں سورج گرہن کے موقع پر ادا کی جاتی ہے

جواب: نماز کسوف

سوال: رمضان المبارک ۱۰ھ میں آنحضرتؐ کتنے دن اعتکاف میں بیٹھے ؟

جواب: بیس دن (۲۰ دن) (اس سے قبل ہمیشہ دس دن بیٹھتے تھے)

## ۱۱ھ

سوال: حجۃ الوداع کے بعد پہلی بار آنحضرتؐ کو درد سر کی شکایت ہوئی۔ بتایئے کب ؟

جواب: ماہ صفر ۱۱ھ

سوال: جب آنحضرتؐ کی طبیعت زیادہ ناساز ہوئی تو آپؐ نے کسے نماز با جماعت کی امامت کا حکم دیا

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ کو

سوال: سب سے آخری نماز جو آپؐ نے پڑھائی تھی وہ کونسی تھی ؟

جواب: نماز مغرب جمعہ ۹ ربیع الاول ۱۱ھ

سوال: آنحضرتؐ آخری بار شہدائے احد کو الوداع کہنے جنت البقیع میں کب تشریف لے گئے ؟

Marfat.com

جواب: ۱۸ یا ۱۹ صفر ۱۱ھ کو (آپؐ کے ساتھ آزاد کردہ غلام ابو مویہبہ تھے)

سوال: جنت البقیع سے واپس تشریف لائے تو مزاجِ مبارک زیادہ ناساز ہوا بتایئے اس روز ہفتے کا کونسا دن تھا؟

جواب: چہار شنبہ (بدھ)

سوال: ۱۸ یا ۱۹ صفر ۱۱ھ کو آنحضرتؐ جنت البقیع سے تشریف لانے کے بعد سیدھے کن اُم المومنین کے حجرہ مبارک میں گئے؟

جواب: حضرت میمونہ رضؓ

سوال: بروز دوشنبہ ۴ یا ۵ ربیع الاوّل کو جب مرض شدید ہوا تو آنحضرتؐ نے کن ام المومنین کے حجرہ مبارک میں جانے کی خواہش ظاہر کی؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ

سوال: آنحضرتؐ کو کون سہارا دے کر حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرہ مبارک تک لے گیا؟

جواب: حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ

سوال: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے کل کتنے روز تک آنحضرتؐ کی جگہ امامت فرمائی؟

جواب: تین روز تک

سوال: کل کتنی نمازوں کی امامت حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمائی کیونکہ آنحضرتؐ کی بیماری شدت اختیار کرگئی تھی؟

جواب: سترہ نمازوں کی (۱۷)

سوال: آنحضرتؐ نے اپنی زندگی کا سب سے آخری خطبہ کب دیا؟ اور اس خطبہ میں کتنی خصوصی نصیحتیں فرمائیں؟

جواب: ۸ ربیع الاوّل ۱۱ھ (جمعرات) تین نصیحتیں۔

سوال: آنحضرتؐ کل کتنے روز بیمار رہے؟

جواب: ۱۸ دن (اٹھارہ دن)

سوال: آنحضرتؐ نے اپنے آخری ایام کس ام المومنین کے حجرہ میں گزارے؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت عائشہ رضؓ کے حجرے میں کتنے روز قیام فرمایا؟

Marfat.com

جواب: آٹھ روز (۸ دن)

سوال: آنحضرتؐ کا وصال کب ہوا؟

جواب: ۱۲ ربیع الاوّل ۱۱ھ (بعض جگہ یکم اور دو ربیع الاوّل بھی درج ہے)

سوال: آنحضرتؐ نے ہفتے کے کس دن انتقال فرمایا؟

جواب: دوشنبہ (پیر)

سوال: سن عیسوی کے مطابق آنحضرتؐ نے کس تاریخ کو وفات پائی؟

جواب: ۷ جون ۶۳۲ء

سوال: دورانِ علالت آنحضرتؐ نے اپنی کس بیٹی کو بلا بھیجا جب وہ آئیں تو ان کے کان میں کو
بات کی جس سے وہ رونے لگیں، جب دوبارہ پاس بلا کر آنحضرتؐ نے ان کے کان میں
کہا تو وہ ہنس دیں؟

جواب: حضرت فاطمہؓ

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے کان میں کیا بات بتائی جس سے وہ رونے لگیں اور
دوبارہ کیا فرمایا جس سے وہ مسکرا دیں؟

جواب: پہلے آپؐ نے اپنی وفات کی خبر دی تو رونے لگیں. بعد میں آپؐ نے فرمایا کہ تم (حضرت فا
مجھے سب سے پہلے آن ملو گی تو وہ ہنس دیں.

سوال: وفات سے قبل آنحضرتؐ نے کس کے ہاتھ میں مسواک دیکھ کر مسواک کرنے کی خواہش ظاہر
اور پھر ان سے مسواک لیکر مسواک کی؟

جواب: حضرت عبدالرحمٰن بن ابو بکرؓ

سوال: آنحضرتؐ کی زبان مبارک پر آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب: "بل الرفیق الاعلیٰ" ترجمہ "بلکہ (وصال) رفیق اعلیٰ مطلوب ہے".

سوال: آنحضرتؐ نے آخری وقت تک کن دو چیزوں کی خصوصی تلقین فرمائی؟

جواب: نماز اور غلام کے حقوق

سوال: آنحضرتؐ نے دن کے کونسے پہر وفات پائی؟

جواب: سہ پہر کو

سوال: کس جلیل القدر صحابی نے آنحضرتؐ کی وفات کی خبر سن کر شدتِ غم سے تلوار نکال لی ا

Marfat.com

فرمایا" جو شخص بھی یہ بات منہ سے نکالے گا کہ آنحضرتؐ کا انتقال ہوگیا تو میں اس کی گردن اُڑا دوں گا"؟

جواب: حضرت عمر بن خطابؓ

سوال: اس موقع پر کس صحابی نے حقیقت حال سے لوگوں کو آگاہ کیا اور ایک پُراثر تقریر کی جس سے صحابہ کرام کے غم والم میں کچھ کمی ہوئی اور آنحضرتؐ کی وفات کا یقین ہوگیا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال: آنحضرتؐ کی نماز جنازہ کی امامت کس نے فرمائی؟

جواب: کسی نے نہیں۔ بلکہ لوگ ایک طرف سے حجرہ میں داخل ہوتے۔ زیارت کرتے، درود پڑھتے ہوئے دوسری طرف نکل جاتے۔

سوال: آنحضرتؐ کو غسل دیتے وقت پردہ کس نے کیا؟

جواب: حضرت فضل بن عباسؓ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ

سوال: آنحضرتؐ کے جسدِ مبارک کو غسل دینے کی سعادت کسے نصیب ہوئی؟

جواب: حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ

سوال: آنحضرتؐ کے کفن میں کتنے کپڑے استعمال ہوئے؟

جواب: تین سوتی سفید کپڑے۔

سوال: آنحضرتؐ کے جسد مبارک کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: حضرت عائشہؓ کے حجرے میں جہاں آپؐ کا بستر تھا۔

سوال: آنحضرتؐ کی قبر مبارک کس نے کھودی؟

جواب: ابوطلحہؓ نے۔

سوال: آنحضرتؐ کی قبر مبارک مکہ کے دستور کے مطابق صندوقی تھی یا اہلِ مدینہ کے مطابق لحدی؟

جواب: لحدی۔

سوال: آنحضرتؐ نے جس بستر پر وفات پائی اس کا کیا ہوا؟

جواب: زمین نم تھی اس لئے وہ قبر میں بچھا دیا گیا۔

سوال: آنحضرتؐ نے کتنے سال کی عمر میں رحلت فرمائی؟

جواب: تریسٹھ سال (۶۳ سال)

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ اپنی حیات میں کل کتنی بار علیل ہوئے؟

جواب: صرف تین مرتبہ۔

سوال: علالت کے دوران آنحضرتؐ نے جب غسل کا ارادہ فرمایا تو کتنے کنوؤں سے پانی لانے کا حکم دیا؟

جواب: سات کنوؤں سے۔

سوال: شدتِ علالت میں آنحضرتؐ نے حضرت عائشہؓ کو کتنے دینار صدقہ کر دینے کا حکم دیا تھا؟

جواب: سات دینار

سوال: ۱۱ھ میں جب آنحضرتؐ علیل ہوئے تو آپؐ نے کتنے غلام آزاد فرمائے؟

جواب: چالیس غلام (۴۰)

سوال: جب آنحضرتؐ نے وفات پائی تو آپؐ کا سر مبارک کس زوجہ مطہرہ کی گود میں تھا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ

سوال: آنحضرتؐ نے اپنے آخری الفاظ بل الرفیق الاعلیٰ کتنی بار ادا فرمائے؟

جواب: تین بار

سوال: آنحضرتؐ کی نماز جنازہ عورتوں، بچوں اور مردوں نے کس ترتیب سے ادا کی؟

جواب: پہلے مردوں نے پھر عورتوں نے اور پھر بچوں نے۔

سوال: آنحضرتؐ کے آخری غسل کے لئے پانی کس کنویں سے لایا گیا؟

جواب: چاہ غرس سے

سوال: آنحضرتؐ کو کن صحابہ کرام نے لحد مبارک میں اتارا؟

جواب: حضرت علیؓ، حضرت فضل بن عباسؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ

سوال: آنحضرتؐ کی لحد مبارک پختہ اینٹوں سے بند کی گئی یا خام اینٹوں سے؟

جواب: خام اینٹوں سے۔

سوال: تدفین کے بعد آنحضرتؐ کی قبر مبارک پر چھڑکاؤ کے لئے پانی کے مشکیزے بھر کر کون لایا؟

جواب: حضرت بلالؓ

سوال: آنحضرتؐ کی تدفین کس دن ہوئی؟

جواب: منگل ۱۳ ربیع الاول ۱۱ھ

سوال: آنحضرتؐ کی تدفین دن کے کس پہر عمل میں آئی؟

Marfat.com

جواب: سہ پہر کو
سوال: آنحضرتؐ نے ورثے میں کیا چھوڑا؟
جواب: کچھ بھی نہیں

# ازواج مطہراتؓ

آنحضرتؐ کے نکاح میں متفقہ روایات کے مطابق گیارہ خواتین آئیں یعنی ازواجِ مطہرات کی تعداد گیارہ ہے لیکن بعض روایات میں ازواجِ مطہرات کی تعداد تیرہ (۱۳) بیان کی گئی ہے یعنی حضرت ماریہ قبطیہؓ اور حضرت ریحانہ بنتؓ زید پر محققین کا شدید اختلاف ہے۔

## ۱۔ ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ

سوال: آنحضرتؐ کا پہلا نکاح کس خاتون سے ہوا؟
جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ
سوال: حضرت خدیجہؓ کے نکاح کی اولین تجویز کس سے ہوئی تھی مگر نکاح کی نوبت نہیں آئی؟
جواب: ورقہ بن نوفل
سوال: حضرت خدیجہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
جواب: ابو ہالہ بن زرارۃ بن النباش سے
سوال: حضرت خدیجہؓ کی پہلے خاوند سے کتنی اولاد تھی؟
جواب: دو لڑکے اور ایک لڑکی۔ (بعض جگہ تینوں لڑکے بتائے جاتے ہیں)
سوال: حضرت خدیجہؓ کے دو صاحبزادے اور ایک صاحبزادی ابو ہالہ (پہلے شوہر) سے تھے۔ نام بتایئے؟
جواب: ہند اور حارث بیٹی زینت (بعض جگہ ہالہ، طاہر اور ہند تین لڑکوں کا ذکر ہے)
سوال: حضرت خدیجہؓ ابو ہالہ کے انتقال کے بعد کس کے نکاح میں آئیں؟
جواب: عتیق بن عائذ بن عبداللہ (بعض جگہ عتیق کو پہلا شوہر لکھا گیا ہے)
سوال: حضرت خدیجہؓ کی دوسرے خاوند سے صرف ایک لڑکی تھی نام بتایئے؟
جواب: ہند

Marfat.com

سوال : ہند جو حضرت خدیجہؓ کے دوسرے شوہر کی بیٹی تھیں کس کنیت سے معروف ہوئیں ؟

جواب : اِمّ محمدؓ سے

سوال : حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ اپنی پاکدامنی اور پاکیزگی کی وجہ سے عرب میں کس لقب سے مشہور تھیں ؟

جواب : طاہرہ ۔

سوال : آنحضرتؐ کی کتنی اولاد حضرت خدیجہؓ کے بطن سے تھی ؟

جواب : حضرت ابراہیمؑ کے علاوہ تمام اولاد (دو صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں)

سوال : حضرت خدیجہؓ کے والد کا کیا نام تھا ؟

جواب : خویلد بن اسد

سوال : حضرت خدیجہؓ کی والدہ کا کیا نام تھا ؟

جواب : فاطمہ بنت زائدہ

سوال : حضرت خدیجہؓ کی کنیت کیا تھی ؟

جواب : "اِمّ ہند"

سوال : حضرت خدیجہؓ کا نسب پیغمبر اعظمؐ سے کس پر ملتا ہے ؟

جواب : قصّی بن کلاب پر

سوال : حضرت خدیجہؓ کے پہلے خاوند ابو ہالہ کا اصل نام کیا تھا ؟

جواب : ہند بن نبّاش

سوال : حضرت خدیجہؓ کا پہلا نکاح کتنی عمر میں ہوا ؟

جواب : پندرہ برس (۱۵)

سوال : حضرت خدیجہؓ کے پہلے شوہر کا جب انتقال ہوا تو اسوقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کتنی تھی ؟

جواب : اکیس سال (۲۱)

سوال : حضرت خدیجہؓ نے تیسرا نکاح کس سے کیا ؟

جواب : ابن ہشام کے مطابق صیفی بن امیہ سے جبکہ بعض جگہ ہے کہ تیسرا نکاح آنحضرتؐ سے ہوا ۔

سوال : حضرت خدیجہؓ نے آنحضرتؐ کے ساتھ کتنے برس کی رفاقت کے بعد وفات پائی ؟

جواب : پچیس برس (۲۵)

سوال : وفات کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کیا تھی ؟

Marfat.com

جواب: پینسٹھ برس (۶۵ برس)

سوال: آنحضرتؐ پر ایمان لانے والی پہلی شخصیت کونسی تھی؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ

سوال: حضرت خدیجہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: اس وقت نماز جنازہ شروع نہیں ہوئی تھی۔

سوال: حضرت خدیجہؓ کو قبر مبارک میں کس نے اتارا؟

جواب: حضرت محمدؐ نے

سوال: حضرت خدیجہؓ کے پہلے خاوند کی اولاد میں سے ایک جلیل المرتبہ صحابی ہوئے جو حضرت علیؓ کیساتھ جنگِ جمل میں شریک ہوئے اور شہادت کے مرتبے کو پہنچے نام بتایئے؟

جواب: ہند بن ابیؓ ہالہ

سوال: حضرت خدیجہؓ کے ایک صاحبزادے کو اسلام کا پہلا شہید ہونے کا شرف حاصل ہے نام بتایئے؟

جواب: حضرت حارث بنؓ ابو ہالہ

سوال: حضرت حارث بن ابوؓ ہالہ کو کس مقام پر شہید کیا گیا؟

جواب: کعبۃ اللہ میں

سوال: حضرت خدیجہؓ کی ایک بہن نے بھی اسلام قبول کیا اور حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد انتقال کیا، نام بتایئے؟

جواب: ہالہ

سوال: کس ام المومنین کی موجودگی میں آنحضرتؐ نے دوسری شادی نہ کی؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ

سوال: "گو میں نے حضرت خدیجہؓ کو نہیں دیکھا لیکن مجھے جس قدر ان پر رشک آتا تھا کسی اور پر نہیں آتا"۔ بتایئے یہ الفاظ حضرت خدیجہؓ کی نسبت کس نے کہے؟

جواب: ام المومنین حضرت عائشہؓ

سوال: حضرت خدیجہؓ کا انتقال کس شہر میں ہوا؟

جواب: مکہ میں

سوال: حضرت خدیجہؓ کو کس مقام پر دفن کیا گیا؟

Marfat.com

جواب: حجون کے مقام پر (مکہ معظمہ)
سوال: کیا حضرت خدیجہؓ کے والد نے بھی حضرت خدیجہؓ کی تدفین میں حصہ لیا؟
جواب: جی نہیں وہ جنگ فجار میں قتل ہو گئے تھے۔

## ۲۔ ام المومنین حضرت سودہ بنتِ زمعہؓ

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے بعد آنحضرتؐ کے نکاح میں آنے کا شرف کس خاتون کو حاصل ہوا؟
جواب: حضرت سودہؓ۔
سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرتِ سودہؓ نکاح کے وقت مسلمان تھیں؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: آنحضرتؐ نے کس کے مشورے سے حضرت سودہؓ سے نکاح کیا؟
جواب: خولہ بنت حکیم (آپ کی پھوپھی زاد بہن)
سوال: آنحضرتؐ کا حضرت سودہؓ سے نکاح کس نے پڑھایا؟
جواب: حضرت سودہؓ کے والد نے
سوال: آنحضرتؐ سے نکاح کے وقت حضرت سودہؓ کا مہر کتنا قرار پایا؟
جواب: ۴۰۰ درہم
سوال: حضرت سودہؓ کے آنحضرتؐ سے نکاح کے بعد حضرت سودہؓ کے کس بھائی نے بہت واویلا مچایا جو اسوقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے مگر مسلمان ہونے کے بعد وہ اکثر اپنے کئے پر نادم ہوا کرتے تھے؟
جواب: عبداللہ بن زمعہؓ
سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت سودہؓ بلند قامت اور فربہ اندام تھیں؟
جواب: جی ہاں
سوال: حضرت سودہؓ سے کل کتنی احادیث مروی ہیں؟
جواب: صرف پانچ جن میں سے ایک بخاری شریف میں ہے۔
سوال: حضرت سودہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
جواب: اپنے چچازاد حضرت سکران بنؓ عمر سے

Marfat.com

سوال: حضرت سکرانؓ کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب: حبشہ میں

سوال: ہجرت مدینہ کے وقت آنحضرتؐ کی کونسی زوجہ مطہرہ آپؐ کے گھر آباد تھیں؟

جواب: حضرت سودہؓ (حضرت عائشہؓ کی رخصتی نہ ہوئی تھی)

سوال: آنحضرتؐ کی کونسی زوجہ مطہرہ آپؐ کی ہم عمر تھیں؟

جواب: حضرت سودہؓ

سوال: حضرت سودہؓ کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا؟

جواب: بنو عامر سے

سوال: حضرت سودہؓ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: زمعہ

سوال: نکاح کے وقت آنحضرتؐ اور سودہؓ ہم عمر تھے بتایئے عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: ۵۰ یا ۵۱ سال

سوال: ہجرت مدینہ کے بعد آنحضرتؐ نے کس صحابی کو حضرت فاطمہؓ، حضرت ام کلثومؓ اور حضرت سودہؓ کو مکہ سے مدینہ لانے کے لیے روانہ فرمایا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہؓ اور ابورافع کو۔

سوال: حضرت سودہؓ نے کب وفات پائی؟

جواب: شوال ۵۴ھ میں

سوال: سن عیسوی کے مطابق حضرت سودہؓ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ۶۷۴ء میں۔

## ۳۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ

سوال: حضرت عائشہ صدیقہؓ کن جلیل القدر صحابی کی صاحبزادی تھیں؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال: حضرت عائشہؓ کی والدہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

جواب: امِ رومان بنتِ عویمر۔

Marfat.com

سوال: وہ کونسی ام المومنین ہیں جن کے علاوہ آنحضرتؐ نے کسی کنواری عورت سے شادی نہیں کی؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی

سوال: حضرت عائشہؓ کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ام عبداللہ (اپنے بھانجے عبداللہ بن زبیرؓ کے تعلق سے)

سوال: نکاح کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: چھ برس (۶)

سوال: حضرت عائشہؓ سے نکاح کے وقت آنحضرتؐ کی عمر کیا تھی؟

جواب: تقریباً اکیاون برس (۵۱)

سوال: آنحضرتؐ سے قبل حضرت عائشہؓ کس سے منسوب تھیں؟

جواب: جبیر بن مطعم سے

سوال: آنحضرتؐ سے نکاح کے وقت حضرت عائشہؓ کا مہر کتنا مقرر ہوا؟

جواب: چارسو درہم (۴۰۰) (جبکہ صحیح مسلم میں ۵۰۰ درہم درج ہے)

سوال: حضرت عائشہ صدیقہؓ کی رخصتی کتنے برس بعد ہوئی؟

جواب: تقریباً چار برس بعد

سوال: ہجرت مدینہ کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عائشہؓ، حضرت اسماءؓ اور ام رومانؓ کو مدینہ لانے کے لئے کسے مکہ بھیجا؟

جواب: عبداللہ بن اریقط کو

سوال: مدینہ تشریف لاتے ہی حضرت عائشہؓ کس مرض میں مبتلا ہو گئیں؟

جواب: سخت بخار میں، جس سے سر کے بال تک جھڑ گئے۔

سوال: رخصتی کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر کیا تھی؟

جواب: نو سال (۹)

سوال: آنحضرتؐ نے کتنے برس تک حضرت عائشہؓ کے ساتھ زندگی بسر کی؟

جواب: ۹ سال تک (۹)

سوال: آنحضرتؐ کی وفات کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: اٹھارہ سال (۱۸)

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کی وفات کے بعد صحابہ کرام کس ام المومنین کے پاس اپنے مسائل لے کر جاتے اور دینی امور میں راہنمائی حاصل کرتے؟

جواب: حضرت عائشہؓ

سوال: آنحضرتؐ نے ہجرت سے قبل کتنے نکاح کیے؟

جواب: تین (حضرت خدیجہؓ، حضرت سودہؓ، حضرت عائشہؓ)

سوال: حضرت عائشہؓ کا تعلق قریش کے کس قبیلہ سے تھا؟

جواب: بنو تمیم سے

سوال: حضرت عائشہؓ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: ۶۱۳ء

سوال: کس زوجہ مطہرہؓ کی پاکدامنی کا ثبوت خدا تعالیٰ نے قرآن میں خود دیا ہے؟

جواب: حضرت عائشہؓ

سوال: واقعہ افک کس زوجہ مبارک کے ساتھ پیش آیا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ

سوال: حضرت عائشہؓ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ۱۷ رمضان المبارک ۵۷ھ (بعض جگہ ۵۸ھ بھی درج ہے)

سوال: حضرت عائشہؓ نے ہفتے کے کس روز انتقال فرمایا؟

جواب: منگل

سوال: حضرت عائشہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت ابو ہریرہؓ

سوال: حضرت عائشہؓ نے کس خلیفہ کے دور میں انتقال فرمایا؟

جواب: حضرت امیر معاویہؓ کے دور میں۔

سوال: حضرت عائشہؓ کو ان کی وصیت کے مطابق کس وقت دفن کیا گیا؟

جواب: رات کے وقت

سوال: حضرت عائشہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع میں۔

Marfat.com

سوال : حضرت عائشہؓ نے کتنے برس کی عمر میں وفات پائی ؟

جواب : تقریباً پینسٹھ برس (۶۵)

سوال : سن عیسوی کے مطابق حضرت عائشہؓ نے کب وفات پائی ؟

جواب : ۶۷۸ء

سوال : حضرت عائشہؓ کو قبر میں اتارنے کی سعادت کسے نصیب ہوئی ؟

جواب : قاسم بن محمدؒ، عبداللہ بن عبدالرحمٰنؒ، عبداللہ بن ابی عتیقؓ اور عروہ بن زبیرؓ، عبداللہ بن زبیرؓ۔

سوال : حضرت عائشہؓ سے کتنی احادیث مروی ہیں ؟

جواب : ۲۲۱۰ احادیث (امہات المومنین میں سب سے زیادہ)

## ۴۔ ام المومنین حضرت حفصہؓ

سوال : آنحضرتؐ نے حضرت حفصہؓ سے کب نکاح کیا ؟

جواب : شعبان ۳ھ / جنوری، فروری ۶۲۵ء

سوال : حضرت حفصہؓ کے والد کا کیا نام تھا ؟

جواب : حضرت عمر فاروقؓ۔

سوال : حضرت حفصہؓ کی والدہ کا نام بتایئے ؟

جواب : زینب بنت مظعون۔

سوال : نکاح کے وقت (آنحضرتؐ سے) حضرت حفصہؓ کی عمر کیا تھی ؟

جواب : ۱۸ - ۲۱ برس کے درمیان

سوال : آنحضرتؐ نے جب حضرت حفصہؓ سے نکاح کیا تو اس وقت آپؐ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

جواب : ۵۵، ۵۶ سال

سوال : حضرت حفصہؓ کے پہلے شوہر کا کیا نام تھا ؟

جواب : حضرت خنیس بن حذافہؓ

سوال : حضرت حفصہؓ کے پہلے شوہر حضرت خنیسؓ کس جنگ میں مہلک زخم کھانے کے بعد شہید ہو گئے تھے ؟

جواب : جنگ بدر میں (بعض کے مطابق غزوہ احد میں)

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ سے قبل حضرت عمرؓ اپنی بیوہ بیٹی کا نکاح کس سے کرنا چاہتے تھے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ یا حضرت عثمانؓ سے۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرت حفصہؓ کو ایک طلاق بھی دی تھی مگر پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے پھر رجوع کیا؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت حفصہؓ کا تعلق قریش کے کس قبیلہ سے تھا؟

جواب: بنو عدی

سوال: ام المومنین حضرت حفصہؓ نے کب وفات پائی؟

جواب: جمادی الاول ۴۵ھ (بعض جگہ شعبان ۴۱ھ بھی درج ہے)

سوال: بوقت وفات حضرت حفصہؓ کی عمر کیا تھی؟

جواب: ۶۰ برس اور بعض جگہ ۶۳ برس

سوال: حضرت حفصہؓ بعثت کے کتنے برس قبل پیدا ہوئیں؟

جواب: تقریباً پانچ برس قبل

سوال: حضرت حفصہؓ نے کس خلیفہ کے عہد میں وفات پائی؟

جواب: حضرت امیر معاویہؓ

سوال: حضرت حفصہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: مروان بن حکم نے۔

سوال: بنی جزم کے گھر سے مغیرہ بن شعبہ کے گھر تک جنازے کو مدینہ کے گورنر نے کندھا دیا نام بتایئے؟

جواب: مروان بن حکم

سوال: مغیرہ بن شعبہ کے گھر سے قبر تک جنازے کو لے کر کون گئے؟

جواب: حضرت ابوہریرہؓ۔

سوال: حضرت حفصہؓ کو قبر میں کس نے اتارا؟

جواب: ان کے بھائی عبداللہؓ عاصمؓ، سالمؓ، حمزہؓ، عبداللہ بن عمرؓ

سوال: حضرت حفصہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع میں۔

Marfat.com

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت حفصہؓ لکھنا پڑھنا جانتی تھیں؟

جواب: جی ہاں۔

## ۵۔ ام المومنین حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ

سوال: آنحضرتؐ نے کتنے برس کی عمر میں حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ سے نکاح فرمایا؟

جواب: چھپن برس (۵۶)

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت زینبؓ بنتِ خزیمہ سے کب نکاح فرمایا؟

جواب: شوال تا ذوالحجہ ۳ھ/ مارچ تا مئی ۶۲۵ء

سوال: وہ کونسی ام المومنین تھیں جو فیاضی کی وجہ سے "ام المساکین" کے لقب سے مشہور تھیں؟

جواب: حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ۔

سوال: حضرت زینب بنت خزیمہؓ کتنے عرصہ تک آنحضرتؐ کی رفاقت میں زندہ رہیں؟

جواب: دو یا تین ماہ

سوال: حضرت زینب بنت خزیمہؓ آنحضرتؐ سے پہلے کس کے نکاح میں تھیں؟

جواب: حضرت عبداللہ بن جحشؓ

سوال: آنحضرتؐ سے حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ کے نکاح سے قبل حضرت زینبؓ کتنی بار بیوہ ہو چکی تھیں؟

جواب: تین بار

سوال: حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ کے شوہر حضرت عبداللہ بن جحشؓ نے کب وفات پائی؟

جواب: جنگ احد ۳ھ میں

سوال: حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

جواب: قبیلہ عامر بن صعصعہ سے۔

سوال: حضرت زینب بنت خزیمہؓ نے کس سنہ میں وفات پائی؟

جواب: ۴ھ میں

سوال: سن عیسوی کے مطابق حضرت زینب بنتؓ خزیمہ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ۶۲۵ء

Marfat.com

سوال: ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: آنحضرتؐ نے۔

سوال: ان واحد ام المومنین کا نام بتایئے جن کی نماز جنازہ آنحضرتؐ نے خود پڑھائی؟

جواب: حضرت زینب بنت خزیمہؓ

سوال: آنحضرتؐ کی حیات میں صرف دو امہات المومنین نے انتقال فرمایا ایک تو حضرت خدیجہؓ تھیں دوسری ام المومنین کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت زینب بنتؓ خزیمہ

سوال: حضرت زینب بنتؓ خزیمہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع میں۔

سوال: حضرت زینب بنت خزیمہؓ نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب: تیس برس (۳۰)

## ۶۔ ام المومنین حضرت امّ سلمہؓ

سوال: حضرت ام سلمہؓ سے نکاح کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ستاون سال (۵۷)

سوال: اُم سلمہؓ سے آنحضرتؐ نے کب نکاح کیا؟

جواب: شوال ۴ھ بمطابق مارچ ۶۲۶ء

سوال: حضرت ام سلمہؓ کا اصل نام بتایئے؟

جواب: ہند

سوال: ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: سہیل (ابوامیہ)

سوال: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت ام سلمہؓ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: عاتکہ

سوال: آنحضرتؐ سے قبل حضرت ام سلمہؓ کس کے نکاح میں تھیں؟

جواب: اپنے چچا زاد حضرت عبداللہ بن عبدالاسدؓ

Marfat.com

سوال: حضرت عبداللہ بن رضؓ عبدالاسد اپنی کنیت سے زیادہ معروف تھے بتایئے ان کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ابوسلمہ رضؓ

سوال: حضرت ابوسلمہ رضؓ کا آنحضرتؐ سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: آنحضرتؐ کے رضاعی بھائی تھے۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ام سلمہؓ اپنے شوہر حضرت ابوسلمہؓ کے ہمراہ ہجرت حبشہ کے مہاجرین میں شامل تھیں؟

جواب: جی ہاں

سوال: بتایئے حضرت ام سلمہ رضؓ کے بیٹے سلمہ رضؓ جو حضرت ابوسلمہ رضؓ سے تھے کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: حبشہ میں

سوال: اس پہلی عورت کا نام بتایئے جو ہجرت کر کے مدینہ آئی؟

جواب: حضرت ام سلمہ رضؓ

سوال: حضرت ام سلمہ رضؓ کے پہلے شوہر حضرت ابوسلمہ رضؓ کس غزوے میں شہید ہوئے؟

جواب: غزوہ احد میں زخم کھایا اور جانبر نہ ہو سکے۔

سوال: حضرت ابوسلمہ رضؓ نے کب شہادت پائی؟

جواب: ۸ رجمادی الثانی ۴ھ میں

سوال: حضرت ابوسلمہ رضؓ کی نماز جنازہ میں آنحضرتؐ نے کتنی تکبیریں کہیں؟

جواب: نو تکبیریں (۹)

سوال: جب ابوسلمہ رضؓ کا انتقال ہوا تو حضرت ام سلمہ رضؓ حاملہ تھیں بتایئے حضرت ابوسلمہ رضؓ سے حضرت ام سلمہ رضؓ کی آخری اولاد کونسی تھی؟

جواب: حضرت زینب بنت ابوسلمہ رضؓ

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ام سلمہ رضؓ بہت حسین اور خوبصورت مشہور تھیں؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت ام سلمہ رضؓ کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا؟

جواب: بنو مخزوم (مخزوم)

سوال: سانحہ کربلا کے وقت آنحضرتؐ کی کونسی زوجہ مطہرہ زندہ تھیں؟

8/90

Marfat.com

جواب: حضرت ام سلمہ رضؓ

سوال: حضرت ام سلمہ رضؓ نے کب رحلت فرمائی ؟

جواب: سنہ ۶۲ھ میں

سوال: حضرت ام سلمہ رضؓ نے کتنے برس کی عمر میں انتقال فرمایا ؟

جواب: چوراسی برس (۸۴)

سوال: ام المومنین حضرت ام سلمہ رضؓ کا مدفن کہاں ہے ؟

جواب: جنت البقیع میں

سوال: امہات المومنین میں سب سے آخر میں کس ام المومنین کا انتقال ہوا ؟

جواب: حضرت ام سلمہ رضؓ کا۔

سوال: امہات المومنین میں سب سے طویل عمر کس ام المومنین نے پائی ؟

جواب: حضرت ام سلمہ رضؓ

سوال: حضرت ام سلمہ رضؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی ؟

جواب: حضرت ابوہریرہ رضؓ

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عائشہ رضؓ کے بعد فضل و کمال میں حضرت ام سلمہ رضؓ کا ہی درجہ ہے ؟

جواب: جی ہاں

## ۷۔ ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضؓ

سوال: اس ام المومنین کا نام بتایئے جو آنحضرتؐ کی پھوپھی زاد بہن بھی تھیں ؟

جواب: حضرت زینب بنت جحش رضؓ

سوال: حضرت زینب بنت جحش رضؓ کے پہلے خاوند کا نام بتایئے ؟

جواب: حضرت زید بن حارثہ رضؓ

سوال: حضرت زید بن حارثہ رضؓ سے طلاق لینے کے بعد حضرت زینب بنت جحش رضؓ کس کے نکاح میں آئیں ؟

جواب: آنحضرتؐ کے نکاح میں

سوال: حضرت زینب بنت جحش رضؓ سے نکاح کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی ؟

Marfat.com

جواب: اٹھاون برس (۵۸)

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت زینب بنت جحشؓ سے عقد کب کیا؟

جواب: شوال ۵ھ فروری مارچ ۶۲۷ء

سوال: حضرت عائشہؓ پر جھوٹی تہمت لگانے والوں میں حضرت زینب بنتِ جحشؓ کی ایک بہن بھی شامل تھی نام بتایئے؟

جواب: حمنہ بنت جحش

سوال: آنحضرتؐ نے جب حضرت زینب بنت جحشؓ سے حضرت عائشہؓ کی اخلاقی حالت کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

جواب: "مجھے (عائشہؓ کی) بھلائی کے سوا کچھ علم نہیں"۔

سوال: کس ام المومنین کے بارے میں مشہور ہے کہ جب آنحضرتؐ نے انہیں اپنے عقد میں لانا چاہا تو انہوںؓ نے کہا کہ میں بغیر استخارے کے کوئی رائے قائم نہیں کر سکتی؟

جواب: حضرت زینب بنتؓ جحش

سوال: آنحضرت نے ایک بار ازواج مطہرات سے فرمایا "تم میں مجھ سے جلد وہ ملے گی جس کا ہاتھ لمبا ہوگا"۔ ہاتھ لمبا ہونے کا استعارہ فیاضی کی طرف تھا۔ بتایئے اپنی فیاضی کی بناء پر اس پیشگوئی کی مصداق کون سی ام المومنین ثابت ہوئیں؟

جواب: حضرت زینب بنت جحشؓ

سوال: آنحضرتؐ سے نکاح کے وقت حضرت زینب بنت جحشؓ کی عمر کیا تھی؟

جواب: پینتیس برس (۳۵)

سوال: ان ام المومنین کا نام بتایئے جو اس بات پر فخر کیا کرتی تھیں کہ سب عورتوں کا نکاح ان کے اولیاء نے کیا اور ان کا نکاح اللہ تعالیٰ نے کیا؟

جواب: حضرت زینب بنت جحشؓ

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت زینبؓ سے نکاح کا ولیمہ بڑی شان سے کیا بتایئے دعوت میں کیا کھلایا؟

جواب: بکری ذبح کی اور گوشت روٹی کی دعوت فرمائی۔

سوال: حضرت زینب بنتِ جحشؓ آنحضرتؐ کی پھوپھی زاد بہن بھی تھیں بتایئے وہ آنحضرتؐ کی کس پھوپھی کی بیٹی تھیں؟

Marfat.com

جواب: امیمہ بنتِ عبد المطلب

سوال: حضرت زینب بنت جحش رض کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ام الحکم

سوال: کس ام المومنین کی رخصتی کے دن پردے کا حکم نازل ہوا؟

جواب: حضرت زینب بنت جحش رض

سوال: حضرت زینب بنت جحش رض کا تعلق قریش کے کس قبیلے سے تھا؟

جواب: قبیلہ بنو اسد سے

سوال: حضرت زینب بنت جحش رض نے کب وفات پائی؟

جواب: سنہ ۲۰ھ میں

سوال: حضرت زینب بنت جحش رض کا انتقال کس خلیفۂ راشد کے عہد میں ہوا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رض

سوال: حضرت زینب بنت جحش رض نے کتنی عمر میں دنیا سے پردہ فرمایا؟

جواب: پچاس برس (۵۰)

سوال: ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رض کے کفن کا انتظام کس نے کیا؟

جواب: خود انہوں نے اپنی حیات ہی میں۔

سوال: حضرت زینب بنت جحش رض کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت عمرِ فاروق رض نے۔

سوال: ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رض کو قبر میں اتارنے کی سعادت کس کو حاصل ہوئی؟

جواب: اسامہ رض، محمد بن عبداللہ رض اور عبداللہ بن ابی

## ۸۔ ام المومنین حضرت جویریہ رض

سوال: حضرت جویریہ رض کے والد کا نام بتایئے؟

جواب: حارث بن ضرار

سوال: حضرت جویریہ رض کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: برّہ

Marfat.com

سوال: حضرت جویریہؓ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

جواب: قبیلہ بنی مصطلق

سوال: حضرت جویریہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتایئے؟

جواب: مسافع بن صفوان

سوال: مسافع بن صفوان کس جنگ میں شہید ہوئے؟

جواب: غزوہ مریسیع

سوال: غزوہ مریسیع کے بعد جب مال غنیمت کی تقسیم ہوئی تو حضرت جویریہؓ کس کے حصہ میں آئیں؟

جواب: حضرت ثابت بن قیسؓ الانصاری

سوال: آنحضرتؐ نے کتنی رقم ادا کر کے حضرت ثابتؓ سے حضرت جویریہؓ کو آزاد کرایا؟

جواب: نو اوقیہ سونا

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت جویریہؓ سے کب نکاح کیا؟

جواب: ۵ھ میں

سوال: آنحضرتؐ کے نکاح کے وقت حضرت جویریہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: بیس برس (۲۰)

سوال: حضرت جویریہؓ سے نکاح کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: تقریباً اٹھاون برس (۵۸)

سوال: آنحضرتؐ کی کس زوجہ مطہرہ نے جنگِ یرموک میں حصہ لیا؟

جواب: حضرت جویریہؓ

سوال: ام المومنین حضرت جویریہؓ نے کب انتقال فرمایا؟

جواب: ۵۰ھ میں

سوال: حضرت جویریہؓ کی قبر مبارک کہاں ہے؟

جواب: جنت البقیع میں۔

سوال: ام المومنین حضرت جویریہؓ نے کتنی عمر پائی؟

جواب: پینسٹھ برس (۶۵)

سوال: حضرت جویریہؓ سے آنحضرتؐ کی کتنی اولاد تھی؟

Marfat.com

جواب: کوئی بھی نہیں۔

## ۹۔ ام المومنین حضرت امِّ حبیبہؓ

سوال: حضرت امّ حبیبہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: رملہ (بعض جگہ "برّہ" بھی درج ہے)

سوال: حضرت امّ حبیبہؓ کے والد کا نام بتایئے؟

جواب: قریش کے سردار حضرت ابوسفیان بن حربؓ

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ام حبیبہؓ مہاجرین حبشہ میں سے تھیں؟

جواب: جی ہاں

سوال: ان ام المومنین کا نام بتایئے جنہوں نے اپنے والد (جو اس وقت تک مسلمان نہ ہوئے تھے) کو آنحضرتؐ کے بستر پر بیٹھنے سے منع کر دیا تھا؟

جواب: حضرت ام حبیبہؓ

سوال: آنحضرتؐ سے قبل حضرت ام حبیبہؓ کس کے نکاح میں تھیں؟

جواب: حضرت عبداللہ بن جحشؓ

سوال: حضرت امّ حبیبہؓ کے پہلے شوہر حضرت عبداللہ بن جحش کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب: حبشہ میں

سوال: حضرت ام حبیبہؓ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: بعثت سے ۱۷ (سترہ) سال قبل

سوال: حضرت ام حبیبہؓ اور ان کے پہلے شوہر (عبداللہ بن جحش) ہجرتِ حبشہ اولیٰ میں شامل تھے یا ہجرت حبشہ ثانیہ میں؟

جواب: ہجرت حبشہ ثانیہ میں

سوال: عبداللہ بن جحش سے حضرت ام حبیبہؓ کی ایک صاحبزادی بھی تھیں نام بتایئے؟

جواب: حبیبہؓ

سوال: حضرت حبیبہؓ (ام حبیبہ کی بیٹی) کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب: حبشہ میں۔

Marfat.com

سوال: حضرت امّ حبیبہؓ کا تعلق قریش کے کس قبیلہ سے تھا؟
جواب: بنو اُمیّہ
سوال: کیا یہ درست ہے کہ حبشہ پہنچ کر حضرت امّ حبیبہؓ کے پہلے شوہر نے عیسائیت اختیار کر لی؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: حضرت اُمّ حبیبہؓ سے آنحضرتؐ کا غائبانہ نکاح کس نے اور کہاں پڑھایا؟
جواب: نجاشی نے حبشہ میں۔
سوال: آنحضرتؐ سے نکاح کے وقت حضرت ام حبیبہؓ کا مہر کتنا مقرر ہوا؟
جواب: چارسو دینار (۴۰۰)
سوال: مہر کی رقم آنحضرتؐ کی طرف سے کس نے ادا کی؟
جواب: نجاشی شاہ حبشہ نے۔
سوال: حضرت ام حبیبہؓ کو حبشہ سے مدینہ لانے کے لئے آنحضرتؐ نے کسے بھیجا؟
جواب: حضرت عمرو بن امیّہ الضمریؓ
سوال: آنحضرتؐ سے حضرت ام حبیبہؓ کا نکاح کب ہوا؟
جواب: ذوالحجہ ۶ھ / اپریل مئی ۶۲۸ء۔
سوال: حضرت ام حبیبہؓ سے نکاح کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
جواب: ۵۸، ۵۹ سال
سوال: حضرت ام حبیبہؓ نے کب وفات پائی؟
جواب: ۴۴ھ
سوال: نجاشی نے آنحضرتؐ کی طرف سے نکاح کا پیغام کس لونڈی کے ذریعے حضرت ام حبیبہؓ تک پہنچایا؟
جواب: ابرہہ۔
سوال: امّ حبیبہؓ نے آنحضرتؐ کی طرف سے نکاح کا پیغام پا کر ابرہہ کو کیا انعام میں دیا؟
جواب: دو کنگن اور انگوٹھیاں (جو ابرہہ نے نجاشی کے حکم سے واپس کر دیں)
سوال: حضرت امّ حبیبہؓ کا مدفن کہاں ہے؟
جواب: جنت البقیع میں۔

Marfat.com

# ۱۰۔ امّ المومنین حضرت صفیہؓ

سوال: امّ المومنین حضرت صفیہؓ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: حییٰ بن اخطب

سوال: امّ المومنین حضرت صفیہؓ کا اصل نام بتایئے؟

جواب: زینب بنتِ حییٰ بن اخطب۔

سوال: "صفیہ" کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: مالِ غنیمت کا وہ حصہ جو بہترین ہو اور امام، امیر یا بادشاہ کے لیے مخصوص ہو۔

سوال: حضرت صفیہؓ کس جنگ میں اسیر ہو کر آئیں؟

جواب: غزوہ خیبر میں۔

سوال: بتایئے حضرت صفیہؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب: ضرہ

سوال: حضرت صفیہؓ کے والد حییٰ بن اخطب کس قبیلہ کے سردار تھے؟

جواب: قبیلہ بنو نضیر کے

سوال: اسلام قبول کرنے سے قبل حضرت صفیہؓ کس مذہب کی پیروکار تھیں؟

جواب: یہودیت

سوال: حضرت صفیہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

جواب: سلام بن مشکم القرضی سے

سوال: سلام بن مشکم سے طلاق لینے کے بعد حضرت صفیہؓ کس کے نکاح میں آئیں؟

جواب: کنانہ بن ابی الحقیق کے

سوال: کنانہ بن ابی الحقیق جب جنگ خیبر میں مارا گیا تو حضرت صفیہؓ کس کے نکاح میں آئیں؟

جواب: آنحضرتؐ کے

سوال: جنگ خیبر کے اسیروں میں سے حضرت صفیہؓ کو کس صحابی نے آنحضرتؐ کی اجازت سے لونڈی کی حیثیت سے منتخب کیا؟

جواب: دحیہ کلبیؓ نے مگر بعد میں آنحضرتؐ نے انہیں ایک اور لونڈی مرحمت فرمائی اور حضرت صفیہؓ کو آزاد کر دیا۔

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ نے حضرت صفیہؓ سے نکاح کس مقام پر کیا اور رسم عروسی کہاں ادا ہوئی؟

جواب: خیبر میں، رسمِ عروسی مقام صہبا میں۔

سوال: ان ام المومنین کا نام بتایئے جن کا تعلق بنی اسرائیل سے تھا اور ان کے والد اور والدہ دونوں سادات خاندان سے تھے؟

جواب: حضرت صفیہؓ

سوال: حضرت صفیہؓ نے آنحضرتؐ کی رفاقت میں فریضۂ حج بیت اللہ کب ادا فرمایا؟

جواب: ذوالحجہ ۱۰ھ

سوال: آنحضرتؐ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جنہوں نے ۳۵ھ میں محاصرہ کے دوران حضرت عثمانؓ کی مدد فرمائی؟

جواب: حضرت صفیہؓ

سوال: حضرت صفیہؓ کے والد کس پیغمبر کی اولاد میں سے تھے؟

جواب: حضرت ہارونؑ

سوال: آنحضرتؐ سے نکاح کے وقت حضرت صفیہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: سترہ سال (۱۷)

سوال: حضرت صفیہؓ کے نانا کا نام بتایئے جو بنو قریظہ کے رئیس تھے؟

جواب: سموئیل

سوال: اُن ام المومنین کا نام بتایئے جن کے آنحضرتؐ سے قبل دونوں شوہر شاعر تھے؟

جواب: حضرت صفیہؓ

سوال: بتایئے کونسی ام المومنین آنحضرتؐ کے حرم میں عمدہ کھانا پکانے کی وجہ سے مشہور تھیں؟

جواب: حضرت صفیہؓ

سوال: حضرت صفیہؓ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: رمضان المبارک ۵۰ھ

سوال: حضرت صفیہؓ کتنے برس زندہ رہیں؟

جواب: ساٹھ برس (۶۰)

سوال: حضرت صفیہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟

Marfat.com

جواب : جنت البقیع ( مدینہ منورہ ) میں
سوال : حضرت صفیہؓ کے بطن سے آنحضرتؐ کی کتنی اولاد تھی ؟
جواب : کوئی نہیں ۔

## ۱۱۔ ام المومنین حضرت میمونہؓ

سوال : ام المومنین حضرت میمونہؓ کے والد کا نام بتایئے ؟
جواب : حارث بن حرث ۔
سوال : ام المومنین حضرت میمونہؓ کی والدہ کا نام بتایئے ؟
جواب : ہند ۔
سوال : حضرت میمونہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتایئے ؟
جواب : مسعود بن عمرو
سوال : مسعود بن عمرو سے طلاق لینے کے بعد حضرت میمونہؓ کس کے نکاح میں آئیں ؟
جواب : ابورہم بن عبدالعزیٰؓ
سوال : حضرت میمونہؓ سے آنحضرتؐ کا نکاح کس نے پڑھایا ؟
جواب : حضرت عباسؓ
سوال : حضرت میمونہؓ کا آنحضرتؐ سے نکاح کس مقام پر ہوا ؟
جواب : مقامِ سرف
سوال : حضرت میمونہؓ کا انتقال کب ہوا ؟
جواب : ۵۱ھ میں
سوال : حضرت میمونہؓ نے کتنی عمر پائی ؟
جواب : اکیاسی برس (۸۱)
سوال : حضرت میمونہؓ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی ؟
جواب : حضرت عبداللہ بن عباسؓ
سوال : حضرت میمونہؓ کے جسدِ مبارک کو قبر میں اتارنے کی سعادت کسے نصیب ہوئی ؟
جواب : حضرت عبداللہ بن عباسؓ ۔

Marfat.com

سوال : ایک روایت ہے کہ حضرت میمونہؓ کا نام "میمونہ" آنحضرتؐ نے رکھا تھا بتایئے ان کا پہلا نام کیا تھا؟

جواب : "برّہ"

سوال : ان ام المومنین کا نام بتایئے جن کا نکاح، رخصتی اور وفات ایک ہی مقام پر ہوئی ؟

جواب : حضرت میمونہؓ (مقام سرف پر)

سوال : حضرت میمونہؓ کو کہاں دفن کیا گیا ؟

جواب : مقام سرف میں۔

سوال : حضرت میمونہؓ کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا ؟

جواب : قبیلہ عامر بن صعصعہ

سوال : کیا یہ درست ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر حضرت میمونہؓ، آنحضرتؐ کے ساتھ تھیں ؟

جواب : جی ہاں

سوال : آنحضرتؐ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جو "ام المساکین" حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کے قبیلہ سے تھیں ؟

جواب : حضرت میمونہؓ

سوال : آنحضرتؐ کی آخری منکوحہ کون تھی ؟

جواب : ام المومنین حضرت میمونہؓ

سوال : خالد بن ولیدؓ اور عبداللہ بن عباسؓ سے ام المومنین حضرت میمونہؓ کا کیا رشتہ تھا ؟

جواب : حضرت میمونہؓ خالہ تھیں۔

سوال : آنحضرتؐ کی ان زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جو ام المومنین حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ کی دودھ شریک بہن تھیں ؟

جواب : حضرت میمونہؓ

نوٹ : درج ذیل دو امہات المومنین کے آنحضرتؐ سے نکاح کے بارے میں شدید اختلافات ہیں۔

## ۱۲۔ حضرت ریحانہؓ بنت زید

سوال : حضرت ریحانہؓ کا تعلق کس قبیلے سے تھا ؟

جواب : بنو نضیر

Marfat.com

سوال : حضرت ریحانہؓ مسلمان ہونے سے قبل کس مذہب کی پیروکار تھیں ؟

جواب : یہودیت

سوال : حضرت ریحانہؓ کے پہلے شوہر کا نام بتایئے ؟

جواب : بنو نضیر کے ایک شخص "حکم"

سوال : حضرت ریحانہؓ کس جنگ میں اسیر ہو کر آئیں ؟

جواب : غزوہ بنو قریظہ میں

سوال : کیا یہ درست ہے کہ حضرت ریحانہؓ نے آنحضرتؐ کی زندگی ہی میں وفات پائی ؟

جواب : جی ہاں۔

## ۱۳۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ

سوال : حضرت ماریہ قبطیہؓ کا تعلق کس ملک سے تھا ؟

جواب : مصر سے

سوال : آنحضرتؐ نے حضرت ماریہ قبطیہؓ کو کس حیثیت سے اپنے پاس رکھا ؟

جواب : ملک یمین کی حیثیت سے

سوال : آنحضرتؐ کے ایک صاحبزادے حضرت ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے تھے نام بتایئے ؟

جواب : حضرت ابراہیم بن محمدؐ

سوال : حضرت ماریہ قبطیہؓ کو کس حکمران نے آنحضرتؐ کی خدمت میں بھیجا تھا ؟

جواب : شاہ مقوقس مصر کے حاکم نے

# آنحضرتؐ کی اولاد

سوال : آنحضرتؐ کے صاحبزادوں کی تعداد کتنی تھی ؟

جواب : تین (۳) صاحبزادے

سوال : آنحضرتؐ کی کتنی صاحبزادیاں تھیں ؟

جواب : چار (۴) صاحبزادیاں

Marfat.com

## ۱۔ حضرت قاسمؓ

سوال: آنحضرتؐ کی پہلی اولاد کا نام بتایئے؟
جواب: حضرت قاسمؓ
سوال: حضرت قاسمؓ کی والدہ کا نام بتایئے؟
جواب: حضرت سیدہ خدیجہ الکبریٰؓ
سوال: کس صاحبزادے کے تعلق سے آنحضرتؐ کی کنیت ابوالقاسم تھی؟
جواب: حضرت قاسمؓ
سوال: آنحضرتؐ کی اولاد میں سب سے پہلے کس کا انتقال ہوا؟
جواب: حضرت قاسمؓ
سوال: وفات کے وقت حضرت قاسمؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
جواب: دو (۲) سال
سوال: حضرت قاسمؓ کب پیدا ہوئے؟
جواب: ۲۴ سنہ قبل از ہجرت / ۱۱ سنہ قبل از نبوت
سوال: حضرت قاسمؓ نے کب وفات پائی؟
جواب: ۲۲ سنہ قبل از ہجرت / ۹ قبل از نبوت۔
سوال: حضرت قاسمؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
جواب: اس وقت نماز جنازہ مشروع نہیں ہوئی تھی۔
سوال: حضرت قاسمؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟
جواب: مکہ معظمہ میں۔

## ۲۔ سیّدہ زینبؓ

سوال: آنحضرتؐ کی سب سے بڑی صاحبزادی کا نام بتایئے؟
جواب: حضرت زینبؓ
سوال: حضرت زینبؓ کی والدہ کا نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: حضرت خدیجہ الکبریٰ رضؓ
سوال: حضرت زینبؓ کی ولادت کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
جواب: تیس (۳۰) برس
سوال: حضرت زینبؓ کب پیدا ہوئیں؟
جواب: ۲۳ قبل از ہجرت
سوال: حضرت سیدہ زینبؓ سن عیسوی کے مطابق کب پیدا ہوئیں؟
جواب: سن ۶۰۰ء میں
سوال: حضرت زینبؓ کے شوہر کا نام بتایئے؟
جواب: ابوالعاص بن ربیع اربیقط
سوال: حضرت زینبؓ کی اولاد کتنی تھی؟
جواب: ایک بیٹا اور ایک بیٹی۔
سوال: حضرت زینبؓ کے بیٹے کا نام بتلیئے؟
جواب: حضرت علی بنؓ ابوالعاص
سوال: حضرت زینبؓ کی بیٹی کا نام بتایئے جنہیں آنحضرتؐ بے انتہا چاہتے تھے اور اوقاتِ نماز میں بھی اپنے ساتھ رکھتے تھے؟
جواب: اُمامہؓ
سوال: حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی وفات کے بعد آنحضرتؐ کی کونسی نواسی حضرت علیؓ کے نکاح میں آئیں؟
جواب: حضرت امامہؓ
سوال: فتح مکہ کے وقت آنحضرتؐ کے ساتھ اپنی اونٹنی پر آنحضرتؐ کے کونسے نواسے سوار تھے؟
جواب: حضرت علی بنؓ ابوالعاص
سوال: حضرت زینبؓ کی بیٹی حضرت امامہؓ کا حضرت علیؓ سے نکاح کب ہوا؟
جواب: سنہ ۵۰ھ
سوال: حضرت زینبؓ کی پیدائش کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
جواب: پینتالیس (۴۵) برس
سوال: حضرت سیدہ زینبؓ کے شوہر حضرت ابوالعاصؓ کا انتقال کب ہوا؟

Marfat.com

جواب: ۱۲ سنہ ھ

سوال: حضرت زینبؓ نے کب وفات پائی؟

جواب: ۸ سنہ ھ

سوال: حضرت زینبؓ کے جسدِ مبارک کو آخری غسل کس نے دیا؟

جواب: ام المومنین حضرت سودہؓ اور ام المومنین حضرت ام سلمہؓ

سوال: حضرت زینبؓ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: پیغمبر اعظم حضرت محمدؐ نے

## ۳۔ سیدہ رقیہؓ

سوال: حضرت رقیہؓ کی والدہ کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت خدیجہؓ

سوال: حضرت رقیہؓ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: ۲۰ سنہ قبل ہجرت

سوال: سن عیسوی کے حساب سے حضرت رقیہؓ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: ۶۰۳ سنہ ء

سوال: سیدہ رقیہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

جواب: عتبہ بن ابولہب

سوال: عتبہ نے ایک خاص وجہ سے حضرت رقیہؓ کو رخصتی سے قبل ہی طلاق دیدی بتایئے کیوں؟

جواب: کیونکہ آنحضرتؐ نے اعلانِ نبوت کیا تھا اور حضرت رقیہؓ مسلمان ہوگئیں تھیں۔

سوال: عتبہ کے بعد حضرت رقیہؓ کس کے نکاح میں آئیں؟

جواب: حضرت عثمان بن عفانؓ

سوال: آنحضرتؐ کی اُن صاحبزادی کا نام بتایئے جنہوں نے اپنے شوہر کے ساتھ نہ صرف ہجرتِ حبشہ کی بلکہ ہجرتِ مدینہ بھی کی؟

جواب: حضرت رقیہؓ

سوال: حبشہ میں حضرت رقیہؓ کے ایک صاحبزادے پیدا ہوئے نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: حضرت عبداللہ بن عثمانؓ۔

سوال: حضرت عبداللہ بن عثمانؓ کتنا عرصہ تک زندہ رہے؟

جواب: چھ (۶) برس

سوال: آنحضرتؐ کی ان صاحبزادی کا نام بتایئے جنہوں نے اپنے شوہر کے ساتھ تین ہجرتیں کیں۔

جواب: حضرت رقیہؓ

سوال: حضرت رقیہؓ اپنی بڑی بہن حضرت زینبؓ سے کتنے برس چھوٹی تھیں؟

جواب: تین برس (۳)

سوال: جب حضرت رقیہؓ پیدا ہوئیں تو آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: تنتیس (۳۳) برس

سوال: حضرت رقیہؓ کی پیدائش کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کیا تھی؟

جواب: اڑتالیس (۴۸) برس

سوال: حضرت رقیہؓ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عثمانؓ نے کب انتقال فرمایا؟

جواب: سنہ ۴ھ میں

سوال: حضرت عثمانؓ اپنی زوجہ مطہرہ حضرت رقیہؓ کی بیماری کے باعث ایک غزوے میں شریک نہ ہو سکے بتایئے کونسے غزوے میں؟

جواب: غزوہ بدر

سوال: حضرت رقیہؓ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: سنہ ۲ھ میں

سوال: عین اس روز جب زید بن حارثہؓ مدینہ منورہ میں فتح بدر کا مژدہ سنانے پہنچے، آنحضرتؐ کی زندگی میں ایک ناخوشگوار واقعہ پیش آیا بتایئے کونسا؟

جواب: حضرت رقیہؓ کی وفات۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت رقیہؓ کی نماز جنازہ آنحضرتؐ نے خود پڑھائی؟

جواب: جی نہیں، کیونکہ آنحضرتؐ غزوہ بدر کی وجہ سے مدینہ میں نہ تھے۔

## ۴۔ سیدہ ام کلثومؓ

Marfat.com

سوال: حضرت ام کلثومؓ کی والدہ کا نام بتایئے؟
جواب: حضرت خدیجہ الکبریٰؓ
سوال: حضرت ام کلثومؓ کب پیدا ہوئیں؟
جواب: ۱۹ سنہ قبل از ہجرت بمطابق ۶۰۴ء
سوال: سیدہ ام کلثومؓ کی پیدائش کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟
جواب: انچاس (۴۹) برس
سوال: جب سیدہ ام کلثومؓ پیدا ہوئیں تو آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
جواب: چونتیس (۳۴) برس
سوال: حضرت ام کلثومؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟
جواب: عتیبہ بن ابولہب سے
سوال: عتیبہ نے حضرت ام کلثومؓ کو رخصتی سے قبل طلاق دیدی بتایئے کیوں؟
جواب: کیونکہ آنحضرتؐ نے نبوت کا اعلان کیا اور ابولہب کا گھرانہ اسلام کا بدترین دشمن تھا۔
سوال: حضرت ام کلثومؓ کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟
جواب: حضرت عثمانؓ
سوال: بتایئے حضرت ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ سے کب ہوا؟
جواب: ربیع الاول ۳ھ
سوال: حضرت ام کلثومؓ کی کتنی اولاد تھی؟
جواب: کوئی اولاد نہ تھی۔
سوال: حضرت ام کلثومؓ نے انتقال کب فرمایا؟
جواب: شعبان ۹ھ
سوال: حضرت ام کلثومؓ نے شادی کے کتنے عرصہ بعد انتقال فرمایا؟
جواب: چھ (۶) برس
سوال: حضرت ام کلثومؓ کے جسدِ مبارک کو قبر میں اتارنے کی سعادت کسے نصیب ہوئی؟
جواب: حضرت علیؓ، حضرت فضل بن عباسؓ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ
سوال: حضرت ام کلثومؓ نے کس شہر میں انتقال فرمایا؟

Marfat.com

جواب: مدینہ منورہ میں۔

سوال: حضرت امِ کلثومؓ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: آنحضرتؐ نے۔

## ۵۔ سیّدہ فاطمۃ الزہراؓ

سوال: حضرت فاطمہؓ کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت خدیجہؓ

سوال: سیدہ فاطمہؓ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: ۱۸ سالہ قبل از ہجرت

سوال: سن عیسوی کے مطابق سیدہ فاطمۃ الزہرہؓ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: ۶۰۵ء

سوال: آنحضرتؐ کی سب سے چھوٹی اور عزیز ترین صاحبزادی کا نام بتایئے؟

جواب: سیدہ فاطمہؓ

سوال: سیدہ فاطمہؓ کی ولادت کے وقت آنحضرتؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: پینتیس (۳۵) برس

سوال: سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کی ولادت کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: پچاس (۵۰) برس

سوال: زہرا، طاہرہ، ذاکیہ، راضیہ، مرضیہ اور بتول آنحضرتؐ کی کس صاحبزادی کے القاب ہیں؟

جواب: حضرت فاطمہؓ

سوال: حضرت فاطمہؓ کے شوہر کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت علی مرتضےٰؓ

سوال: حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کا نکاح کس شہر میں ہوا؟

جواب: مدینہ منورہ میں

سوال: سیدۃ النساء (جنتی عورتوں کی سردار) آنحضرتؐ کی کس صاحبزادی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت فاطمہؓ

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کی کس صاحبزادی کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کا نام وحی سے رکھا گیا؟

جواب: حضرت فاطمہؓ

سوال: حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا نکاح کب ہوا؟

جواب: ۲ھ میں

سوال: حضرت فاطمہؓ کی زندگی میں حضرت علیؓ کے نکاح میں اور کتنی خواتین آئیں؟

جواب: کوئی بھی نہیں۔

سوال: "خاتونِ جنت" آنحضرتؐ کی کس بیٹی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت فاطمہؓ

سوال: نکاح کے وقت حضرت فاطمہؓ کا مہر کتنا مقرر ہوا؟

جواب: چارسو اسّی (۴۸۰) درہم

سوال: نکاح کے بعد حضرت علیؓ نے کس سے مکان لے کر حضرت فاطمہؓ کے ساتھ قیام فرمایا؟

جواب: حارث بن نعمان

سوال: سیدہ فاطمۃ الزہراؓ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ۳ رمضان المبارک ۱۱ھ

سوال: آنحضرتؐ کے کتنے عرصہ بعد حضرت فاطمہؓ بھی انتقال فرماگئیں؟

جواب: چھ ماہ بعد

سوال: وفات کے وقت حضرت فاطمہؓ کی عمر کیا تھی؟

جواب: ۲۹، ۳۰ برس

سوال: سنہ کے اعتبار سے آنحضرتؐ کی پیاری بیٹی حضرت فاطمہؓ نے کب وفات پائی؟

جواب: دسمبر ۶۳۲ء

سوال: حضرت فاطمہؓ کے صاحبزادوں کی تعداد کیا تھی؟

جواب: دو (۲) بعض جگہ تین لکھا ہے

سوال: حضرت فاطمہؓ کے صاحبزادوں کے نام بتایئے؟

جواب: حضرت حسینؓ، حضرت حسنؓ (بعض جگہ حضرت محسنؓ کا نام بھی لکھا ہے)

سوال: سیدہ فاطمہؓ کی صاحبزادیوں کی تعداد بتایئے؟

Marfat.com

جواب : دو (۲) (کچھ روایات کے مطابق تین)

سوال : بتایئے سیدہ فاطمہؓ کی صاحبزادیوں کے اسم گرامی کیا تھے ؟

جواب : سیدہ ام کلثومؓ، سیدہ زینبؓ (بعض جگہ سیدہ رقیہؓ کا نام بھی آیا ہے)

سوال : حضرت امام حسینؓ کب پیدا ہوئے ؟ 8|90

جواب : ۵ شعبان ۴ھ میں (بعض جگہ ۳ شعبان بھی آیا ہے)

سوال : حضرت امام حسینؓ نے کب جام شہادت نوش فرمایا ؟

جواب : ۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ بمطابق ۶۲۶ء

سوال : حضرت امام حسینؓ کس مقام پر شہید ہوئے ؟

جواب : کربلا معلّٰی میں (کوفہ اور دجلہ کے درمیان)

سوال : حضرت امام حسنؓ کب پیدا ہوئے ؟

جواب : ۳ھ بمطابق ۶۲۵ء

سوال : سیدہ فاطمہؓ کی صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ کے پہلے شوہر کا نام بتایئے ؟

جواب : حضرت عمر فاروقؓ

سوال : حضرت عمر فاروقؓ کی وفات کے بعد آنحضرتؐ کی نواسی حضرت ام کلثومؓ کس کے نکاح میں آئیں ؟

جواب : حضرت عون بن جعفرؓ

سوال : حضرت عمرؓ سے آنحضرتؐ کی نواسی حضرت ام کلثومؓ کی کتنی اولاد تھی ؟

جواب : ایک صاحبزادہ حضرت زید بن عمرؓ اور ایک صاحبزادی سیدہ رقیہؓ

سوال : حضرت فاطمہؓ کی صاحبزادی حضرت زینبؓ کے پہلے شوہر کا نام بتایئے ؟

جواب : حضرت عبداللہ بن جعفرؓ

سوال : حضرت عون بن جعفرؓ کے بعد حضرت ام کلثومؓ کس کے نکاح میں آئیں ؟

جواب : حضرت محمد بن جعفرؓ

سوال : حضرت محمد بن جعفرؓ کے انتقال کے بعد حضرت ام کلثومؓ کا نکاح کس سے ہوا ؟

جواب : حضرت عبداللہ بن جعفرؓ

سوال : حضرت امام حسنؓ کی کتنی صاحبزادیاں تھیں ؟

Marfat.com

جواب: آٹھ لڑکیاں

سوال: حضرت امام حسنؓ کے صاحبزادوں کی تعداد بتایئے؟

جواب: پندرہ (۱۵)

سوال: حضرت امام حسینؓ کے صاحبزادوں کی تعداد بتایئے؟

جواب: چھ (۶)

سوال: حضرت امام حسینؓ کی کتنی صاحبزادیاں تھیں؟

جواب: تین (۳)

سوال: حضرت علیؓ سے قبل کس نے حضرت فاطمہؓ سے نکاح کی خواہش ظاہر کی تھی؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ نے

سوال: ترتیب کے اعتبار سے حضرت فاطمہؓ آنحضرتؐ کی کونسی اولاد تھیں؟

جواب: پانچویں

## ۶۔ حضرت عبداللہؓ

سوال: حضرت سید عبداللہؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ

سوال: بتایئے حضرت سید عبداللہؓ بعثت نبوت کے بعد پیدا ہوئے یا قبل؟

جواب: بعد

سوال: "طیب" اور "طاہر" آنحضرتؐ کے کس بیٹے کے القاب ہیں؟

جواب: حضرت عبداللہؓ

سوال: حضرت عبداللہؓ کے انتقال کے بعد کفار بہت خوش تھے کہ آنحضرتؐ کی نسل منقطع ہو گئی
بتایئے انہوں نے آنحضرتؐ کے لئے کونسا ناشائستہ "خطاب" استعمال کرنا شروع کر دیا؟

جواب: الابتر

سوال: اس ناشائستہ "خطاب" یعنی الابتر کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: دم کٹا، اصطلاحی معنی "بے اولاد"۔

سوال: حضرت عبداللہؓ کی وفات کے بعد جب کفار "الابتر" کا ناموزوں اور ناشائستہ "خطاب"

Marfat.com

استعمال کرنے لگے اور آپؐ کو بے اولاد ہونے کا طعنہ دینے لگے تو اللہ تعالیٰ نے کفار ہی کے بے اولاد (الابتر) رہنے کی طرف اشارہ کس سورۃ میں فرمایا؟

جواب: سورۃ کوثر

سوال: حضرت قاسمؓ کے بعد آنحضرتؐ کے کس صاحبزادے کا انتقال ہوا؟

جواب: حضرت سید عبداللہ رضؓ

سوال: حضرت عبداللہ رضؓ کس شہر میں پیدا ہوئے؟ اور کس شہر میں وفات پائی؟

جواب: (مکہ میں) (مکہ ہی میں وفات پائی)

## ۷۔ حضرت ابراہیم رضؓ

سوال: حضرت ابراہیمؓ کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت ماریہ قبطیہ رضؓ

سوال: آنحضرتؐ کی اس واحد اولاد کا نام بتایئے جو حضرت خدیجہؓ کے بطن سے نہ تھی؟

جواب: حضرت ابراہیمؓ

سوال: بتایئے آنحضرتؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ کب پیدا ہوئے؟

جواب: ذوالحجہ ۸ھ فروری، مارچ ۶۳۰ء

سوال: بتایئے آنحضرتؐ کے کس بیٹے کی وفات کے دن سورج گرہن تھا؟

جواب: حضرت ابراہیمؓ

سوال: آنحضرتؐ کی سب سے آخری اولاد کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت ابراہیمؓ

سوال: بتایئے حضرت ابراہیمؓ کس مقام پر پیدا ہوئے؟

جواب: عالیہ کے مقام پر

سوال: حضرت ابراہیمؓ کی دایہ کا نام بتایئے؟

جواب: آنحضرتؐ کی پھوپھی حضرت صفیہؓ کی لونڈی حضرت سلمیٰ رضؓ

سوال: آنحضرتؐ کو حضرت ابراہیمؓ کی ولادت کا مژدہ کس نے سنایا؟

جواب: ابو رافع قبطی رضؓ نے

Marfat.com

سوال: بتایئے آنحضرتؐ نے بیٹے کی ولادت کی نوید سن کر حضرت ابو رافعؓ (جنہوں نے خبر آپ تک پہنچائی تھی) کو کیا عطا فرمایا؟

جواب: ایک غلام

سوال: بتایئے آنحضرتؐ نے حضرت ابراہیمؑ کا عقیقہ ولادت کے کتنے دن بعد کیا؟

جواب: سات (۷) دن بعد (دو مینڈھے ذبح کئے)

سوال: بتایئے آنحضرتؐ نے عقیقہ کے روز حضرت ابراہیمؑ کے بالوں کے وزن کے برابر کیا چیز خیرات کی؟ نیز بتایئے کہ ان کے سر کے بال کس نے اتارے؟

جواب: چاندی۔ ابو ہند بیاضیؓ

سوال: حضرت ابراہیمؑ کی رضاعی والدہ کا نام بتایئے؟

جواب: اُم سیفؓ (بعض جگہ ام بردہ خولہ بنت زید بھی لکھا ہے)

سوال: حضرت ابراہیمؑ کے رضاعی والد کس پیشے سے منسلک تھے؟

جواب: لوہار تھے۔

سوال: حضرت ابراہیمؑ کا انتقال کس مقام پر ہوا؟

جواب: عوالی (مدینہ سے چند میل دور)

سوال: بتایئے جب آنحضرتؐ کو اپنے صاحبزادے حضرت ابراہیمؑ کی وفات کی خبر ہوئی تو آپؐ انہیں آخری بار دیکھنے کس صحابی کے ہمراہ اُم سیفؓ کے گھر پہنچے؟

جواب: حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ

سوال: حضرت ابراہیمؑ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: پیغمبر آخر حضرت محمدؐ نے

سوال: بتایئے حضرت ابراہیمؑ کو کن صحابی کی قبر کے متصل دفن کیا گیا؟

جواب: حضرت عثمان بن مظعونؓ

سوال: بتایئے حضرت ابراہیمؑ کو قبر میں کس نے اتارا؟

جواب: حضرت فضل بن عباسؓ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ

سوال: بتایئے حضرت ابراہیمؑ نے کتنے برس عمر پائی؟

جواب: تقریباً ڈیڑھ برس (بعض جگہ ۱۷، ۱۸ مہینے درج ہے)

Marfat.com

سوال : بتایئے حضرت ابراہیمؑ کا انتقال کب ہوا ؟

جواب : ربیع الاول ۱۰ھ

سوال : آنحضرتؐ نے اپنے کس بیٹے کے لئے فرمایا کہ ان کے لئے جنت میں دودھ پلانے والی تجویز ہوگی ؟

جواب : حضرت ابراہیمؑ

# متفرقات

سوال : بتایئے نبی اکرمؐ کو کل کتنی عورتوں نے دودھ پلایا ؟

جواب : آٹھ (۸)

سوال : بتایئے آنحضرتؐ کے کتنے رضاعی بہن بھائی تھے ؟

جواب : چار (۴)

سوال : اہلِ جنت کے نزدیک آنحضرتؐ کا اسمِ گرامی کیا ہے ؟

جواب : عبدالکریم۔

سوال : اہلِ دوزخ آنحضرتؐ کو کیا نام دیں گے ؟

جواب : عبدالجبار

سوال : بتایئے الہامی کتاب توراۃ میں آنحضرتؐ کا نام کیا بیان کیا گیا ہے ؟

جواب : معاذ معاذ

سوال : زبور میں آنحضرتؐ کا اسمِ گرامی کیا مذکور ہے ؟

جواب : فاروق۔

سوال : انجیل میں آنحضرتؐ کا نام کیا بیان ہوا ہے ؟

جواب : طاب طاب

سوال : بتایئے آنحضرتؐ اپنی شکل و صورت کے اعتبار سے کس پیغمبر کے مشابہ تھے ؟

جواب : حضرت ابراہیمؑ

سوال : بتایئے آنحضرتؐ ہمیشہ کس کروٹ لیٹتے تھے ؟

Marfat.com

جواب: دائیں کروٹ

سوال: آنحضرتؐ کا بستر کس چیز کا تھا؟

جواب: چمڑے کا جس میں کھجور کی چھال اور پتے بھرے ہوئے تھے۔

سوال: رنگوں میں آنحضرتؐ کا پسندیدہ رنگ کونسا تھا؟

جواب: زرد رنگ

سوال: آنحضرتؐ کی وفات کے وقت مدینہ میں کتنی مساجد تھیں؟

جواب: دس مسجدیں (۱۰)

سوال: بتائیے ہجرت نبویؐ سے قبل انصار کی امامت کون فرماتے تھے؟

جواب: حضرت مصعب بن عمیرؓ

سوال: مسجد نبویؐ کے پہلے مؤذن کا نام بتائیے؟

جواب: حضرت بلال حبشیؓ

سوال: بتائیے حضرت بلال بن رباحؓ کی غیر موجودگی میں مسجد نبوی کے مؤذن کے فرائض عموماً کونسے صحابی انجام دیتے تھے؟

جواب: حضرت عمرو بن ام مکتومؓ

سوال: بتائیے آنحضرتؐ نے "قصویٰ" نامی اونٹنی کب اور کس سے خریدی؟

جواب: ہجرت مدینہ کے وقت، حضرت ابوبکر صدیقؓ سے

سوال: آنحضرتؐ کے پاس کتنی تلواریں تھیں؟

جواب: نو (۹)

سوال: آنحضرتؐ کی اس تلوار کا نام بتائیے جو آپؐ کو اپنے والد سے ورثہ میں ملی تھی؟

جواب: ماثور

سوال: آنحضرتؐ کی مشہور تلوار "ذوالفقار" کس غزوے کا مالِ غنیمت تقسیم کرتے ہوئے آپؐ کے حصے میں آئی؟

جواب: غزوۂ بدر۔

سوال: آنحضرتؐ کی مشہور تلوار "ذوالفقار" کا دستہ (قبضہ) کس دھات کا بنا ہوا تھا؟

جواب: چاندی۔

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کی اس تلوار کا نام بتایئے جو سبا بلقیس نے حضرت سلیمانؑ کو تحفتاً بھیجی تھی؟

جواب: الرسوب۔

سوال: سب سے پہلی تلوار جو آنحضرتؐ کے قبضے میں آئی کونسی تھی؟

جواب: ماثور

سوال: آنحضرتؐ کی سواری کے جانوروں میں کتنے گھوڑے تھے جو وقتاً فوقتاً استعمال میں آتے رہے؟

جواب: سات (۷)

سوال: بتایئے "اللزاز" نامی گھوڑا آنحضرتؐ کو کس نے تحفتاً دیا؟

جواب: شاہ مقوقس والیٔ مصر نے

سوال: بتایئے آنحضرتؐ کے پاس کل کتنے خچر تھے؟

جواب: پانچ (بعض جگہ چھ بھی درج ہے)

سوال: "دُلدُل" آنحضرتؐ کی سواری کے کس جانور کا نام تھا؟

جواب: خچر

سوال: "عنیہ" آنحضرتؐ کے کس جانور کا نام تھا؟

جواب: بکری

سوال: آنحضرتؐ کی کس اونٹنی کا نام عضباء تھا؟

جواب: قصویٰ کا

سوال: آنحضرتؐ کے پاس کل کتنی زرہیں تھیں؟

جواب: سات (۷)

سوال: آنحضرتؐ کے پاس کل کتنی کمانیں تھیں؟

جواب: چھ (۶)

سوال: آنحضرتؐ کے زیرِ استعمال رہنے والی کسی تین کمانوں کے نام بتایئے؟

جواب: کتوم، البیضاء، زورا، روحانی صفرا، شداد

سوال: آنحضرتؐ کی اس کمان کا نام بتایئے جو غزوہ احد میں ٹوٹ گئی تھی اور آنحضرتؐ نے قتادہ کو دے دی تھی؟

جواب: کتوم۔

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کی تلواروں کے نام بتایئے جو اکثر آپؐ کے زیر استعمال رہیں؟

جواب: قضیب، ماثور، عضب، ذوالفقار، قلعی، تبار، حتف، مخذم۔

سوال: آنحضرتؐ کی اس زرہ کا نام بتایئے جو تیس صاع پر ایک یہودی کے ہاں سال بھر کے لئے آپؐ نے رہن رکھی تھی؟

جواب: ذات الفضول۔

سوال: آنحضرتؐ کی زرہوں کے نام بتایئے؟

جواب: ذات الفضول، ذات الوشاح، ذات الحواشی، فضة، سعدیہ، تبرا، خرنق

سوال: بتایئے آنحضرتؐ کے پاس کل کتنی ڈھالیں تھیں؟

جواب: صرف ایک

سوال: آنحضرتؐ کی واحد ڈھال کا نام بتایئے؟

جواب: زلوق

سوال: آنحضرتؐ کے پاس کل کتنی برچھیاں تھیں؟

جواب: پانچ (۵)

سوال: "سبوغ" اور "موشح" آنحضرتؐ کے کن آلاتِ حرب کے نام ہیں؟

جواب: مغفر (خود)

سوال: بوقت وفات آنحضرتؐ کے پاس کتنے جبّے تھے جو آنحضرتؐ مختلف جنگوں میں زیب تن فرمائے؟

جواب: تین (۳)

سوال: وہ کپڑے جن میں آنحضرتؐ نے انتقال فرمایا کس ام المومنین نے محفوظ کر لئے تھے؟

جواب: حضرت سیدہ عائشہ رضؓ

سوال: آنحضرتؐ کی انگوٹھی (مہر) آپؐ کی وفات کے بعد کس کو ملی؟

جواب: پہلے حضرت ابوبکرؓ پھر حضرت عمرؓ اور پھر حضرت عثمانؓ کو

سوال: آنحضرتؐ کی انگوٹھی (مہر) کس خلیفہ راشد سے ضائع ہو گئی اور کیسے؟

جواب: حضرت عثمانؓ سے۔ کنویں میں گر گئی۔

سوال: بتایئے کس خلیفہ کے حکم سے حضرت عائشہؓ کے حجرے کے علاوہ جو آنحضرتؐ کا مدفن تھا تمام امہات المومنین کے حجرے مسمار کر کے مسجد نبوی میں ملا دیئے گئے تھے؟

Marfat.com

جواب: ۸۸ھ میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے حکم سے۔

سوال: آنحضرتؐ کی اس انا کا نام بتایئے جو غزوہ خیبر میں شریک تھی؟

جواب: حضرت امّ ایمنؓ

سوال: آنحضرتؐ کے وضو اور مسواک کا اہتمام کس خادم خاص کے ذمہ تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

سوال: آنحضرتؐ کے خادمِ خاص حضرت بلالؓ کے ذمے کیا ذمہ داری تھی؟

جواب: خانگی انتظامات (سودا سلف لانا، خازن، مہمانوں کے کھانے کا انتظام)

سوال: بتایئے آنحضرتؐ کے خدامِ خاص کی تعداد کیا تھی؟

جواب: نو (۹) (بعض جگہ گیارہ کا نام آیا ہے)

سوال: حضرت انسؓ کتنے برس تک آنحضرتؐ کی خدمت میں رہے؟

جواب: دس برس

سوال: آنحضرتؐ کے خادمِ خاص حضرت عقبہ بن عامرؓ کی ذمہ داری کیا تھی؟

جواب: سفر میں حضورؐ کا خچر ہانکنا

سوال: حضرت اسلح بن شریکؓ (جو آپؐ کے خدام خاص میں سے تھے) کے ذمہ کیا کام تھا؟

جواب: سفر میں آنحضرتؐ کا اونٹ ہانکتے تھے۔

سوال: آنحضرتؐ کے خادمِ خاص حضرت ابوذر غفاریؓ کا اصل نام بتایئے؟

جواب: جندب بن عامرؓ

سوال: آنحضرتؐ کی انگوٹھی (مہر) کی حفاظت کی ذمہ داری کس خادمِ خاص کے سپرد تھی؟

جواب: حضرت معیقتؓ

سوال: کیا یہ درست ہے کہ آنحضرتؐ بلند قامت تھے؟

جواب: جی نہیں میانہ قامت تھے۔

سوال: بتایئے آنحضرتؐ کی آنکھوں کا رنگ کیا تھا؟

جواب: سیاہ و سُرمگیں

سوال: روایت ہے کہ آنحضرتؐ کے شانوں کے بیچ میں کبوتر کے انڈے کے برابر نشان تھا جو بظاہر سرخ ابھرا ہوا گوشت تھا بتایئے اس نشان کو عام طور پر کیا کہا جاتا ہے؟

Marfat.com

جواب : مہر نبوت ۔

سوال : بتایئے آنحضرتؐ عموماً لباس میں کیا استعمال فرماتے ؟

جواب : چادر قمیض اور تہمد

سوال : آنحضرتؐ عموماً کس رنگ کا عمامہ استعمال کرتے تھے ؟

جواب : سیاہ رنگ کا

سوال : کیا یہ درست ہے کہ آنحضرتؐ عمامہ ہمیشہ ٹوپی پر باندھتے تھے ؟

جواب : جی ہاں

سوال : آنحضرتؐ لباس میں کونسی چادریں زیادہ پسند فرماتے ؟

جواب : یمن کی دھاری دار چادریں (حبرہ)

سوال : آنحضرتؐ عموماً کس رنگ کا کمبل استعمال فرماتے تھے ؟

جواب : سیاہ

سوال : آنحضرتؐ کس رنگ کا لباس بہت پسند کرتے تھے ؟

جواب : سفید

سوال : آنحضرتؐ انگوٹھی صرف مہر لگانے وقت پہنتے تھے بتایئے کس ہاتھ کی انگلی میں انگوٹھی پہنتے ؟

جواب : داہنے ہاتھ کی ۔

سوال : آنحضرتؐ کو کونسی ترکاری بہت پسند تھی ؟

جواب : کدو

سوال : آنحضرتؐ نے اپنی حیات میں کن جانوروں کا گوشت نوش فرمایا ؟

جواب : دُنبہ، اونٹ، بکری، بھیڑ، خرگوش، مچھلی

سوال : آنحضرتؐ کن پرندوں کا گوشت پسند فرماتے تھے ؟

جواب : مرغ اور بٹیر

سوال : آنحضرتؐ کا مرغوب ترین مشروب کیا تھا ؟

جواب : ٹھنڈا پانی اس کے علاوہ دودھ اور شہد بھی ۔

سوال : رنگوں میں آنحضرتؐ کو کونسا رنگ سب سے زیادہ پسند تھا ؟

جواب : زرد اور سفید

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ کو کونسا رنگ اور کس رنگ کا لباس بالکل ناپسند تھا؟

جواب: سرخ

سوال: آنحضرتؐ کونسی خوشبو استعمال فرماتے تھے؟

جواب: سکہ نامی خوشبو۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ آنحضرتؐ کو حنا کی بو ناگوار تھی؟

جواب: جی ہاں

سوال: آنحضرتؐ کو کس جانور کی سواری سب سے زیادہ مرغوب تھی؟

جواب: گھوڑے کی۔

سوال: آنحضرتؐ کی سواری کے خاص گھوڑے کا نام بتایئے؟

جواب: لحیف

سوال: آنحضرتؐ کے کس گھوڑے نے ایک بار گھوڑ دوڑ جیتی تھی جس پر آنحضرتؐ بہت خوش ہوئے

جواب: سنجبہ

سوال: بتایئے آنحضرتؐ کی کونسی اونٹنی اونٹوں کی دوڑیں اکثر بازی لے جایا کرتی تھی؟

جواب: قصویٰ

سوال: آنحضرتؐ سفر پر روانہ ہوتے وقت ازواجِ مطہراتؓ میں سے رفاقت کے لئے کسی ایک یا دو ازواج کا انتخاب کس طرح فرماتے؟

جواب: قرعہ ڈالتے۔

سوال: آنحضرتؐ کس دن سفر کرنا پسند فرماتے تھے؟

جواب: جمعرات کے دن۔

سوال: آپؐ عموماً کس وقت سفر پر روانہ ہوتے تھے؟

جواب: صبح سورج نکلنے سے قبل

سوال: جب آپؐ میدانِ جنگ میں قیادت فرما رہے ہوتے تو کس وقت کو حملہ کرنے کیلئے زیادہ موزوں سمجھتے تھے؟

جواب: صبح یا پھر دوپہر کے بعد

سوال: آنحضرتؐ روزمرّہ کاموں میں عموماً کونسا ہاتھ زیادہ استعمال کرتے تھے؟

Marfat.com

جواب: دایاں ہاتھ

سوال: "شاعرِ رسول" کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت حسان بن ثابتؓ

سوال: مشہور شاعر حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کب شہید ہوئے؟

جواب: جنگ موتہ میں

سوال: دربار نبویؐ کے تین مشہور شاعر کون تھے؟

جواب: حضرت حسانؓ، حضرت عبداللہ بن رواحہؓ، حضرت کعب بن مالکؓ۔

سوال: دربار نبویؐ کے وہ کونسے مشہور شاعر تھے جن کی چار پشتوں نے اور خود انہوں نے ایک سو بیس سال (۱۲۰) عمر پائی؟

جواب: حضرت حسان بن ثابتؓ

سوال: زکوٰۃ کی فرضیت کے بعد آنحضرتؐ نے مدینہ سے زکوٰۃ، صدقات اور جزیہ اکٹھا کرنے کی ذمہ داری کس کے سپرد فرمائی؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ

سوال: قبیلہ طے اور بنو اسد سے زکوٰۃ اور دوسرے محاصل کی وصولی کے لیے کسے مقرر فرمایا گیا؟

جواب: حضرت عدی بن حاتم طائیؓ

سوال: وسعتِ سلطنت کے پیشِ نظر اسلامی ریاست میں انتظامی امور کی مکمل بجا آوری کیلئے آنحضرتؐ نے مختلف حکام اور ولاۃ مقرر فرمائے تھے بتایئے آنحضرتؐ نے یمن کا والی کس کو مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت باذان بن ساسانؓ

سوال: آنحضرتؐ نے شہر بن باذانؓ کو کس علاقے کا والی مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت باذان بن ساسانؓ کے بعد صنعاء (یمن) کا

سوال: آنحضرتؐ نے زیاد بن لبید الانصاریؓ کو کس علاقے کا والی مقرر فرمایا تھا؟

جواب: حضر الموت کا

سوال: آنحضرتؐ نے "والیٔ جند" کسے مقرر فرمایا؟

جواب: معاذ بن جبلؓ کو۔

Marfat.com

سوال: آنحضرتؐ نے والیٔ مکہ کسے مقرر فرمایا؟

جواب: عتاب بن اسیہ کو

سوال: بتایئے آنحضرتؐ نے حضرت علی مرتضٰیؓ کو کس علاقے کا والی مقرر فرمایا؟

جواب: اخماسِ یمن کا۔

سوال: آنحضرتؐ نے والیٔ عمان کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت عمرو بن عاصؓ

سوال: آنحضرتؐ نے بحرین کا متولی کسے مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت علاء بن حضرمیؓ

سوال: آنحضرتؐ نے مجرمین کی گردن اڑانے کی ذمہ داری کن صحابہ کرام کے سپرد کر رکھی تھی؟

جواب: ضحاک بن سفیانؓ، عاصم بن ثابتؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت علیؓ، مقداد بن اسودؓ اور محمد بن مسلمہؓ

سوال: عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ دس صحابہ جنہیں زندگی میں آنحضرتؐ نے جنت کی بشارت دی تھی۔

سوال: عشرہ مبشرہ میں شامل صحابہ کرام کے نام بتایئے؟

جواب: ۱۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ ۲۔ حضرت عمرؓ ۳۔ حضرت عثمانؓ ۴۔ حضرت علیؓ ۵۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ ۶۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ ۷۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ ۸۔ حضرت زبیر بن العوامؓ ۹۔ حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ ۱۰۔ حضرت سعید بن زیدؓ

سوال: عشرہ مبشرہ میں سے کتنے صحابہ کرام کو خلیفۂ راشد ہونے کا شرف بھی حاصل ہوا؟

جواب: چار (حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ)

سوال: ۹ میل لمبی نہر امیر المومنین کس صحابی نے تعمیر کروائی جو عشرہ مبشرہ میں سے تھے؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ

سوال: "ذوالفقار" کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت علیؓ

سوال: حضرت علیؓ کو ذوالفقار کے لقب سے کب ملقب کیا گیا؟

جواب: غزوۂ احد کے بعد

سوال: حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کا اصل نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: عامر

سوال: عشرہ مبشرہ میں شامل حضرت زبیر بن عوامؓ کا آنحضرتؐ سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: پھوپھی زاد بھائی تھے (حضرت صفیہؓ کے بیٹے)

سوال: حضرت سعید بن زیدؓ جو عشرہ مبشرہ میں تھے بتایئے کس خلیفۂ راشد کے بہنوئی تھے؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ

سوال: بتایئے عشرہ مبشرہ میں سب سے آخر میں کس کا انتقال ہوا؟

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کا۔

سوال: حضرت سعید بن زیدؓ کی کنیت بتایئے؟

جواب: ابوالاعور

سوال: کس خلیفۂ راشد نے زمین ہجرتیں کیں؟

جواب: حضرت عثمان غنیؓ

سوال: "حیف الاسلام" کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ

سوال: آنحضرتؐ کے پسندیدہ پھلوں کے نام بتایئے؟

جواب: تربوز، کھجور اور انگور

سوال: آنحضرتؐ کس تیل کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ اسے مختلف طریقے سے طعام میں استعمال کیا کرو؟

جواب: روغنِ زیتون

سوال آنحضرتؐ عموماً کس روز نیا کپڑا پہنتے تھے؟

جواب: جمعۃ المبارک۔

سوال: آنحضرتؐ عمامہ کے نیچے عموماً کس رنگ کی ٹوپی پہنتے تھے؟

جواب: سفید

سوال: "مؤذنِ رسول حضرت بلالؓ نے کس جگہ وفات پائی؟

جواب: دمشق میں

سوال: "اُمت وسطیٰ" کا لفظ قرآن مجید میں کس اُمت کے لئے استعمال ہوا ہے؟

Marfat.com

جواب: آنحضرتؐ کی اُمت کے لئے

سوال: جب آنحضرتؐ نے مسلمانوں کو مدینہ ہجرت کرنے کا حکم دیا تو سب سے پہلے کس نے ہجرت کی؟

جواب: حضرت ابو سلمہؓ، حضرت عبداللہ بن اشہلؓ

سوال: خانہ کعبہ کی اونچائی کیا ہے؟

جواب: چون فٹ اور نو انچ (۵۴ فٹ ۹ انچ)

سوال: اسلامی سال کا پہلا دن کیا کہلاتا ہے؟

جواب: غرّہ

سوال: آنحضرتؐ نے سب سے پہلے کس صحابی کی نماز جنازہ پڑھائی؟

جواب: حضرت اسعد بن زرارہؓ

سوال: اسلام کے لئے پہلا تیر کس نے چلایا؟

جواب: حضرت زبیر بن العوامؓ (بعض جگہ سعد بن ابی وقاصؓ)

سوال: حضرت خالد بن ولیدؓ کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ابو سلیمانؓ

سوال: حضرت سلمان فارسیؓ کا اصل نام بتایئے؟

جواب: سابہ بن بوذخشاں

سوال: "صاحب السّر" (بھیدی) کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت حذیفہؓ

سوال: سب سے زیادہ احادیث کس صحابی سے مروی ہیں؟

جواب: حضرت ابو ہریرہؓ (۵۳۷۴)

سوال: ان جلیل القدر صحابی کا نام بتایئے جنہیں غزوہ احد میں شہادت کے بعد فرشتوں نے غسل دیا؟

جواب: حضرت حنظلہؓ

سوال: "بحر الامۃ" اور "حبر الامۃ" کس کے القاب ہیں؟

جواب: حضرت عکرمہؓ

Marfat.com

# نسب نامہ

## پیغمبر اعظم و آخر صلی اللہ علیہ وسلم

---

حضرت آدمؑ (عمر ۹۳۰ سال)

قابیل | ہابیل | حضرت شیثؑ (عمر ۹۱۲ سال)

انوش (عمر ۹۰۵ سال)

قینان (عمر ۹۱۰ سال)

محلل ایل (عمر ۸۹۵ سال)

یارد (عمر ۹۶۲ سال)

حنوک (عمر ۳۶۵ سال)

(حضرت ادریسؑ)

متوسلح (عمر ۹۶۹ سال)

لمک (۷۷۷ سال)

حضرت نوحؑ (عمر ۹۵۰ سال)

سام

ارفکسد (عمر ۴۹۵ سال)

سلح (۴۳۳ سال)

عبیر (عمر ۴۶۴ سال)
(حضرت ہودؑ)

Marfat.com

فالغ (عمر ٢٣٩ سال)

رعو (عمر ٢٣٩ سال)

سروج (عمر ٢٣٠ سال)

نحور (عمر ١٤٨ سال)

تارح (جبکہ بعض جگہ "تارخ" بھی لکھا ہے
"آذر" ان کا لقب تھا)

حضرت ابراہیمؑ (عمر ٧٥ سال) (زمانہ ٢١٦٠ ق م تا ١٩٨٥ ق م)

حضرت اسماعیلؑ (عمر ١٣٧ سال) (زمانہ ٢٠٧٤ ق م تا ١٩٣٧ ق م)

قیدار

عرام

عوض ("ثمر" اور "صفی" لقب تھا)

مزی (انہیں "ہرمز" بھی کہتے ہیں)

سمی (نام "سما" اور لقب "المحشر")

زارح ("قمیر" لقب تھا)

ناحث

مقصر (مقصی اور منا صری بھی کہتے ہیں حسین اور
نزالی ان کا لقب تھا)

ایہام ("دس الفتق" اور "اجمل الخلق" لقب تھا)

اقناد ("ابا بمہ" لقب تھا)

عیصر (عاصر اور ریندان ذوالاندبہ بھی کہتے ہیں)

ذیشان ("الزاعیہ" لقب تھا)

Marfat.com

عیفنی (عافر لقب تھا)

ارعوے "ذارعوبی" نام اور "ذومدرع" لقب تھا)

بلحن ("یلحس" بھی کہتے ہیں "عنود" لقب تھا)

یحزان ("تسور" لقب تھا)

یشرابی ("یرثم" اور "ملمع" لقب تھا)

سنبر ("لبثمین" اور "مطعم فی اللحل" بھی کہتے ہیں)

حمدان ("اسمعیل ذوالاعوج" بھی کہتے ہیں)

الدعا ("قیران الطعان" بھی کہتے ہیں)

عبید ("اسمعیل ذوالمطانح" بھی کہتے ہیں)

عبقر (ابراہیم جامع الشمل بھی کہتے ہیں)

عیفنی ("عافی" اور عبقر البوالحسن بھی کہتے ہیں)

ماحی ("انطریب خاتم النار" بھی کہتے ہیں)

ناحض ("ملنۃ" لقب تھا)

جاخم ("جاحم" بھی کہتے ہیں "علتۃ" لقب تھا)

طابخ (طاہب بھی کہتے ہیں "عیقان" لقب تھا)

یدلاف ("رائمہ" لقب تھا)

یلداس ("محستمل" بھی کہتے ہیں)

حزا

ناشد ("محلم ذوالعین" لقب تھا)

عوام ("قموال" اور "بریخ الذاحب" بھی کہتے ہیں)

اُبی ("سعد رحیب" بھی کہتے ہیں)

قموال ("یوزا" اور "عشر العقار" بھی کہتے ہیں)

بوز ("یوزا" اور "ثعلبہ" بھی کہتے ہیں)

Marfat.com

عوض ("منجر" اور "بنبت" بھی کہتے ہیں)

سلامان ("ہمیدع" اور "شاحب" بھی کہتے ہیں)

ہمیسع

ادد

عدنان

معد

نزار

مضر

الیاس

مدرکہ — عیلان

(ام المومنین حضرت میمونہ رض اور حضرت حلیمہ سعدیہ رض کا نسب "عیلان" سے ملتا ہے)

خزیمہ

کنانہ — اسد

(ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رض "اسد" کی نسل سے ہیں)

نضر (اصل نام "قیس" تھا)

مالک

فہر الملقب بہ قریش (زمانہ تقریباً ۳۲۵ء اور قبیلہ قریش ان کے نام سے منسوب ہے)

Marfat.com

**حارث**
(حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ اور حضرت عقبہ بن نافعؓ اسی خاندان سے تھے)

**غالب**
(زمانہ تقریباً ۳۵۰ء)

**محارب**
(ان کی نسل بنو محارب کہلائی مشہور صحابی کیرز بن جابرؓ ان کے خاندان سے تھے)

**تیم الادرم**
(عبداللہ بن حنظل ان کے خاندان سے تھے)

**لوئی**
(زمانہ تقریباً ۳۷۵ء)

**عامر**
(ام المومنین حضرت ام سلمہؓ اسی خاندان سے تھیں)

**کعب**
(زمانہ تقریباً ۴۰۰ء)

**عدی**
(حضرت عمر فاروقؓ، حضرت زید بن عمرو نفیل، حضرت سعید بن زیدؓ اسی خاندان سے تھے)

**مرّہ**
(زمانہ تقریباً ۴۲۵ء)

**تیم**
(حضرت ابوبکرؓ، حضرت طلحہؓ حضرت عبداللہ بن جدعانؓ اور حضرت عائشہؓ اسی خاندان سے تھیں)

**کلاب**
(زمانہ تقریباً ۴۲۰ء)

**قصی**
(المتوفی ۴۸۰ء)

**زہرہ**
(آنحضرت کی والدہ حضرت آمنہ اور

حضرت سعید بن ابی وقاصؓ اسی خاندان سے تھے)

عبدالعزیٰ — عبد مناف

(حضرت خدیجہؓ، حضرت عثمان بن طلحہؓ اسی خاندان سے تھے)

(زمانہ ۵۰۰ء)

عبدالشمس — ہاشم — نوفل — مطلب

(حضرت عثمانؓ، حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت ابوسفیانؓ اور ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ اسی خاندان سے تھیں)

(زمانہ قریباً ۵۲۵ء)

شیبہ "عبدالمطلب" ان کا لقب تھا) — اسد

("اسد کی بیٹی فاطمہ حضرت علیؓ کی والدہ تھیں)

جحل — قثم — عبدالعزیٰ (ابولہب) — عبدالمناف (ابوطالب) — عباس — عبداللہ (۵۴۵ تا ۵۷۰ء) — حمزہ — زبیر — مقوم — ضرار

## پیغمبر اعظم و آخر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

(آنحضرتؐ کا مندرجہ بالا شجرہ مبارک توراۃ، صحیح بخاری، صحیح مسلم، تاریخ طبری، طبقات ابن سعد، ارض القرآن، رحمۃ للعالمینؐ اور انبیائے قرآن کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے۔ "عدنان" تک آنحضرتؐ کا سلسلۂ نسب مستند ہے جبکہ اس سے آگے مورخین کے ہاں کچھ اختلافات پائے جاتے ہیں)

# آنحضرتؐ کا تاریخ ساز

# خطبہ حجۃ الوداع

حج کے دن حضورؐ عرفہ تشریف لائے اور آپؐ نے وہاں قیام فرمایا۔ جب سورج ڈھلنے لگا تو آپؐ نے قصوی (اپنی اونٹنی) لانے کا حکم دیا۔ اونٹنی تیار کر کے حاضر کی گئی تو آپؐ (اس پر سوار ہو کر بطن وادی میں تشریف فرما ہوئے اور اپنا وہ خطبہ ارشاد فرمایا جس میں دین کے اہم امور بیان فرمائے آپؐ نے خدا کی حمد و ثنا کرتے ہوئے خطبے کی یوں ابتدا فرمائی۔

خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ یکتا ہے۔ کوئی اس کا ہمسر نہیں۔ خدا نے اپنا وعدہ پورا کیا، اس نے اپنے بندے (رسولؐ) کی مدد فرمائی اور تنہا اس کی ذات نے باطل کی ساری مجتمع قوتوں کو زیر کیا۔

لوگو! میری بات سنو، میں نہیں سمجھتا کہ آئندہ کبھی ہم اس طرح کسی مجلس میں یکجا ہو سکیں گے (اور غالباً اس سال کے بعد میں حج نہ کر سکوں گا)۔ لوگو! اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ "انسانو! ہم نے تم سب کو ایک ہی مرد و عورت سے پیدا کیا ہے اور تمہیں جماعتوں اور قبیلوں میں بانٹ دیا کہ تم الگ الگ پہچانے جا سکو۔ تم میں زیادہ عزت و کرامت والا خدا کی نظروں میں وہی ہے جو خدا سے زیادہ ڈرنے والا ہے"۔ چنانچہ اس آیت کی روشنی میں نہ کسی عربی کو عجمی پر فوقیت حاصل ہے نہ کسی عجمی کو کسی عربی پر، نہ کالا گورے سے افضل ہے نہ گورا کالے سے۔ ہاں بزرگی اور فضیلت کا کوئی معیار ہے تو وہ تقویٰ ہے۔

انسان سارے ہی آدم کی اولاد ہیں اور آدم کی حقیقت اس کے سوا کیا ہے کہ وہ مٹی سے بنائے گئے۔ اب فضیلت و برتری کے سارے دعوے خون و مال کے سارے مطالبے اور سارے انتقام میرے پاؤں تلے روندے جا چکے ہیں بس بیت اللہ کی تولیت اور حاجیوں کو پانی پلانے کی خدمت

Marfat.com

علیٰ حالہ باقی رہیں گی۔

پھر آپ نے ارشاد فرمایا۔

قریش کے لوگو! ایسا نہ ہو کہ اللہ کے حضور تم اس طرح آؤ کہ تمہاری گردنوں پر تو دنیا کا بوجھ لدا ہو اور دوسرے لوگ سامانِ آخرت لیکر پہنچیں اور اگر ایسا ہوا تو میں خدا کے سامنے تمہارے کچھ کام نہ آسکوں گا۔ قریش کے لوگو! خدا نے تمہاری جھوٹی نخوت کو ختم کر ڈالا اور باپ دادا کے کارناموں پر تمہارے فخر ومباہات کی کوئی گنجائش نہیں۔ لوگو! تمہارے خون ومال اور عزتیں ایک دوسرے پر قطعاً حرام کردی گئی ہیں ہمیشہ کے لئے ان چیزوں کی اہمیت ایسی ہے جیسی اس دن کی اور اس ماہ مبارک (ذی الحجہ) کی خاص کر اس شہر میں ہے۔ تم سب خدا کے آگے جاؤ گے اور وہ تم سے تمہارے اعمال کی بازپرس فرمائے گا۔

دیکھو کہیں میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ آپس میں ہی کشت وخون کرنے لگو۔

اگر کسی کے پاس امانت رکھوائی جائے تو وہ اس بات کا پابند ہے کہ امانت رکھوانے والے کو امانت پہنچا دے۔

لوگو! ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سارے مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اپنے غلاموں کا خیال رکھو، ہاں غلاموں کا خیال رکھو۔ انہیں وہی کھلاؤ جو خود کھاتے ہو۔ ایسا ہی پہناؤ جو خود پہنتے ہو۔

دورِ جاہلیت کا سب کچھ میں نے اپنے پیروں سے روند دیا۔ زمانۂ جاہلیت کے خون کے سارے انتقام اب کالعدم ہیں۔ پہلا انتقام جسے میں کالعدم قرار دیتا ہوں۔ میرے اپنے خاندان کا ہے۔ ربیعہ بن حارث کے دودھ پیتے بیٹے کا خون جسے بنو ہذیل نے مار ڈالا تھا۔ اب میں معاف کرتا ہوں۔ دورِ جاہلیت کا سود حیثیت نہیں رکھتا۔ پہلا سود جسے میں چھوڑتا ہوں عباس بن عبدالمطلب کے خاندان کا سود ہے۔ اب یہ ختم ہو گیا۔

لوگو! خدا نے ہر حقدار کو اس کا حق خود دیدیا۔ اب کوئی کسی وارث کے حق کے لئے وصیت

نہ کرے۔ بچہ اس کی طرف منسوب کیا جائے گا جس کے بستر پر وہ پیدا ہوا۔ جس پر حرام کاری ثابت ہو، اسکی سزا پتھر ہے۔ حساب وکتاب خدا کے ہاں ہوگا۔

جو کوئی اپنا نسب بدلے گا یا کوئی غلام اپنے آقا کے مقابل میں کسی اور کو اپنا آقا ظاہر کرے گا، اس پر خدا کی لعنت۔

قرض قابل ادائی ہے۔ عاریتاً لی ہوئی چیز واپس کرنی چاہیئے۔ تحفے کا بدلہ دینا چاہیئے اور جو کوئی ضامن ہے وہ تاوان ادا کرے۔

کسی کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی سے کچھ لے، سوائے اس کے جس پر اس کا بھائی راضی ہو اور خوشی سے دیدے۔ خود پر اور ایک دوسرے پر زیادتی نہ کرو۔

عورت کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے شوہر کا مال اس کی اجازت کے بغیر کسی کو دے۔

دیکھو تمہارے اوپر تمہاری عورتوں کے کچھ حقوق ہیں اسی طرح ان پر تمہارے حقوق واجب ہیں عورتوں پر تمہارا یہ حق ہے کہ وہ اپنے پاس کسی ایسے شخص کو نہ بلائیں جسے تم پسند نہیں کرتے اور وہ کوئی خیانت نہ کریں۔ کوئی کام کھلی بے حیائی کا نہ کریں اور اگر وہ ایسا کریں تو خدا کی جانب سے اجازت ہے کہ تم انہیں معمولی جسمانی سزا دو اور وہ باز آجائیں تو انہیں اچھی طرح کھلاؤ پہناؤ۔

عورتوں سے بہتر سلوک کرو کیونکہ وہ تو تمہاری پابند ہیں اور خود اپنے لئے وہ کچھ نہیں کر سکتیں چنانچہ ان کے بارے میں خدا کا لحاظ رکھو کہ تم نے انہیں خدا کے نام پر حاصل کیا اور اسی کے نام پر وہ تمہارے لئے حلال ہوئیں۔ لوگو! میری بات سمجھ لو، میں نے حق تبلیغ ادا کر دیا۔

میں تمہارے درمیان ایک ایسی چیز چھوڑے جا رہا ہوں کہ تم کبھی گمراہ نہ ہو سکو گے اگر اس پر قائم رہے، اور وہ خدا کی کتاب ہے اور ہاں دیکھو۔ دینی معاملات میں غلو سے بچنا کہ تم سے پہلے لوگ انہی باتوں کے سبب ہلاک کر دیئے گئے۔

شیطان کو اب اس بات کی کوئی توقع نہیں رہ گئی ہے کہ اب اس کی اس شہر میں عبادت کی جائے گی لیکن اس بات کا امکان ہے کہ ایسے معاملات میں جنہیں تم کم اہمیت دیتے ہو اس کی بات

Marfat.com

مان لی جائے اور وہ اس پر راضی ہے۔ اس لئے تم اس سے اپنے دین و ایمان کی حفاظت کرنا۔
لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو۔ پانچ وقت کی نماز ادا کرو۔ مہینے بھر کے روزے رکھو۔ اپنے مالوں کی زکوٰۃ خوش دلی کے ساتھ دیتے رہو۔ اپنے خدا کے گھر کا حج کرو اور اپنے اہلِ امر کی اطاعت کرو تو اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

اب مجرم خود ہی اپنے جرم کا ذمہ دار ہوگا اور اب نہ باپ کے بدلے بیٹا پکڑا جائیگا۔ نہ بیٹے کا بدلہ باپ سے لیا جائے گا۔

سنو! جو لوگ یہاں موجود ہیں انہیں چاہیئے کہ یہ احکام اور یہ باتیں ان لوگوں کو بتا دیں جو یہاں نہیں ہیں ہو سکتا ہے کہ کوئی غیر موجود تم سے زیادہ سمجھنے اور محفوظ رکھنے والا ہو۔ اور لوگو! تم سے میرے بارے میں (خدا کے ہاں) سوال کیا جائے گا بتاؤ تم کیا جواب دو گے؟

لوگوں نے جواب دیا کہ ہم اس بات کی شہادت دیں گے کہ آپؐ نے امانت (دین) پہنچا دی اور آپ نے حقِ رسالت ادا فرما دیا اور ہماری خیر خواہی فرمائی۔ یہ سن کر آنحضرتؐ نے اپنی انگشتِ شہادت آسمان کی جانب اٹھائی اور لوگوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے تین مرتبہ ارشاد فرمایا "خدایا گواہ رہنا! خدایا گواہ رہنا! خدایا گواہ رہنا"۔

# ماٰخذ


۱۔ قرآن مجید
۲۔ صحیح بخاری — امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ
۳۔ صحیح مسلم — امام مسلم بخاری حجاجؒ
۴۔ جامع ترمذی — امام محمد بن عیسٰی ترمذیؒ
۵۔ سنن ابی داؤد — امام ابو داؤد السجستانیؒ
۶۔ مشکوٰۃ المصابیح — الخطیب
۷۔ الموطا — امام مالکؒ
۸۔ تاریخ طبری — ابن جریر الطبری
۹۔ تاریخ ابن خلدون — ابن خلدون
۱۰۔ تاریخ ابن الاثیر — ابن الاثیر
۱۱۔ تاریخ ابن کثیر — ابن کثیر
۱۲۔ طبقات ابن سعد — ابن سعد
۱۳۔ المرشد الامین — امام غزالیؒ


Marfat.com

۱۴. پیغمبر اعظم و آخرؐ — ڈاکٹر نصیر احمد ناصر

۱۵. سیرت النبیؐ — مولانا شبلی نعمانی

۱۶. سیرت النبیؐ — مولانا سید سلیمان ندویؒ

۱۷. معراج النبیؐ — علامہ سید احمد سعید کاظمی

۱۸. سیرت سرورِ عالمؐ — مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودیؒ

۱۹. رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی — ڈاکٹر حمید اللہ خان

۲۰. تاریخ اسلام — ڈاکٹر حمید اللہ

۲۱. سیرت النبیؐ — سیماب اکبر آبادی

۲۲. دعوت اسلام (اردو ترجمہ) — پروفیسر ٹی ڈبلیو آرنلڈ

۲۳. سیرۃ المصطفیٰؐ — مولانا محمد ادریس کاند

۲۴. حدیثِ دفاع — میجر جنرل اکبر خان

۲۵. محسنِ انسانیتؐ — فضل الرحمن نعیم

۲۶. رحمت العالمینؐ — قاضی سلمان منصو

۲۷. رسالت مآبؐ — رئیس احمد جعفری

۲۸. تذکار محمد رسول اللہؐ — حکیم محمد سعید

۲۹. حیاتِ رسولؐ — ڈاکٹر عارف بٹا

۳۰. سیرت فخر دو عالمؐ — عطاء اللہ خان

۳۱. انبیائے قرآن — محمد جمیل احمد

## رسائل و جرائد

۱. "راوی" (پندرھویں صدی ہجری نمبر) — مجلہ گورنمنٹ کالج لاہور

۲. ترجمان القرآن — منصب رسالتؐ نمبر

۳. سیارہ ڈائجسٹ — رسولؐ نمبر

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com